ہندستانی مسلمان کے درمیان ذات پات کا نظام، حالانکہ اسلامی تعلیمات اس کی اجازت نہیں دیتی ہیں۔ یہ تاریخی اور تہذیبی حقائق میں گہری طرح سے جڑی ہوئی ہے۔ ہندستانی آبادی کے ایک بڑے علاقے کے مذہب کا تبدیل کرکے اسلام قبول کرنا، جوذات پات کی بنیاد پر معاشرہ کا نظام کے اندر واقع ہوا تھا۔ نتیجتاً پہلے سے موجودہ معاشرتی تفریق وطبقاتی تقسیم اسلامی معاشرتی نظام میں ضم ہوگئی، جوایک پیچیدہ طبقاتی تقسیم کو پیدا کی تھی۔ وہ آج بھی برقرار ہے، اس پیچیدہ طبقاتی تقسیم کے دور میں، سب سے نچلے طبقے میں ارذال آئے ہیں جن کی طبقاتی تقسیم صرف معنوی نہیں ہے بلکہ یہ معاشی اورتہذیبی تفاوت کی گہری حقیقت کوظاہر کرتی ہے۔ مثال کے طور پر، ارذال اکثر مسجدوں سے باہر کئے جاتے ہیں، قبرستان کی رسائی سے انہیں دور رکھے جاتے ہیں اور معاشرے کے مقبول مقام سے علیحدہ کردیئے جاتے ہیں، جوکہ عالمی اسلامی بھائی چارہ اور برادری کے اصول کے بالکل خلاف ہے۔ یہ مسلم قوم کے درمیان ذات پات کی طبقاتی تقسیم معاشی و معاشرتی ترقی پر بہت گہرا اثر ڈالتے ہیں۔ دلت مسلم جوذرائع، تعلیم اور مواقع کی رسائی تک نہیں پہنچ پاتے ہیں وہ اکثر غریبی اور پسماندگی کے دائمی راہ میں پھنس جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر بہت سارے نچلی ذات کے مسلمان مسلسل ان کے حقوق سے انہیں محروم کئے جاتے ہیں یا تو وہ کم پیسے والی نوکری کرتے ہیں جس کی وجہ سے ان کی معاشی اور معاشرتی تنزلی اورزیادہ بڑھ جاتی ہے۔ ان کی معاشی عدم تحفظ اس وقت زیادہ اضافہ ہوجاتا ہے جب انہیں تعلیم سے محروم کئے جاتے ہیں اورنسل یانسل عدم مساوات کی موجودگی وہاں ہوتی ہے ۔ سچر کمیٹی رپورٹ(2006) قوم کے اندر اندرونی طبقاتی تقسیم کے بارے میں واضح طور پر لکھا ہے کہ جولوگ نچلی ذات کے مسلمان ہیں وہ حقیقی طور پر ان کی حالات زیادہ خراب ہے اعلیٰ ذات کے مسلمان کے مقابلے میں۔ ان حقائق کے باوجود، مسلم قوم کے درمیان ذات پات کی تفاوت اکثر پالیسی بنانے کے مکالمے میں نظر کئے جاتے ہیں جس سے ان کی غیر مرئی اور زیادہ ہوجاتی ہے۔ کاکا کالیلکر کمیشن (1955) اورمنڈل کمیشن(1980) نے ایک مخصوص مسلم اقوام کواوربیکورڈ کلاسز(او بی سی) کے طور پر پہنچان دی اورانہیں مثبت اعمال میں زیادہ فوائد دینے کی بھی سفارش کی۔ بہر حال وہ فوائد جو او بی سی کے زمرے میں دیئے جاتے ہیں یہ SCs کو جوفوائد موصول ہوتے ہیں اس سے کہیں کم ہے، اور بہت سارے دلت مسلمان کے زمرے میں آتے ہیں۔ رنگناتھ مشرا کمیشن(2007) ایس سی (شیڈولڈ کاسٹ) کا درجہ مذہب سے آزادرکھنے کی تجویز دی لیکن ان کے قواعد وسفارشات کا نفاذ نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے دلت مسلمانوں کی ان حقوق سے محرومی زیادہ ہوتی چلی گئی۔ دلت مسلمان دہری امتیازی سلوک کے مختلف شکل کا سامنا کرتے ہیں جہاں پر ان کی مذہبی ذات کی پہچان مذہبی پسماندگی کے ساتھ جڑی ہوئی ہے۔ وہ اپنے قوم کے اندر اکثر معاشرتی اخراج اور بدنامی کو برداشت کرتے ہیں، یہ دہرا ظلم و ستم ان کی مصیبت کوزیادہ کردیتی ہے اور یہی چیز انہیں اس ملک کے سب سے پسماندہ قوم بنادیتی ہے۔ مزید برآں، وہ اکثر ان قومی بہترین اقدام سے دور کئے جاتے ہیں جومسلمانوں کے تقویت کے لئے بنائی گئی ہے اوروہاں پر اعلیٰ ذات کے مسلمانوں کاقبضہ دیکھا گیا ہے۔

مسلم قوم کے اندرذات پات کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا اقرار کرنا بہت ضروری ہے، یکسانیت کے مفروضہ کوختم کرنے کے لئے اور مختلف مشکلات کوحل کرنے کے لئے جس کا دلت مسلمان سامنا کرتے ہیں۔ شہری معاشرتی تنظیم، پالیسی بنانے والے اورقومی رہنما ان معاملات کو اپنی کوششوں میں ترجیح دیں تاکہ وہ معاشرتی انصاف اور مساوات کوفروغ دے سکیں۔ دلت مسلمان سامنا کرتے ہیں۔ شہری معاشرتی تنظیم، پالیسی بنانے والے اور قومی رہنما ان معاملات کواپنی کوششوں میں ترجیح دیں تاکہ وہ معاشرتی انصاف اور مساوات کو فروغ دے سکیں۔ دلت مسلمانوں کے مخصوص عدم تحفظ کوحل کرنے کے لئے ہدفی مداخلات کی ضرورت ہے جیسا کہ اسکالرشپ، ہنر کی ترقی دینے والے پروگرام اورہیلتھ کیئر اور گھر بنانے کی رسائی تک فراہم کرنا ہے۔ مسلم قوم کے اندر مذہبی رہنما اورعلماء موجودہ ذات پات کے عدم مساوات سے ضروری طور پر مقابلہ کریں جوکہ مساوات کی اسلامی اخلاقیات کے خلاف ہے۔ مختلف اقدام اٹھانا بہت ضروری ہے ذات پات کی درجہ بندجی کوختم کرنے کے لئے اور مساوی معاشرتی راہ ہموار کرنے کے لئے۔ ہندستانی اسلام کے اندر ذات پات کا نظام مسلم قوم کی یکساں نظریہ کے مشکلات کی ضرورت کی اہمیت کوظاہر کرتی ہے اوراندرونی تنوع اور عدم مساوات کو پہنچانتی ہے۔ موجودہ امتیازی سلوک جس سے دلت مسلمان کا سامنا ہے یہ معاشی وتہذیبی درجہ بندجی کی گہری جڑی ہوئی حقیقت کی عکاسی کرتی ہے جوآج بھی ہندستانی معاشرے میں موجود ہے، مذہب سے قطرنظر ہوکر۔ ان عدم مساوات کوحل کرنا صرف اخلاقی ذمہ داری نہیں ہے بلکہ یہ قانونی ذمہ داری ہے انصاف، مساوات اورتمام لوگوں کے لئے بھائی چارہ اور برادری کی سوچ کے اصول کو برقرار رکھنے کے لئے۔ صرف یہی وہ طریقہ ہے جس سے مسلمانوں کی یکسانیت کی مفروضہ کوتوڑ سکتے ہیں۔ جس سے ہم ایک سچی شمولیتی معاشرہ کی طرف بڑھ سکتے ہیں۔

محمد سلیم
پی ایچ ڈی
جامعہ ملیہ اسلامیہ

☆

شعبہ اردو، عالیہ یونیورسٹی میں ’’مہجری اردو ادب‘‘ پر ایک بصیرت افروز خطبے کا انعقاد

ادب محض الفاظ کا پیرایہ نہیں بلکہ تہذیبوں، یادوں، اور شناختوں کی وہ تہہ دار داستان ہے جو کبھی دل کی خلش سے، کبھی ہجرت کے زخم سے اور کبھی اپنی مٹی کی مہک سے عبارت ہوتی ہے۔ مہجری اردو ادب بھی ایک ایسا ہی فکری منظرنامہ ہے، جو صرف ادبی مباحث تک محدود نہیں بلکہ تہذیبی تصادم، لسانی ہم آہنگی اور ثقافتی شناخت جیسے گہرے موضوعات سے وابستہ ہے۔ اسی فکری پس منظر میں 16/ستمبر 2025 کو شعبہ اردو، عالیہ یونیورسٹی کے زیرِ اہتمام سلسلہ خطبات کا دوسرا خطبہ ’’مہجری اردو ادب: مفہوم، روایت اور نوعیت‘‘ کے عنوان سے آن لائن منعقد کیا گیا۔ اس موضوع پر اردو کے ممتاز استاد اور اردو زبان کے عالمی ترجمان پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین نے کلیدی خطبہ پیش جب کہ صدارت معروف ناقد پروفیسر کوثر مظہری، صدر شعبہ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی، نے کی۔ نشست کا آغاز ڈاکٹر درخشاں زریں، (صدرِ شعبہ اردو، عالیہ یونیورسٹی) کے استقبالیہ کلمات سے ہوا۔ انھوں نے کلیدی خطیب، صدر جلسہ اور تمام سامعین کا تہہ دل سے خیر مقدم کیا۔ اس کے بعد پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین نے اپنے وقیع اور معلومات افزا خطبے میں مہجری ادب کی فکری بنیادوں، لسانی جہات اور اس کے عالمی تناظر کا تفصیلی جائزہ پیش کیا۔ انھوں نے کہا کہ اردو زبان جب ہجرت کے تجربے سے گزری، تو اس نے محض مقام نہیں بدلا بلکہ لہجہ، اسلوب، منظر اور زاویہ نگاہ بھی بدلے اور یہی تبدیلی مہجری ادب کی شناخت بنی۔ انہوں نے مہجری ادب کے موضوعاتی ارتکاز پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وطن کی یاد، ناسٹلجیائی کیفیت، لسانی اور تہذیبی کشمکش، شناخت کی تلاش اور ہجرت کے تجربات، مہجری ادب کے بنیادی عناصر ہیں۔ مہجری ادیب دو متوازی دنیاؤں کا مکین ہوتا ہے۔ ایک وہ دنیا جس میں اس نے آنکھیں کھولیں اور دوسری وہ جس میں اس کی زندگی کی نئی فصلیں اُگتی ہیں۔ اس دوہری فضا سے جنم لینے والا تخلیقی شعور اردو ادب کو نہ صرف نئی جہت عطا کرتا ہے بلکہ اسے ایک عالمی رنگ بھی بخشتا ہے۔

پروفیسر کوثر مظہری نے اپنے صدارتی کلمات میں پروفیسر خواجہ اکرام کی علمی گہرائی اور عملی مشاہدات کو سراہتے ہوئے فرمایا کہ ان کا مطالعہ صرف کتابی نہیں بلکہ تجرباتی ہے۔ انہوں نے اردو کو دنیا کے مختلف خطوں میں زندہ اور متحرک دیکھا، محسوس کیا، اور اس کے نبض شناس بن کر جو تجزیہ پیش کیا، وہ اردو تحقیق کے لیے ایک اہم حوالہ ہے۔ پروفیسر مظہری نے مزید کہا کہ مہجری ادب اب اردو کا ایک مستقل اور جاندار دبستان بنتا جا رہا ہے، جو نہ صرف ماضی کے رشتے کو زندہ رکھتا ہے بلکہ حال کی دھڑکن سے بھی ہم آہنگ ہے۔ اس لکچر کے اختتام پر شعبے کی استاد ڈاکٹر نیلوفر فردوس نے تمام شرکاء کا تہہ دل سے اظہارِ تشکر پیش کیا۔ اس موقع پر نہ صرف عالیہ یونیورسٹی کے اساتذہ ڈاکٹر سعید احمد، ڈاکٹر اقلیمہ خاتون، ڈاکٹر سیدہ مہر یہ مرشد القادری، ریسرچ اسکالرز اور طلبہ شریک ہوئے، بلکہ ملک کی مختلف جامعات سے اساتذہ اور اسکالرز نے بھی شرکت کی۔

ظالم اسرائیل کے خلاف کلکتہ میں احباب فلسطین کا احتجاج

فلسطین میں جنگ بندی کیا جائے، UNO اسرائیل کے خلاف سخت اقدام کرے

کولکاتا: 19 ستمبر (ساجد پرویز) فلسطین پر گزشتہ دوسالوں سے اسرائیل ظلم۔ وزیادتی کررہا ہے مگر انسانی حقوق کے رکھوالے اور امریکہ و یورپی ممالک خاموش بنے ہوئے ہیں آج اسرائیل اس طرح غنڈہ گردی کررہا مگر اس پر لگام دینے والا کوئی نہیں اور عرب ممالک مصلحت پسندی اور چاپلوسی کرنے میں لگے ہوئے۔ اس بات کا اظہار خیال دہلی سے آئے ہوئے جماعت اسلامی کے کل ہند نائب امیر ملک معتصم خان نے کہا کے فلسطین سے ہمارا رشتہ ملی و انسانی ہے ہم۔ انسانیت کے بناپر فلسطین کی حمایت کرتے ہیں۔ ہم مظلوم کے حمایتی اور ظالم کے مخالفین ہے فلسطین سے ہمارا رشتہ اٹوٹ ہے۔ ہم حماس کو دہشت گرد کبھی نہیں کہیں گے کیونکہ وہ لوگ اپنی ملک کی آزادی کے لئے لڑ رہے ہیں۔ محمد نورالدین شاہ نے کہا کہ جس طرح امریکہ وظالم اسرائیل ظلم کررہا ہے اسی طرح عرب ممالک بھی خاموشی سے ان کی ظلم کو دیکھ رہے مگر معصوم فلسطین کو بچانے یا اسرائیل کو سبق سکھانے کے لیے کچھ نہیں کرتے۔ یہ عرب ممالک اندر ہی اندر امریکہ و اسرائیل کی مدد کر رہے ہیں۔ مگر ایران کی ہم سب تعریف کررہے جن جراءت مندانہ کوشش نے اسرئیل کو نقصان پہونچایا آج معصوم فلسطین شہید ہورہے ہیں، غزہ تباہ ہورہا ہے مگر امن کے ٹھیکے دار خاموش بیٹھ کر تماشہ دیکھ رہے ہیں۔ مولانا مجاہد حسین حبیبی نے کہا کہ ہندوستان کی حکومت اسرائیل کی مدد نہ کرے اور مرکزی حکومت فلسطین کی حمایت میں سامنے آئے ۔ جس طرح گاندھی جی نے فلسطین بھائیوں کی حمایت میں آئے تھے، انہوں نے اقوام متحدہ سے گزارش کی وہ فلسطین کو بچانے اور امن قائم کرنے کے لیے امن فوج اتارے اور اسرائیل کو جنگی مجرم قرار دیکر نتن یاہو کو سخت سے سخت سزا دے۔ اس موقع پر مولانا اشرف علی قاسمی نے کہا کہ ہم میزائلوں سے ڈرنے والے نہیں، انہوں فلسطین کے مجاہوں اور شہیدوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ مائیں بہادر ہیں جنہوں نے فلسطیں کے نوجوانون کو جنم دیا، انہوں نے حکومت سے گزارش کی کہ وہ فلسطین کی حمایت میں آواز بلند کریں اور اسرائیل سے ہر رشتہ منقطع کردیں۔ اس سلسلے میں انہوں نے منافقوں کے بارے میں کہا کہ ان کی دنیا کہیں نہیں اور منافقین کو ایک دن زبردست سزا ملے گی۔ جماعت اسلامی ہند کے ریاستی صدر ڈاکٹر مسیح الرحمٰن نے کہا کہ تاریخ تبدیلی کا نام ہے اب وقت آرہا ہے۔ پوری دنیا یہودیوں کے خلاف آرہے ہے۔ ایک دن یہودیوں کی خاتمہ ضرور ہے وہ لوگ رسول اکرم کے ساتھ خراب سلوک کیے۔ اور پوری انسانیت کے لیے خطرے بنے ہوئے ایک دن، ان پر دوبارہ عذاب آئے گا اور اس کے بعد وہ برباد و ختم ہو جائے گے۔ اس احتجاجی جلسہ میں مولانا حسیب الرحمٰن، قمرالزماں، شاداب معصوم، عمر اویس، مولانا حسیب الرحمٰن، چھوٹن داس، عمران حسین، عشمان غنی سمیت دیگر علمائے کرام وغیرہ نے اظہار خیال کیا اور اسرائیلی وامریکن سامان کو بائیکاٹ کرنے کی بات کہی۔ آج کے احتجاج فرینڈ آف فلسطین کے بینر تلے تھا جس میں مختلف ملی تنظیموں کے ذمہ داران شامل تھے پہلے سبھی لوگ مولاعلی کے پاس رام لیلا پارک میں جمع ہوئے جہاں ایک جلوس کی شکل میں دھرمتلہ آئے اور کلکتہ کارپوریشن کے پاس احتجاجی جلسہ ہوا۔

نظم: ’’دودھ بھات‘‘

آدم، حوّا سے سنسار
نہیں کسی کو اس سے انکار
شہر میں ایسا ایک پریوار
جس کا سناتا ہوں قصہ یار
جس کے مکھیا تھے ابراہیم
کرتے سب تھے ان کی تکریم
لائق تھے ان کے بیٹے چار
خوب تھا آپس میں ان کے پیار
بچپن بیتا آئی جوانی
رواں ہوئی پھر ایک کہانی
مکھیا نے سب کی شادی رچائی
الگ الگ گھر کی بیٹی آئی
ننھے منے پھول کھلے پھر
گھر آنگن خوشیوں سے بھرے پھر
اک سے گیارہ ہوئے براہیم
نہیں کسی میں کوئی تقسیم
سانجھا چولہا تھا وہ پریوار
ہر دن عید ہر اک دن تہوار
رہتے تھے سب مل جل کر ساتھ
اکدوجے کا بٹاتے تھے ہاتھ
بچے بڑے کھیلتے کوئی کھیل
کھیلنا چاہے چھوٹا وہی کھیل
منّا منّا کہتے تھے سب
اس کی ضد کو سہتے تھے سب
اس کی ضد پر سب نے کی بات
منّا کا ہوگا ’’دودھ بھات‘‘
منّے کو پھر کھیل میں لایا
کیسے کھیلا جائے بتایا
کھیل میں اس کو لایا جس نے
لگا اسی کو منّا مسنے
خود کو سمجھایا بچہ ہے
مورَکھ ہے عقل کا کچا ہے
یہ نام کا اثر ہوتا ہے
کم عقلہ تو کم عقلہ ہے
بن بیٹھا ہے دادا نانا
پھر بھی عقل کا ٹھہرا کانا
منّا کی کا بات کا کیا لینا
منّا آخر ٹھہرا منّا
کھیل میں ہی کیوں ہو ’’دودھ بھات‘‘
ہر غلطی سمجھو ’’دودھ بھات‘‘

*****وقیع منظر ***

نظم کا ہر لفظ ایک نظم ہے: باب ہولمین

نورالاسلام خان

کولکاتا میں ساہتیہ اکادمی کے دفتر میں آٹھ حصوں پر مشتمل ایک خصوصی شاعری پڑھنے اور بحث کا اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں ممتاز امریکی شاعر باب ہولمین نے مہمان خصوصی کی نشست سنبھالی۔ استقبالیہ خطبہ ساہتیہ اکادمی کولکاتا کے دفتر کے افسر انچارج کھترا باسی نائیک نے دیا۔ اس دن کی صدارت ممتاز بنگالی شاعر سبودھ سرکار نے کی۔ مسٹر سرکار نے کہا کہ باب ہولمین ایک مختلف قسم کے انسان دوست شاعر ہیں۔ وہ اپنی نظموں میں انسانیت کو مناتے ہیں۔ ان کی نظموں کے 22 مجموعے شائع ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کئی کامیاب فلمیں بھی بنائیں۔ وہ خود کو پوری دنیا کے ساتھ بات چیت کے لیے کھلا رکھتا ہے۔ ان کے اشعار جتنے سادہ ہیں اتنے ہی موثر ہیں۔ ان کی نظمیں امریکہ سمیت دنیا کے کئی حصوں میں پیش کی جا چکی ہیں جنہیں سراہا جاتا ہے۔ باب ہولمین نے اپنے شاعرانہ سفر اور شاعری کے بیانیہ انداز کے بارے میں ایک روشن خیال گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ ’’نظم کا ہر لفظ نظم ہے‘‘۔ شاعری لکھنا اور پرفارم کرنا میرے لیے ایک مسلسل عمل ہے۔ اس کے ساتھ انہوں نے اپنی بہت پسند کی گئی نظم "ڈائنوسار اور "1990 بھی سنائی۔ آخر میں انہوں نے حاضرین کے مختلف سوالات کے جوابات دیئے۔ اس تقریب میں بنگالی، اوڈیا اور آسامی زبانوں کے بہت سے ادیب اور ادب سے محبت کرنے والے موجود تھے۔

دارالعلوم اسراریہ سنتوشپور میں ششماہی امتحان اور نابینا بچوں کی ٹریننگ اختتام پذیر

کولکاتا: 19 ستمبر (پریس ریلیز) دارالعلوم اسراریہ سنتوشپور میں ششماہی امتحان نہایت روح پرور اور پُر وقار ماحول میں منعقد ہوا، جس کی سرپرستی تالبگان مسجد کے امام وخطیب و سابق شیخ الحدیث حضرت مفتی عرفان مظاہری اور مسجد اسماعیل خضرپور کے امام وخطیب مفتی حذیفہ قاسمی صاحبان نے فرمائی۔

امتحان کے بعد اظہارِ خیال کرتے ہوئے مفتی عرفان نے کہا کہ یہاں کے طلبہ کو اساتذہ کرام کی اس فکر نے اعتماد بخشا ہے کہ وہ آموختہ کی مضبوطی کو ترجیح دیتے ہیں اور ساتھ ہی کم وقت میں بچوں کو حافظِ قرآن بنانے میں بھی خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ محض دوسال میں کئی طلبہ نے حفظِ قرآن مکمل کیا ہے اور وہ تجوید، مخارج اور قواعد کے ساتھ ساتھ یادداشت کے معیار کے لحاظ سے بھی قابلِ تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کے روشن مستقبل کو سنوارنے اور کم وقت میں مضبوط حفاظ تیار کرنے پر مہتمم مولانا نوشیر اور باصلاحیت اساتذہ کی ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے۔

مفتی حذیفہ نے اپنے تاثرات میں دورانِ امتحان ایک نابینا طالب علم کی صحتِ تجوید اور یادداشت کی مضبوطی پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس ادارے میں شعبۂ حفظ کے استحکام کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ بیشتر اساتذہ گجرات کے معیاری اداروں کے فاضل اور فنِ تجوید کے ماہر ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں صحتِ تجوید کے ساتھ باریکیوں، اوقات اور اعادہ کا خاص اہتمام کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کی یہ فکر لائقِ قدر ہے کہ سات سال کے کمسن بچوں کو نورانی قاعدہ ہردوئی طرز پر مع اجرا اور ناظرہ قرآن کی رواں ادائیگی کے ذریعے ایسی بنیاد فراہم کی جاتی ہے، جس سے حفظِ قرآن آسان ہو جاتا ہے۔ مفتی صاحب نے چھ ماہ قبل دیوبند کے آل انڈیا مسابقہ میں تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے استاد کی بھی حوصلہ افزائی کی اور اساتذہ کو جہدِ مسلسل کی تلقین کی۔

اس موقع پر نابینا طلبہ کی تربیت کے لیے ممبئی جوگیشوری سے تشریف لائے حضرت مولانا فرید اور نابینا مولانا قاری ثاقب صاحبان نے جدید بریل سسٹم کے ذریعے نابینا بچوں کو بلا مددگار حافظِ قرآن بننے کے عملی طریقوں سے روشناس کرایا۔

اختتام پر حضرت مولانا فرید صاحب نے نابینا طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں متعلقہ کتابیں، بریل والا قرآنِ کریم اور نقد انعام پیش کیے۔ انہوں نے مدرسہ کے انتظامیہ واساتذہ کو مبارکباد دی کہ گذشتہ چودہ برسوں میں 329 حافظ قران جن میں سے سات نابینا بچوں کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کرتے ہوئے حافظِ قرآن بنانے کا شرف حاصل کیا، جوادارے کے لیے دین کی خدمت اور روشن مستقبل کی ایک روشن علامت ہے۔

☆

ادارہ ’’ترجمہ وتالیف‘‘ کی نئی کتاب ’’وفیات‘‘ کی رسم اجرا قریب

ادارہ ترجمہ وتالیف کولکاتا جسے حضرت مولانا ابوسلمہ شفیع احمد نے قائم کیا تھا اب شجر سایہ دار بن چکا ہے۔ ادارہ اپنے ابتدا سے لے کر اب تک 90 سے زائد کتابیں مذہبی، علمی، تحقیقی اور ادبی شائع کی ہے۔ اس میں اُردو، عربی، بنگلہ، انگریزی بھی شامل ہے۔

اب ادارہ ایک نئی کتاب جو ’’وفیات‘‘ کے نام سے ہے، عنقریب شائع کر رہا ہے۔ کتاب میں ان مرحومین کا تذکرہ ہے جنہوں نے اسلام اور ملت کے لئے کام کیا ہے۔ چاہیوہ صحافت کا میدان ہو علم یا مذہب کا۔ ان مرحومین میں مولانا ابوسلمہ شفیع احمد بہاری، مولانا محمد یحییٰ، مولانا حکیم زماں حسنی، مولانا ابو محفوظ الکریم معصومی، مولانا محبوب الرحمٰن ازہری، ملا جان محمد، شیخ محمد جان، یاشم عبدالحلیم، عاصم بہاری، محمد نظام الدین، مولانا عثمان غنی شمسی، مولانا ضیا الہدیٰ قادری، مولانا بشیر الحسن عزیزی، مولانا ولی رحمانی، احمد سعید ملیح آبادی، ابراہیم ہوش، جی ایم طاہر، خواجہ محمد یوسف، سید صلاح الدین، شمس الضحیٰ، صلاح الدین، عبدالحمید خان، محمد ایوب خاں، پروفیسر محمد اسماعیل، پروفیسر مسعود حسن، پروفیسر عبدالسبحان، مصباح الحق، خالد عباد اللہ، صغریٰ سبزواری، عنایت الرحمٰن، غزالہ ناز، الحاج منصور احمد، عبدالستار، محمد عالمگیر، بلقیس جہاں، غلام رسول راعی، خورشید انور، سجاد نظر، شمیم اختر جاوید اور شفیق بن ابو سلمہ وغیرہم شامل ہیں۔

کتاب کے مصنف جانے مانے قلم کار مولانا طلحہ بن ابوسلمہ ندوی ہیں جن کی ادارہ نے کئی کتابیں شائع کی ہے۔ یہ تحقیقی کتاب تحقیق کرنے والوں کے لئے مفید اور کارآمد ہوگی۔ اس موضوع پر انوکھی اور اچھوتی کتاب ہے۔

ادارہ ترجمہ و تالیف ہندوستان میں مشہور ومعروف نام ہے۔ علما کرام، مفکرین اور دانشوران نے اس ادارہ کی مطبوعات صرف پسند نہیں کیا ہے بلکہ کتابوں پر بے لاگ تبصرے بھی کئے ہیں۔ (ابوصالح محمد رضوان الکریم، کولکاتا۔ 61)

صفحہ اول کا بقیہ

بقیہ: ریاست کی صنعتی

قوانین میں ترمیم کرنے کی تجویز کو منظوری دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق اس کے علاوہ ریاست میں ’انفلوئنسر انگیجمنٹ‘ پالیسی کو اپنانے اور لاگو کرنے کی تجویز کو بھی قبول کرلیا گیا ہے۔

بقیہ: ٹرمپ کی تنگ نظری

اس کا روم میٹ نے نظام الدین کو کھانے میں زہر ملانے کی بھی مذموم حرکت کرچکا تھا۔ گھر والوں نے اس کے بارے میں بھی بتایا۔ نظام الدین نے کچھ دنوں قبل لنک سے پوسٹ کیا تھا کہ امریکہ میں اس کے ساتھ نسلی متنفر برتاؤ کیا جارہا ہے۔ ذات پات کولیکر بھی اس کی زندگی اجیرن کی جارہی ہے۔ کمپنی بھی اس کے ساتھ نسلی تشدد کرتے ہوئے اس کی تنخواہ روک رہی ہے۔ یہاں تک کہ اس کو نوکری سے برطرف کرنے کی بھی سازش رچی جارہی ہے اور اسی پوسٹ میں اس نے پانی دکھ بھری روداد بھی اپنے گھر والوں کو بتایا۔ ڈونالڈ ٹرمپ کے سنکی پن پر اس نے جو احتجاج کیا تو اس کے پاداش میں اسے ہی جان سے ہاتھ دھولینا پڑا ہے۔

بقیہ: دہلی پولس نے

سے زیادہ کیس راجستھان میں ہیں۔ کل گھپلے کی رقم کا تخمینہ تقریباً 2,700 کروڑ روپے کا ہے۔ متاثرین کی جانب سے کراول نگر کی رہائشی نیہا کماری سمیت 98 سرمایہ کاروں نے شکایت درج کرائی تھی۔ شکایت میں کہا گیا ہے کہ نیکسا ایورگرین پرائیویٹ لمیٹڈ نامی کمپنی کے آپریٹروں نے دھولیرا، احمد آباد، گجرات میں زمین دلانے اور ہر ہفتے طے شدہ منافع دینے کا وعدہ کیا تھا۔ ملزمان نے سرمایہ کاروں کو ورغلانے کے لئے وزیر اعظم کے ویڈیوز دکھا کر یہ جھوٹ پھیلایا کہ وہ اس پروجیکٹ کے 'برانڈ ایمبیسڈر' ہیں۔ تحقیقات سے یہ بات سامنے آئی کہ کمپنی نے ہزاروں لوگوں کو موبائل ایپ کے ذریعے سرمایہ کاری پر آمادہ کیا اور ابتدائی طور پر ہر منگل کو تین فیصد سود کی پیشکش کرکے اعتماد پیدا کیا۔ اس کے بعد ایپ کو بند کردیا گیا اور کمپنی کے دفاتر کو سیل کردیا گیا۔ بیشتر متاثرین سرکاری ملازم بتائے جاتے ہیں۔

تازہ ترین گرفتار ملزم، جوگل کشور شرما (57) جو شاہدرہ کا رہائشی ہے، پجاری اور پراپرٹی بروکر کے طور پر کام کرتا تھا اور اس کی صرف پانچویں جماعت کی تعلیم ہے۔ اس نے اہم ملزمین کے ساتھ مل کر وشواس نگر علاقہ میں ایک دفتر کھولا اور سرمایہ کاروں سے رقم وصول کی۔ اقتصادی جرائم ونگ نے عوام کو متنبہ کیا ہے کہ وہ زیادہ منافع کا وعدہ کرنے والی کسی بھی کمپنی کا شکار نہ ہوں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کمپنی یا ادارہ سرمایہ کاری سے پہلے آر او سی، سیبی، آر بی آئی یا دیگر مجاز اتھارٹیز کے ساتھ رجسٹرڈ ہے۔

بقیہ: شرجیل، عمر خالد

ہے۔ جسٹس اروند کمار کی سربراہی والی بنچ نے درخواستوں پر سماعت جمعہ کو ملتوی کردی۔ درخواست گزاروں نے دہلی ہائی کورٹ کے 2 ستمبر 2025 کے متعلقہ حکم کو چیلنج کیا ہے، جس میں ضمانت منظور کرنے سے انکار کردیا گیا تھا۔

جسٹس اروند کمار اور جسٹس این وی انجاریا پر مشتمل بنچ نے 12 ستمبر کو کہا تھا کہ متعلقہ معاملے کے دستاویزات دیر رات موصول ہونے کے باعث وہ انہیں دیکھ نہیں سکی ہے۔ اس کی وجہ سے اس معاملے کی سماعت مشکل ہے۔

امام، خالد اور دیگر کو غیر قانونی سرگرمیاں (روک تھام) ایکٹ کے تحت گرفتار کیا گیا تھا۔ ان پر دہلی فسادات میں ایک بڑی سازش رچنے کا الزام ہے۔

بقیہ: بانو مشتاق کو دسہرہ

وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا کی بنچ نے ہائی کورٹ کے 15 ستمبر کے فیصلے کے خلاف بنگلور کے رہائشی ایچ ایس گورَو کی طرف سے دائر عرضی پر غور کرنے سے انکار کردیا اور کہا کہ یہ ایک ریاستی سطح کا پروگرام ہے اور ریاست 'کا، کھ اور گ' میں فرق نہیں کرسکتا۔

بقیہ: پاکستان نے غزہ

بچے بھوک سے مررہے ہیں جبکہ اسرائیل نے غزہ میں اسپتالوں کو بھی نہیں چھوڑا ہے۔ عاصم افتخار کا کہنا تھا کہ پاکستان فلسطینی عوام کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتا ہے، پاکستان آزاد فلسطینی ریاست کے قیام تک کوششیں جاری رکھے گا، غزہ میں فوری غیر مشروط جنگ بندی ہونی چاہیے۔

نوادہ میں لون کے نام پر جھانسہ دیکر ٹھگی کرنے والے گروہ کا پردہ فاش

7 شاطر سائبر فراڈ گرفتار، ملزمین سے موبائل فون اور کسٹمر ڈیٹا شیٹس برآمد

نوادہ (اے این بی) نوادہ پولیس نے سائبر کرائم کے ایک بڑے معاملے کو حل کرتے ہوئے سات ملزمان کو گرفتار کیا ہے۔ یہ مجرم معصوم لوگوں کو سستے قرضوں کا لالچ دے کر دھوکہ دے رہے تھے۔ وارسالی گنج پولیس اسٹیشن کو موصول ہونے والی اطلاع کی بنیاد پر چھاپہ مارا گیا۔ بتایا گیا کہ سائبر مجرموں کا ایک گروپ پنگری گاؤں کے ایک گھر سے کام کر رہا تھا۔ پریس کانفرنس میں وارثی گنج پولیس اسٹیشن کے انچارج پنکج کمار ستی نے بھی شرکت کی۔ اطلاع کی سنگینی کو دیکھتے ہوئے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس نوادہ کو اطلاع دی گئی اور اسٹیشن انچارج کی قیادت میں ایک خصوصی چھاپہ مار ٹیم تشکیل دی گئی۔ پولیس ٹیم نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ چھاپے کے دوران ملزمان نے فرار ہونے کی کوشش کی تاہم پولیس نے موقع پر ہی سات افراد کو گرفتار کرلیا۔ تلاشی کے دوران گرفتار ملزمان سے موبائل فون اور کسٹمر ڈیٹا شیٹس برآمد کر لی گئیں۔ پولیس اسٹیشن لاکر پوچھ گچھ کرنے پر انہوں نے اعتراف کیا کہ انہوں نے بجاج فائنانس، اسلامک فائنانس اور دیگر کمپنیوں کے نام پر کم شرح پر قرض دینے کا وعدہ کرکے لوگوں کو دھوکہ دیتا تھا۔ ان کی اطلاع کی بنیاد پر پولیس نے اس گھوٹالے میں ملوث ایک اور ملزم کو گوداپار گاؤں سے گرفتار کیا۔ وارث علی گنج پولیس اسٹیشن میں 494/25 اور 495/25 نمبر کے مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ گرفتار ملزمان میں گریش پرساد (والد مدن پرساد)، راجیش کمار (والد مرحوم پرگاس پرساد)، انیش کمار (والد شیو کمار پرساد)، منیش کمار عرف مانو (والد شیو کمار)، اور منیش کمار (والد سریندر پرساد) شامل ہیں، تمام باشندے پنگری، وارث علی گنج پولیس اسٹیشن، نوادہ ضلع کے رہنے والے ہیں۔ اس کے علاوہ وکرم کمار (والد رام سوروپ مستری) ساکن گوداپر، وارث علی گنج تھانہ، نوادہ ضلع اور وملیش کمار (والد بلیشور پرساد) ساکن نوادیہ، بھبھکھا تھانہ، شیخ پورہ ضلع کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔ پولیس نے ملزمین سے کل 9 موبائل فونز اور 4 صفحات پر مشتمل کسٹمر ڈیٹا شیٹ برآمد کی ہے۔

طارق الرحمن بابی نے 10 میں 1 ٹکٹ مسلمان کو دینے کا کیا مطالبہ

سمستی پور (اے این بی) ضلع اوقاف کمیٹی کے صدر اور جے ڈی یو کے باا‌ثر نوجوان رہنما طارق الرحمن بابی نے سمستی پور اسمبلی حلقہ سے اقلیتی امیدوار کو ٹکٹ دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے اپنی مضبوط دعویداری پیش کی ہے۔ جناب بابی نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہاں کے عوام تبدیلی چاہتے ہیں اگر این ڈی اے یہاں سے اقلیتی امیدوار کو ٹکٹ دیتی ہے تو نہ صرف سمستی پور کے 10 اسمبلی حلقوں میں بلکہ متھلانچل کے دیگر اسمبلی حلقوں میں بھی اس کا مثبت اثر دیکھنے کو ملے گا اور این ڈی اے کو اس سے خاصا فائدہ حاصل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی ایک منفرد شبیہ رہی ہے، اسی لیے یہاں کے اقلیتی طبقے کے لوگ چاہتے ہیں کہ 10 میں سے کم از کم ایک نشست پر انہیں نمائندگی دی جائے تاکہ اسمبلی میں ان کی آواز پہنچ سکے۔ موجودہ رکن اسمبلی پر الزام لگاتے ہوئے طارق الرحمن نے کہا کہ انہوں نے گزشتہ 15 برسوں میں اسمبلی حلقے کی ترقی کے لیے کوئی خاص دلچسپی نہیں دکھائی۔ بھیرو کھڑا میں آنگن واڑی مرکز تو ہیں لیکن آج تک عمارت کا تعمیری کام مکمل نہیں ہوا۔ جے ڈی یو رہنما نے کہا کہ میں کوئی عام لیڈر نہیں بلکہ سمستی پور کا بیٹا ہوں، اگر پارٹی نے مجھے موقع دیا تو نہ صرف سمستی پور سیٹ سے شاندار کامیابی حاصل کروں گا بلکہ ضلع کی تمام دس نشستوں پر این ڈی اے کا پرچم لہراؤں گا۔

نتیش کمار کو کوئی ہائی جیک نہیں کر سکتا: وجے کمار چودھری

ضلع کے نور سرائے میں نالندہ اسمبلی حلقہ کے NDA ورکرز کانفرنس

بہار شریف (مرشد دسنوی) نالندہ ضلع کے نورسرائے تھانہ علاقے میں واقع سردار پٹیل اسٹیڈیم چنڈاسی میں جے ڈی یو نالندہ اسمبلی کارکنوں کی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ بی جے پی کے ضلع صدر راجیش کمار نے میٹنگ کی صدارت کی، جبکہ ایل جے پی (آر) کے ضلع صدر ستیندر مکوٹ نے پروگرام کی نظامت کی۔ بہار حکومت کے وزیر وجے کمار چودھری مہمان خصوصی تھے۔ ورکرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جے ڈی یو کے سینئر لیڈر اور وزیر وجے کمار چودھری نے انڈیا الائنس کے اندر جاری کشمکش پر آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ جب اتحاد کی بنیاد مفاد پرستی پر مبنی ہو تو تصادم کا ہونا فطری بات ہے۔ جمعہ کے روز نورسرائے میں منعقدہ این ڈی اے ورکرس کانفرنس کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جہاں نہ نظریہ ہو اور نہ ہی سوچ ہو وہاں قیادت اور سیٹوں کی تقسیم کو لے کر ایسے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمہارے ساتھ رہتے ہوئے بھی ہمیں ہائی جیک نہیں کیا گیا" تیجسوی یادو کے اس بیان کا جواب دیتے ہوئے کہ بی جے پی نے نتیش کمار کو ہائی جیک کیا ہے، وجے چودھری نے جواب دیا کہ انہوں نے اسمبلی میں بھی یہی کہا تھا" میں نے مثالیں دیتے ہوئے ان سے کہا کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں، اور آپ کی پارٹی نے بھی نتیش کمار کو ہائی جیک کرنے کی پوری کوشش کی تھی، لیکن آپ ناکام ہو گئے اور اتحاد ٹوٹ گیا" انہوں نے زور دے کر کہا کہ نتیش کمار ایک ایسے لیڈر ہیں جنہیں ہائی جیک نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہ اپنے اصولوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرتے۔ این ڈی اے کی حکومت بننا پوری طرح یقینی ہے۔ دریں اثناء دیہی ترقی کے وزیر اور نالندہ کے ایم ایل اے شراون کمار نے ورکرز کانفرنس میں جمع بھیڑ کو دیکھ کر کہا کہ 2025 میں این ڈی اے کی حکومت بننا پوری طرح یقینی ہے۔ انہوں نے کہا کہ این ڈی اے کارکنان نتیش کمار اور نریندر مودی کے ترقیاتی کاموں کو اجاگر کرنے کے لیے گاؤں گاؤں جائیں گے۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ مکمل اتحاد کے ساتھ انتخابی تیاریوں میں لگ جائیں۔ اس ورکرز کانفرنس کا بنیادی مقصد آنے والے اسمبلی انتخابات کے لیے کارکنوں کو متحد کرنا اور ان میں جوش و خروش بھرنا تھا، تاکہ حکومت کی کامیابیوں کو عوام تک پہنچایا جا سکے۔ پروگرام کے دوران آر جے ڈی لیڈر اور معروف بزنس مین رجنیش کمار عرف راجو (کمار سنیما) نے جے ڈی یو کی رکنیت لی۔ اس موقع پر نالندہ کے رکن پارلیمنٹ کوشلندر کمار، جے ڈی یو کے ضلع صدر محمد ارشد، ایل جے پی آر ستیندر کمار مکوٹ، بی جے پی کے ضلع صدر راجیش کمار، ضلع ترجمان دھننجے کمار دیو کے علاوہ این ڈی اے اتحاد کے ضلع صدور اور کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

مرکزی کوپراٹیو بینک کا سالانہ عام سبھا کا انعقاد

سمستی پور: شہر کے یو۔ این۔ پیلیس میں جمعہ کو سمستی پور مرکزی کوآپریٹو بینک کی سالانہ عام سبھا 2025 کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا آغاز کوآپریٹو پرچم لہرا کر دربھنگہ کے مشترکہ رجسٹرار وکاس کمار بریار نے کیا۔ اجلاس کی صدارت کوآپریٹو بینک کے صدر وِنود کمار رائے نے کی جبکہ نظامت نائب صدر سنیل کمار نے کی اور شکریہ کا کلمہ منیجنگ ڈائریکٹر نے پیش کیا۔ سالانہ عام سبھا کا افتتاح چراغ روشن کر کے مہمانِ خصوصی وِسکو مان کے صدر وِشال سنگھ نے کیا۔ ان کا استقبال بینک کے صدر وِنود کمار رائے نے پگڑی، چادر، ہار، بکے اور مومنٹو دے کر کیا۔ بِسکو مان کے صدر وِشال سنگھ نے کہا کہ کسانوں کی فلاح کے لیے پیکس لگاتار کام کر رہی ہے اور بہار کی ترقی میں ان کی اہم شراکت رہی ہے۔ سبھا میں گزشتہ برس کی کاروائی کی توثیق، سالانہ رپورٹس کی منظوری، بیلنس شیٹ اور آمدنی-خرچ کی منظوری، آڈیٹر کی رپورٹ، نابارڈ اور دیگر کمرشل بینکوں سے حاصل قرض کی توثیق اور بینک کے منظور شدہ قرضوں کی منظوری دی گئی۔

عورت کو ڈائن کہہ کر ہراساں کرنا یا جادو ٹونے کے نام پر اسے نقصان پہنچانا سنگین جرم

پورنیہ (محمد عرفان کامل) بدھا وزڈم، ورلڈ سوسائٹی، ملکی، رنگ پورہ، پورنیہ، ایک تنظیم اطلاعات اور تعلقات عامہ بہار پٹنہ کی فہرست میں شامل ہے، ضلع پبلک ریلیشن آفس، پورنیہ میں برائی کے خلاف مہم کے ذریعے ضلع پورنیہ کے شناخت شدہ مہادلت بستیوں میں روٹ چارٹ کے مطابق اسٹریٹ پلے پروگرام منعقد کر رہی ہے۔ درج فہرست ذات /مہادلیت بستیوں اور حکومت کی عوامی فلاحی اسکیموں کے بارے میں۔ مذکورہ اسٹریٹ پلے پروگرام ڈسٹرکٹ آفیسر شری انشول کمار (آئی اے ایس) کی ہدایات کی روشنی میں منعقد کیے جارہے ہیں۔ مقررہ روٹ چارٹ کے مطابق، جمعہ، 19 ستمبر کو ضلع کے نوشناخت شدہ مہادلت بستیوں میں اسٹریٹ ڈراموں کے ذریعے لوگوں میں بیداری لائی جائے گی جس میں لارواڑی ٹولہ، مدھے پورہ وارڈ-1، ہریموڈی وارڈ-10، ڈوماسی وارڈ-6، ناروھیا وارڈ-3، پاسوان ہڑلہ ٹولہ، ڈھیلا ٹولہ، ڈھی پورہ وارڈ۔ مجانہ وارڈ-14، اور پہاڑیہ درج فہرست ذات/ مہادلیت بستیاں شامل ہیں۔ یہ بات قابل غور ہے کہ اس اقدام کا بنیادی مقصد اسٹریٹ ڈراموں کے ذریعے مروجہ توہمات اور ڈائن کے شکار کے طریقوں سے خواتین کے خلاف ہونے والے مظالم کو ختم کرنا ہے۔ اس پروگرام کے دوران فنکاروں نے اسٹریٹ ڈراموں کے ذریعے یہ دکھایا کہ کس طرح یہ رواج معصوم خواتین کو ذہنی اور جسمانی طور پر اذیت دیتا ہے۔ اسٹریٹ ڈراموں میں حکومتی کوششوں اور قوانین کے بارے میں بھی معلومات فراہم کی گئیں، تاکہ لوگ اس برے عمل سے آگاہ ہوسکیں۔ بہار میں خاص طور پر لاگو جادوگرنی روک تھام ایکٹ 1999 کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کرنے کے لیے اسٹریٹ ڈراموں کا استعمال کیا جارہا ہے۔ اس قانون کے تحت کسی بھی عورت کو ڈائن کہہ کر ہراساں کرنا یا جادو ٹونے کے نام پر اسے نقصان پہنچانا سنگین جرم ہے۔ اگر کوئی کسی عورت کو چڑیل کہتا ہے، یا کسی بھی طرح سے اس کام میں اکستا ہے یا مدد کرتا ہے، تو اسے 3 ماہ تک قید یا 1000 روپے جرمانہ یا دونوں سزائیں ہوسکتی ہیں۔ اس بارے میں تفصیلی معلومات اسٹریٹ ڈراموں کے ذریعے پہنچائی جارہی ہیں۔ اگر کوئی شخص جسمانی یا ذہنی تشدد کا

دوروزہ عرس شہودی اصدقی روایتی شان وشوکت کے ساتھ 28 اور 29 ستمبر کو

بہار شریف (اے این بی) نالندہ ضلع کا یوں تو ہر شہر قصبہ اور محلوں میں اولیائے کرام آسودہ خاک ہیں اور ان اولیائے کرام کی کاوشوں اور برکتوں کا نتیجہ ہے کہ وطن عزیز کے ہر حصے میں مذہب اسلام کی آبیاری ہوئی ان ہی اللہ والوں میں ایک عظیم صوفی بزرگ ولی کامل جو تیرہویں صدی ہجری کے وہ باکمال بزرگ ہوئے جو نہ صرف علوم باطنی کے مالک تھے بلکہ علوم ظاہری کے ہر شعبہ میں مہارت تامہ رکھتے تھے آپ سیر و سیاحت کرتے ہوئے جمو انواں اور چشتی چمن پیر بیگھہ کی سرزمین پر نزول اجلال فرمایا جن کا اسمِ گرامی قطب عالم شیخ الجن والانس حضرت سیدنا خواجہ شاہ قیام اصدق الصادقی الچشتی رحمۃ اللہ علیہ ہیں آپ کی تشریف آوری کے بعد دور دراز اور قرب و جوار کے لوگ جوق در جوق آپ کے قریب آتے چلے گئے اور آپ کی روحانی جذب و کشش سے ہزاروں افراد دولتِ اسلام سے مالامال ہوئے آپ ہی کہ خلف واکبر جانشین سند المحدثین قطب الارشاد حضرت علامہ الحافظ سید شاہ خواجہ شاہ شہود الحق اصدقی الچشتی رحمۃ اللہ علیہ کا 117 سالہ عرس شہودی اصدقی خطیب الاسلام رئیس التحریر شیخ طریقت حضرت علامہ سید شاہ رکن الدین اصدق چشتی سجادہ نشیں خانقاہ بشیریہ اصدقیہ کی سرپرستی میں روایتی شان وشوکت کے ساتھ 28/29 ستمبر 2025ء بمطابق 5/6 ربیع الثانی 1447ھ بروز اتوار سوموار پیر بیگہ کی سرزمین پر منعقد ہونے جارہا ہے اس موقع پر معمار ملت حضرت علامہ الحاج سید شاہ نورالدین اصدق چشتی مہتمم مدرسہ اصدقیہ مخدوم شرف نے بتایا کہ عرس شہودی اصدقی مندرجہ بالا تاریخوں میں حسب ذیل پروگرام کے تحت منعقد ہورہا ہے جس میں مشاہیر علماء مقتدر مشائخ اور نامور دانشورانِ اسلام بڑی تعداد میں شریکِ پروگرام ہورہے ہیں علامہ سید شاہ نورالدین اصدق چشتی نے مجھے بتایا کہ عرس شہودی اصدقی کی تیاری زوروں پر ہے اور بڑی تعداد میں بہار بنگال جھارکھنڈ اڑیسہ چھتیس گڑھ آسام اتر پردیش مدھیہ پردیش مہاراشٹر دہلی ہریانہ پنجاب کرناٹک اور وطن عزیز کے دیگر ریاستوں سے عقیدت مندان اولیا تشریف لا رہے ہیں مولانا موصوف نے تمام عقیدت مندان اولیاء بالعموم اور جملہ وابستگان سلسلہ اصدقیہ کو بالخصوص دعوت دی جاتی ہے کہ سارے پروگرام عرس میں شریک ہو کر فیضانِ اولیا کے چشمۂ صافی سے خوب خوب سیراب ہوں۔

سرزمین ارریہ کا تاریخی ایک روزہ تیسرا آل انڈیا محفل حسن قرأت ختم

ارریہ: (اے این بی) سرزمین ارریہ میں واقع تعلیمی و تربیتی ادارہ مدرسہ اسلامیہ یتیم خانہ کی جاذب نظر، دلکش اور وسیع و عریض جامع مسجد میں مولانا مفتی محمد علیم الدین قاسمی شیخ الحدیث دارالعلوم رحمانی زیرو مائل کی روحانی صدارت اور مفتی محمد اطہر القاسمی نائب صدر جمعیت علماء بہار کی جسمانی صدارت میں یک روزہ تیسرا آل انڈیا تاریخ ساز محفل حسن قرآت بڑے تزک و احتشام کے ساتھ منعقد ہوئی۔ مذکورہ محفل حسن قرات تین نشستوں میں منقسم تھی پہلی نشست بعد نماز عصر سے لے کر مغرب تک سیمانچل کے مختلف مدرسوں کے بچوں کے لیے مختص تھی، جس میں ان مدارس کے طلباء نے اپنی خوبصورت اور اچھی آواز کے ساتھ قرآن کی تلاوت کر کے داد تحسین حاصل کیں۔ دوسری نشست میں سیمانچل کے مکاتب سے لے کر مدارس تک کے قراء حضرات نے خوش الحان آواز میں اور قرأت سبع میں قرآن کریم کی تلاوت کر کے لوگوں کو متحیر کیا اور ان کی بہترین اور مصری قرأت سے باشندگان ارریہ، بہت متاثر ہوئے اور اس نشست کے اختتام پر ان تمام قراء عظام کی لوگوں نے جم کر تعریفیں کیں۔ ان دونوں نشستوں میں نظامت کی ذمہ داری کو محفل حسن قرأت کے کنوینر قاری مطیع الرحمن، قاری نیاز احمد قاسمی اور مولانا شاہد عادل قاسمی نے باری باری سے نبھایا۔ تیسری اور آخری نشست میں اپنی قرأت قرآن سے جلا بخشنے والے مہمانانِ خصوصی اور مدرسہ اشاعت العلوم اکل کوا مہاراشٹر کے اساتذۂ کرام میں قاری قرآن جناب حضرت مولانا وقاری محمد جابر احمد الحسنی، صدر القراء جامعہ اشاعت العلوم اکل کوا مہاراشٹر، حضرت مولانا قاری محمد فیاض صاحب بھاگلپوری، استاذ شعبۂ تجوید و قرأت جامعہ اشاعت العلوم اکل کوا مہاراشٹر، قاری قرآن جناب حضرت مولانا وقاری محمد اویس صاحب خانپوری استاذ شعبۂ تجوید و قرات جامعہ اشاعت العلوم اکل کوا مہاراشٹر، قاری قرآن جناب حضرت مولانا وقاری عبد الرحمن صاحب کنت اروی استاذ شعبۂ تجوید و قرأت جامعہ اشاعت العلوم اکل کوا مہاراشٹر قاری قرآن جناب حضرت مولانا وقاری محمد وسیم صاحب سورتی استاذ شعبۂ تجوید و قرأت جامعہ اشاعت العلوم اکل کوا مہاراشٹر اور قاری قرآن جناب حضرت مولانا وقاری عبد السلام شاب کٹناروی استاذ شعبۂ تجوید و قرأت جامعہ اشاعت العلوم اکل کوا مہاراشٹر استاذ شعبۂ تجوید و قرأت جامعہ اشاعت العلوم اکل کوا مہاراشٹرا نے شرکت کیں اور ان تمام قاری نے مجلس کی تلاوت، عام نماز کی قرأت اور تراویح کی قرأت قرآن کے ساتھ قرأت سبع میں قرآن کریم لحن کے ساتھ پڑھ کر یہاں کے عوام الناس کو بتادیا۔

ڈپٹی ڈیولپمنٹ کمشنر کی صدارت میں 'سوچھتا ہی سیوا 2025' پروگرام کا انعقاد

پورنیہ (محمد عرفان کامل) صاف بھارت مشن (گرامین) اور لوہیا سوچھ بہار ابھیان (کلین انڈیا مشن) کے تحت جمعہ کو پورنیہ ضلع میں سوچھتا ہی سیوا 2025 پروگرام شروع کیا گیا ڈپٹی ڈیولپمنٹ کمشنر، میونسپل کمشنر، پورنیہ میونسپل کارپوریشن میئر پورنیہ میونسپل کارپوریشن ڈائریکٹر ڈی آر ڈی اے، ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر، تمام بلاک ڈیولپمنٹ افسران لوہیا سوچھ بہار ابھیان کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر مشیر اور بلاک سطح کا عملہ موجود تھے۔ یہ پروگرام مہانندا آڈیٹوریم، پورنیہ میں ڈپٹی ڈیولپمنٹ کمشنر کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اس کے بعد ڈپٹی ڈیولپمنٹ کمشنر میونسپل کمشنر میئر پورنیہ میونسپل کارپوریشن، اور مذکورہ بالا تمام افسران نے ٹیکسی اسٹینڈ سے آراین تک کے علاقے کو رضاکارانہ طور پر صاف کرنے کے لیے پروگرام کا باقاعدہ افتتاح کیا پورنیہ شہری علاقے میں شاہ چوک یہ سوچھتا ہی سیوا پروگرام ضلع پورنیہ کی تمام پنچایتوں میں 2 اکتوبر 2025 تک چلایا جائے گا۔ اس سال سوچھتا ہی سیوا مہم کے طور پر 17 ستمبر سے 2 اکتوبر 2025 تک منایا جائے گا۔ تھیم سوچھا اتسو" ہے۔ یہ پروگرام بنیادی طور پر گندگی کی چھوٹی اور بڑی جیبوں کو نشانہ بنائے گا اور صفائی کے ٹارگٹ یونٹس (کلین لینس ٹارگٹ یونٹس) پورنیہ ضلع کی تمام پنچایتوں اور بلاکوں میں عوامی مقامات کو صاف کرنے کی مہم شروع کی جائے گی۔ صفائی کے کارکنوں کے لیے حفاظتی کیمپ لگائے جائیں گے، انہیں ہیلتھ چیک اپ انشورنس اور دیگر فلاحی فوائد فراہم کیے جائیں گے، لوگوں کو ان کی روزمرہ زندگی کے ایک حصے کے طور پر صفائی کی اہمیت کے بارے میں آگاہ کرنے کے لیے مختلف عوامی بیداری کی سرگرمیاں منعقد کی جائیں گی۔ پروگرام میں صفائی ہی سروس پہل کے دوران نوراتری کو کلین گرین فیسٹیول" کے طور پر منانے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ پوجا کمیٹیاں اور منتظمین اس بات کو یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے کہ درگا پوجا نوراتری پوجا اور میلے کے میدان صاف ستھرے اور ماحول دوست ہوں پنڈلوں میں پلاسٹک کے کچرے سمیت ہر قسم کے کچرے سے پاک ہوں۔ پوجا کے احاطے میں صفائی کے پیغامات والے بینرز پوسٹرز اور فلیکس آویزاں کیے جائیں گے اور مناسب میڈیا کے ذریعے صفائی کے پیغام کو وسیع پیمانے پر پھیلایا جائے گا۔ جوٹ، کپڑے کا غذ یا ماحول دوست مواد سے بنے تھیلے استعمال کرنے کوڑا کرکٹ پھینکنے سے گریز کرنے اور احاطے کو صاف رکھنے پر زور دیا جانا چاہیے سوچھتا ہی سیوا مہم کے تحت ہمیں اپنے گھروں اردگرد، گاؤں اور محلوں کو صاف کرنا ہے۔

رام لکھن سنگھ یادو کالج میں NCC بحالی کے پروگرام

بہار شریف (اے این بی) نالندہ ضلع ہیڈ کوارٹر بہار شریف شہر کے محل پر محلہ واقع 1 بہار آر ڈی ایس

کیو این، پٹنہ کے کمانڈنگ آفیسر لیفٹیننٹ کرنل کے حکم کے مطابق رام لکھن سنگھ یادو کالج (بہار شریف) میں این سی سی کی بھرتی کا عمل کالج کی قیادت میں کالج کے کیمپس میں منعقد ہوا۔ این سی سی آفیسر اسسٹنٹ پروفیسر گوپال سنگھ، جس میں 102 لڑکوں اور 21 لڑکیوں نے حصہ لیا۔ انتخاب کے عمل میں طلباء کو سینے، قد، پش اپ، سیٹ اپ، بیم، ریس اور تحریری امتحان کے ذریعے حاضر ہونا تھا جس میں تمام پراسیس میں ٹاپ پر آنے والے طلباء کا انتخاب کیا گیا۔ اس موقع پر کالج کے یونیورسٹی کے نمائندے ڈاکٹر انیل کمار (اے این کالج) کی طرف سے شجرکاری بھی کی گئی۔ اس موقع پر کالج کے انچارج پرنسپل ڈاکٹر راماوتار سنگھ، اکاؤنٹنٹ سریو پرساد، پروفیسر ابدیش کمار، پروفیسر سنگیتا سنہا، پروفیسر شمبھو پرساد، پروفیسر پرتیا رائے، پروفیسر پرینکا کماری، پروفیسر روی کمار، پروفیسر پربیلا کماری، پروفیسر بلویر کمار، پروفیسر راجو کمار، پروفیسر راجن کمار، پروفیسر راجہ کمار، پروفیسر راجہ کمار، کلرک خورشید انور، منجولا کماری، سدھانشو کمار، پنکج کمار سینئر کیڈٹ پیوش راج موجود تھے۔

قومی غذائیت ماہ کے موقع پر پورنیہ کے بیسی بلاک کیمپس میں ایک خصوصی بیداری پروگرام کا انعقاد

پورنیہ (محمد عرفان کامل) سنٹرل کمیونیکیشن بیورو بھاگلپور، وزارت اطلاعات و نشریات، حکومت ہند نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی آئی سی ڈی ایس اور یونیسیف پورنیہ کے اشتراک سے پورنیہ کے بیسی بلاک کیمپس میں قومی غذائیت کے مہینے کے موقع پر ایک روزہ خصوصی بیداری پروگرام کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر طالبات کی جانب سے غذائیت سے متعلق آگاہی ریلی نکالی گئی ریلی کو بیسی کے ایس ڈی ایم ابھیشیک رنجن نے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ مہمان خصوصی کی حیثیت سے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایس ڈی ایم ابھیشیک رنجن نے کہا کہ بیداری پروگرام میں حاضری اس بات کا ثبوت ہے کہ لوگ غذائیت کے تئیں بیدار ہو رہے ہیں انہوں نے غذائیت اور صحت سے متعلق مختلف اسٹالز کا بھی معائنہ کیا۔ پروگرام کا باضابطہ افتتاح بائسی بلاک ڈیولپمنٹ آفیسر (بی ڈی او) نوتن کماری، سی ڈی پی او زینت یاسمین اور بلاک پنچایتی راج افسر منیشا کماری نے مشترکہ طور پر چراغ جلا کر کیا۔ تقریب کے دوران اطلاعات و نشریات کی وزارت کے علاقائی پبلسٹی آفیسر ابھیشیک کمار نے مہمانوں کا شال اور پودا دے کر استقبال کیا۔ تقریب میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے، بیسی بلاک ڈیولپمنٹ آفیسر نوتن کماری نے ہر ایک پر زور دیا کہ وہ متوازن غذا کھائیں اور اپنی صحت پر توجہ دیں۔ تقریب کے دوران، آئی سی ڈی ایس کی سی ڈی پی او زینت یاسمین نے کہا کہ غذائیت کے مہینے کو ایک عوامی تحریک کے طور پر بھرپور طریقے سے منانے کی ضرورت ہے اور صحت مند طرز زندگی کو اپنانا چاہیے۔ بلاک ڈیولپمنٹ آفیسر گنیش پاسوان نے بھی غذائیت کی اہمیت کے بارے میں معلومات شیئر کیں۔ مزید برآں، یونیسیف کے غذائیت کے ماہرین نے حاضرین کو غذائیت اور صحت کے بارے میں ضروری معلومات فراہم کیں۔ ان میں سدھا کر سنہا ڈاکٹر راگھویندر کمار پروین چندر پرفل کمار، اور سونی جھا شامل تھے۔ اس تقریب میں متعدد سرگرمیاں شامل تھیں جن میں ایک مفت ہیلتھ چیک اپ کیمپ انا پرشن (پہلی خوراک کی تقریب) ایک بیبی شاور، ایک صحت مند بچے کا شو، مباحثہ، ایک غذائیت سے متعلق کوئز، اور رنگولی شامل ہیں۔ ایک پیڑ ماں کے نام مہم کے تحت درخت لگانے کا بھی اہتمام کیا گیا پروگرام سے پہلے منعقدہ پینٹنگ مقابلے اور آج منعقدہ کوئز مقابلے کے فاتحین کو مہمان خصوصی نے انعامات سے نوازا اس موقع پر وزارت اطلاعات و نشریات سے منسلک ثقافتی گروپ Messrs Struggler کے فنکاروں نے ملی نغمے موسیقی اور اسٹریٹ ڈرامے پیش کیے پروگرام کی نظامت سی بی سی مونگیر کے ریجنل پبلسٹی آفیسر سدرشن کشور جھا نے کی۔ اس موقع پر پربھات کمار اور راکیش کمار بھی موجود تھے۔

ڈاکٹر اقراء علی خان نے شاہ جلال شہید کے مزار پر کی چادر پوشی

سیتامڑھی: سابق وزیر شاہد علی خان کی

صاحبزادی ڈاکٹر اقراء علی خان، سازیہ علی خان اور ان کی اہلیہ شمی علی خان نے پٹنہ ہائی کورٹ کے قریب نہرو پتھ پر واقع حضرت شاہ جلال شہید رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر چادر پوشی کی اس موقع پر ڈاکٹر اقراء علی خان نے کہا کہ انہوں نے ریاست میں امن، سکون اور ترقی کے لیے دعا کی۔ چادر پوشی امن اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کے مقصد سے کی گئی ہے۔ چادر پوشی ایک روایتی عمل ہے۔ ریاست کے حالات پر اثرات ریاست میں امن، سکون اور ترقی کے لیے دعا کرنے کا مقصد معاشرے میں امن اور ہم آہنگی کو برقرار رکھنا ہے۔

سویپ آئیکن نے الیکشن پاٹھ شالہ کا اہتمام کیا

بہار شریف (اے این بی) آئندہ اسمبلی انتخابات کے دوران ووٹر بیداری بڑھانے اور ووٹر ٹرن آؤٹ بڑھانے کے لیے الیکشن کمیشن آف انڈیا کے ڈسٹرکٹ سویپ آئیکن ڈاکٹر آشوتوش کمار مانب نے جمعہ کے روز ہلسا کے رام چندر گپتا گرلز ہائی اسکول کے آڈیٹوریم میں ووٹر بیداری مہم چلائی۔ بچوں کو جمہوریت سے متعلق کام کے بارے میں بتائیں۔ تقریب کے دوران، طلباء نے عہد کیا کہ وہ نہ صرف اپنے والدین کی آئندہ اسمبلی انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے لیے حوصلہ افزائی کریں گے بلکہ گاؤں میں اپنے پڑوسیوں اور عام لوگوں میں بھی بیداری پیدا کریں گے۔ سیشن کے دوران طلباء نے الیکشن پاٹھ شالہ میں حصہ لیا، ہم ووٹر ہیں - قوم کے معمار، چاہے کوئی بھی مجبوری کیوں نہ ہو - ووٹ دینا بہت ضروری ہے، ہمیں ووٹ دینا ہے - ہمیں جمہوریت کو بچانا ہے" جیسے نعرے لگائے۔ آئیکن ڈاکٹر مانب نے وضاحت کی کہ جمہوریت تبھی مضبوط ہوگی جب تمام شہری، دیہات اور شہروں دونوں میں آزادانہ طور پر اپنے ووٹ کا حق استعمال کریں۔ ووٹ نہ دینے والے کو حکومت کے خلاف بولنے کا کوئی حق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کل یہی طلباء ووٹر بنیں گے اور یہ بات سب کو معلوم ہے کہ ایک باخبر ووٹر ہی ایک مضبوط قوم بنا سکتا ہے۔ ایچ ایم سچیتا کماری، پربھات رنجن، دیوکانت پانڈے، وینا سنہا، جیوتی کماری، وینا کماری، پوجا بھارتی، سمیتا کماری، جتیندر کمار، وکاس کمار، رمیش کمار شرما، ششووت رائے سمیت بہت سے دوسرے لوگوں نے اس مہم میں حصہ لیا۔

آزادیِ اظہار کے نام پر مذہب کی توہین ناقابلِ برداشت ہے: مولانا شفیع احمد سعدی

ٹھاکر گنج (اے این بی) جمعہ کے روز بعد نمازِ جمعہ نوری جامع مسجد، پیٹرول پمپ چوک کے بینر تلے ایک بامقصد اور پرامن اجتماع منعقد کیا گیا، جس میں عاشقانِ رسول ﷺ نے اپنے ہاتھوں میں I Love Muhammad ﷺ" کی تختیاں اُٹھا کر نبی اکرم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے اپنی والہانہ محبت اور عقیدت کا اظہار کیا۔ یہ منظر اس بات کی گواہی دے رہا تھا کہ دنیا کی کوئی طاقت مسلمانوں کے دلوں سے عشقِ رسول ﷺ کو ختم نہیں کر سکتی۔ یہ احتجاج نہ صرف نبی رحمت ﷺ کی شان میں گستاخی اور مذہبی آزادی کے مخالفین کے خلاف تھا بلکہ اس کا مقصد پوری دنیا کو یہ پیغام دینا تھا کہ مسلمان امن پسند ہیں اور اپنے جذبات کو پرامن طریقے سے بیان کرنے پر یقین رکھتے ہیں۔ اسلام امن و سلامتی کا مذہب ہے اور اس کے ماننے والے کسی بھی طرح کے تشدد یا فساد کو پسند نہیں کرتے۔ شرکاء نے اپنے خطاب اور انداز سے واضح کر دیا کہ آزادیِ اظہار کے نام پر مذہب کی توہین ناقابلِ برداشت ہے۔ آزادیِ اظہار کے نام پر مذہبی جذبات کو مجروح کرنا بین الاقوامی انسانی حقوق اور مذہبی آزادی کے اصولوں کے منافی ہے۔

وقف ترمیمی قانون کے نئے فیصلے

رنگِ چمن

افضال انصاری

دامن میں پھول گرے مگران میں کانٹے بھی ہیں۔خواب ٹوٹ گیا ۔اُمید تھی کہ غم کی رات ڈھل جائے گی اور خوشی کی سحر دیکھیں گے ۔معزز عدالت عظمیٰ وقف ترمیمی قانون پر روک لگادے گی اور مسلمان راحت کی سانس لینگے ۔یہ قانون دستور ہند کے دفعات 25اور26 کے خلاف ہے۔ان میں کہا گیا ہے کہ ہندوستان کا ہر فرقہ اپنے مذہبی امور میں آزاد ہے اور بغیر حصہ داری کے اپنی تنظیم چلانے کا انہیں پورا اختیار ہے ۔مرکزی حکومت شرعی معاملے میں جس یک طرفہ طریقے سے مداخلت کی اس سے مسلمانوں کا دل تڑپ اٹھا۔ ایسا کوئی شہر نہیں جہاں صدائے احتجاج بلند نہ کیا گیا ہو۔ملک کے ہر گوشے سے بے شمار خطوط بھیجے گئے اور دستخط کی مہم چھیڑی گئی ۔ بل (Bill) پیش ہوا تو جوئنٹ پارلیمانی کمیٹی میں اپوزیشن ممبروں نے اس کی مخالفت کی کہ یہ ملک کے جمہوری اور سیکولر نظریے کے خلاف ہے ۔مگر کسی کی فریادسنی نہ گئی اور وقف ترمیمی قانون آگیا۔معزز عدالت عظمیٰ سے راحت ملی مگر یہ ادھوری ہے۔ مسلم پرسنل لاء بورڈ نے کہا ہے کہ وقف بچاؤ تحریک ابھی ختم نہیں کی گئی ہے اور یہ جاری رہے گی ۔

ابھی تو جاگ رہے ہیں چراغ راہوں کے
ابھی ہے دور سحر تھوڑی دور ساتھ چلو
(احمد فراز)

وقف ترمیمی قانون 2025 کیخلاف صرف مسلم تنظیم ہی نہیں سیکولر سیاسی پارٹیاں بھی سپریم کورٹ میں مقدمہ دائر کی تھیں۔ترنمول کانگریس کی روشن خیال ایم پی مہوا موئیترا کے دل میں مسلمانوں کیلئے بہت درد ہے ۔وہ ان کے انصاف کیلئے قانونی قدم اُٹھاتی رہتی ہیں ۔وقف ترمیمی قانون کے خلاف سپریم کورٹ میں ان کی بھی عرضی تھی۔اس کا عبوری فیصلہ سوموار 15 ستمبر کو سنادیا گیا ہے۔ چیف جسٹس بی آر گوائی اور اے جی مسیح پر مشتمل دورکنی ڈویژن بینچ کے اجلاس میں اس پر سماعت ہوئی تھی ۔گذشتہ 17 اپریل کو سابق چیف جسٹس سنجیو کھنہ کی عدالت میں جب عارضی روک لگی تو دل میں امید پیدا ہوئی تھی کہ یہ قانون منسوخ ہوجائے گا۔مگر یہ نہیں ہوا۔سپریم کورٹ نے دستوری تقاضے کے تحت اسے مسترد نہیں کیا اور منظور کرلیا۔ہاں اس کے کچھ متنازع ضابطوں کو روک دیا ہے جس سے مسلمانوں کو راحت ملی ہے۔معزز عدالت کے فیصلے پر کُل ہند مسلم تنظیمیں بٹی ہوئی ہیں۔ ان کا ردِ عمل ایک جیسا نہیں ہے۔کہیں اطمینان تو کہیں مایوسی ہے ۔مسلم پرسنل بورڈ اس فیصلے سے ناخوش ہے۔اس کا کہنا ہے عبوری فیصلے کا جائزہ لیا جارہا ہے اور وکیلوں سے مشورے کے بعد ہی تفصیلی بیان جاری ہوگا اور اگلا قدم اُٹھایا جائے گا ۔ دوسری طرف جمعیۃ علماء نے اطمینان کا اظہار کیا ہے ۔اس کے صدر مولانہ ارشد مدنی کا ماننا ہے کہ جن تین متنازع دفعات پر راحت ملی ہے اُن کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں ۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ ملک میں انصاف ابھی باقی ہے اور قانونی اور جمہوری طریقے سے ہم وقف ترمیمی قانون کی منسوخی کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔ قانون آیا ہے تو اس کی گرہیں رفتہ رفتہ کھلیں گی ۔ماہرین اس کے مختلف دفعات اور ضابطے کی تشریح کریں گے اور اُن پر تفصیل سے روشنی ڈالیں گے تب تمام باتیں بہتر طور سے سمجھ میں آئیں گی کہ وقف کے اموراور کارگذاریوں پر ترمیمی قانون کا کیا اثر پڑے گا۔مگر موجودہ صورت حال میں جو بات کھٹکتی ہے وہ یہ کہ سپریم کورٹ نے وقف املاک (Wakf by User) کی قانونی حیثیت کی منسوخی کو مان لیا ہے اور اسے برقرار رکھا ہے ۔یعنی وقف املاک کے آئینی درجہ (Legal Status) کو ختم کردیا گیا اور یہ اب نہیں رہے گا ۔مسلمانوں کو اس سے اُلجھن پیدا ہونے کا ڈر ہے ۔بے شمار وقف جائدادیں ایسی ہیں جو برسوں سے استعمال ہورہی ہیں اور بغیر دستاویز کی ہیں ۔ ان سے کاغذات طلب کئے جائیں گے تو وہ کہاں سے دکھائیں گے ۔تب رجسٹریشن کی روایت نہیں تھی ۔دوسری طرف سپریم کورٹ کا یہ کہنا ہے کہ وقف املاک کے خارج ہونے سے سرکاری زمین کی غیر قانونی دخل اندازی (Encroachment) پر قدغن لگے گا۔

ہاں یہ فیصلہ بہت اچھا ہوا کہ وقف جائداد کا تعین ضلع کلکٹر کے دائرہ اختیار میں نہیں رکھا گیا۔یہ شق ترمیمی قانون کے دفعہ 3C میں شامل تھا ۔اس سے مسلمان ایک خطرناک بھنور سے نکل آئے ۔ برسوں سے استعمال ہوتا آیا وقف املاک پر سوال اُٹھا تو معاملہ عدالت (Tribunal) میں جائے گا اور وہاں اس پر قانونی چارہ جوئی ہوگی۔ ضلع کلکٹر اس پر یک طرفہ فیصلہ نہیں کرسکتا اور نہ از خود رکارڈ کو بدل سکتا ہے۔ سپریم کورٹ نے وقف ترمیمی قانون کے دفعہ 3C کو بالکل غیر دستوری مانا اور اس کو مسترد کر دیا۔اس سے یہ ہوا کہ ضلع کلکٹر کی من مانی اور مرضی نہیں چلے گی ۔اس کے حقوق پر بندش لگ گئی۔ وقف جائداد پر قانونی چاری جوئی کرنے کا اختیار اسے نہیں دیا گیا۔ عدالت کا ماننا ہے کہ یہ کام کورٹ کا ہے ۔انتظامی اور قانونی اختیارات ایک ہاتھ میں نہیں رہنا چاہئے ۔یہ اختیار کی علیحدگی (Separation of Power) کے بنیادی اصول کے خلاف ہے ۔ وقف ترمیمی قانون کے دفعہ 3C میں یہ بیان تھا اگر کسی وقف زمین پر شک بھی ہو کہ یہ سرکاری ملکیت تھی تو اس کا وقف کا کردار ختم ہوجائے گا اور تفتیش کرنے والے افسر اور ریاستی حکومت کو سابق رکارڈ کو ازخود رتبدیل کرنے کا اختیار ہوگا ۔دفعہ 3C پر مسلم تنظیموں کو سخت اعتراض تھا۔وقف ترمیمی قانون کے اس ضابطے کو بھی روک دیا گیا جس میں کہا گیا ہے کہ وقف کرنے کیلئے کم سے کم 5 برس باعمل مسلمان ہونا لازمی ہے ۔عدالت کی ہدایت ہے کہ حکومت جب تک یہ وضاحت نہیں کردیتی کہ باعمل مسلمان سے کیا مراد ہے یہ روک قایم رہے گی۔ مرکزی وقف کونسل اور ریاستی اوقاف بورڈ میں غیر مسلم کی شمولیت کو برقرار رکھا گیا ہے۔ مرکزی کونسل میں 22 اور ریاستی وقف بورڈ میں 11 ممبران ہیں ۔ان میں کونسل میں زیادہ سے زیادہ 4 اور بورڈ میں 3 غیر مسلم شامل کئے جا سکتے ہیں۔ یہ بھی مانا گیا ہے کہ چیف ایکو کیٹیو آفیسر (Chief Execitive Officer) کے عہدے پر کوئی مسلم تعینات ہو تو بہتر ہے مگر غیر مسلم بھی تقرر ہوسکتا ہے۔ وقف ترمیمی قانون 2025 اب ایک ٹھوس حقیقت ہے ۔مسلم پرسنل لاء بورڈ اور جمعیۃ علماء کی جدوجہد جاری رہے گی یہ ٹھیک ہے مگر فی الوقت مرکزی وقف کونسل اور ریاستی اوقاف بورڈ کو نیا قانون مان کر چلنا ہوگا۔

اسرائیلی بربریت، معصوموں کے قتل عام کے خلاف پورا یورپ بنا مجسم احتجاج

خورشید فرازی

اسرائیلی فوج کی سفاکیت تھمنے کا نام نہیں لے رہی ہے۔ صیہونی فوج کے تازہ حملوں میں غزہ کے الشفاء اسپتال کے قریب 19 فلسطینی شہید اور درجنوں زخمی ہوئے، الشفاء اسپتال بھی بس نام کو ہے ورنہ پورا اسپتال چھ ماہ قبل ہی اسرائیلی بمباری میں کھنڈر بن چکا ہے اور اس وقت اس اسپتال میں موجود فلسطینیوں کی اکثریت اپنے شدید زخموں کا علاج کرارہی تھی جب خوفناک بم نے سبھی مریضوں کے دکھوں کا مداوا کردیا، اس اسپتال کی تباہی پر امریکہ کے سنڈے ٹائمز نے اسرائیل کی شدید مذمت کرتے ہوئے الشفاء اسپتال کے ملبے میں تبدیل ہونے کو بربریت کی انتہا قرار دیا تھا لیکن بے شرم امریکی صدر اور بے حیا اسرائیلی وزیر اعظم تو گویا مشن غزہ کو دماغ پر چڑھا کر تے ہیں کہ جلد یا بدیر پورے غزہ سے فلسطینیوں کا صفایا ہوجائے گا اور وہ پورے غزہ سٹی کو امریکہ کی خدمت میں پیش کریں گے جہاں یہ ابلیسی اولادیں عیاشی کی علامت والی پکنک اسپاٹ بنانا چاہتے ہیں جہاں فائیو اسٹار ہوٹل بنیں گے اور دنیا بھر کے عیاش قابل قدر شخصیتیں یہاں غزہ کی پاک سرزمین کو پراگندہ کرنے پہنچیں گی اور ملین ڈالر کے عوض میں یہاں کلب الشیاطین میں چھٹیاں گزارنے کے نام پر عیاشی کی نئی تاریخ مرتب کرینگے اور اس میں شک نہیں کیا جاسکتا کہ عرب ممالک کی نمائندگی بھی یہاں ہوگی۔ ویسے تو ڈھائی برسوں سے چین اور سعودی عرب محض دکھاوے کو اسرائیلی وزیر اعظم پر لعنت ملامت کررہے ہیں لیکن حیرت انگیز طور پر کسی بھی عرب ممالک میں غزہ کی خونریزی اور نسل کشی کے خلاف کوئی جلوس یا کوئی احتجاجی جلسہ نہیں ہوا۔ متحدہ عرب امارات سے چند لوگوں سے پوچھا گیا کہ دنیا کے کئی ممالک میں اسرائیلی درندگی کے خلاف زبردست احتجاجی جلوس نکل رہے ہیں آپ لوگوں کے یہاں جیسے سعودی عرب، قطر، متحدہ عرب امارات و دیگر اسلامی ممالک سے ایسی کوئی خبر سامنے نہیں آئی کہ غزہ کے حق میں وہاں کے لوگوں نے بھی احتجاج کئے ہیں جس پر انہوں نے کہا عرب ممالک میں احتجاجی جلسہ جلوس نکالنے، حکومت کے خلاف آواز اٹھانے یا کسی دوسرے ملک کے خلاف آواز اٹھانے کی اجازت نہیں ہے اور سخت پابندی ہے کہ وہ ایسے کسی احتجاجی جلوس میں شرکت کریں۔ یہ بات سمجھ سے بعید تھی کہ ان کے ملک سے چند سو کیلومیٹر کی دوری پر غزہ سٹی ہے اور وہاں بھی کلمہ گو بھائی رہتے ہیں اور اپنے بھائیوں کے قتل عام بلکہ نسل کشی کو دیکھتے ہوئے بھی ان کا دل نہیں پسیجتا۔ اس وقت جو نئے حالات رونما ہوئے ہیں اس سے دل کو کسی قدر سکون ملا ہے جب لندن سے موصولہ خبروں کے بموجب پتہ چلا کہ مشہور شخصیات نے ''تو گیدر فار فلسطین'' میں فلسطین کے حق میں آواز اٹھانے کی اپیل کی ہے ''ٹو گیدر فار فلسطین'' نامی ویڈیو بدھ کے روز لندن کے ویمبلی اسٹیڈیم متوقع فلسطین کے عطیات جمع کرنے کے لئے متوقع ایک بڑے کانسرٹ (Concert) سے پہلے جاری کی گئی جس میں کنسرٹ کی دنیا کی معروف شخصیتوں نے شرکت کی اور اس کنسرٹ ہال میں جمع 20000 لوگوں سے اپیل کی کہ وہ فلسطینیوں کے حق میں آواز اٹھائیں۔ ویڈیو میں شامل ان مشہور شخصیتوں نے زیادہ شعور اور یکجہتی پر زور دیا جن کا تعلق امریکہ سے ہے انہوں نے کہا کہ ہم یہ جانتے ہیں کہ اس ملک کے رہنما غزہ اور مغربی کنارہ میں شہریوں کے قتل عام میں پوری طرح شامل ہیں انہوں نے کہا کہ اس قسم کے کنسرٹ کے ذریعہ ہم فلسطینی بچوں کے لئے لاکھوں ڈالر کا فنڈ جمع کرسکتے ہیں ۔ یہ کنسرٹ یو۔ٹیوب سے براہ راست نشر کیا جائے گا۔ اس کنسرٹ میں جہاں امریکہ، برطانیہ، برازیل، نیوزی لینڈ، فرانس کے مشہور پلے بیک پاپ سنگر اور موسیقار ہیں جو اپنے ایک کنسرٹ سے کروڑوں روپئے کی آمدنی کرلیتے ہیں ۔ انہوں نے کہا ہم کھلے دل سے فلسطین کے بچوں کی مدد کرنا چاہتے ہیں جنہیں ظالموں نے زندہ درگور کر رکھا ہے۔ کنسرٹ کے منتظمین نے کہا کہ اس کنسرٹ کا مقصد نہ صرف چندہ جمع کرنا ہے بلکہ فلسطین کی آزادی کو بھی گھر گھر پہنچانا ہے تاکہ دنیا کھلی آنکھوں سے دیکھ لے کہ دور حاضر کا ابلیس نیتن یاہو اپنے سرپرست اور دنیا کا سب سے نجس شخصیت ڈونالڈ ٹرمپ کی مدد سے کس طرح سے 7 اکتوبر 2023 سے 17 ستمبر 2025 تک کس طرح سے 79000 فلسطینیوں کی نسل کشی کرچکا ہے اگرچہ سرکاری اعداد و شمار میں مرنے والے فلسطینیوں کی تعداد اب تک 65000 بتائی جارہی ہے لیکن وہ ہزاروں لوگ جو کل ملا کر 1345 بڑی بڑی عمارتوں کے مسمار ہونے کے سبب سے ملبے تلے دبے معبود حقیقی سے جا ملے، اب جب کبھی بھی ان تمام مسمار عمارتوں کے ملبے کو صاف کیا جائے گا تو پتہ نہیں کتنے ہزار انسانی ڈھانچے برآمد ہوں گے اور ان اموات کا اندازہ کسی طور پر نہیں لگایا جاسکتا۔ منتظمین جو کہ عیسائی ہیں اور عیسیٰ مسیح کو مان کر چلتے ہیں، انہوں نے کہا کہ اس تقریب کا مقصد مشکل ترین حالات کے شکار لوگوں کی حمایت کرنا اور دنیا کو اس طرف سے لاپرواہی برتنے کی اجازت نہ دینا ہے۔ واضح رہے کہ غزہ میں 23 اکتوبر 2023 سے اب تک بدترین ناکہ بندی کا سامنا ہے اور اسرائیلی دہشت گرد جوان کے مسلح افواج ہیں انہوں نے ڈھائی برسوں کے دوران تقریباً 75 ٹرکوں کو دھماکے سے بلاسٹ کردیا ہے اور ان ٹرکوں میں چاول، آٹا، میدہ، دودھ، بچوں کے لئے خشک دودھ کے ڈبے، ادویات اور ڈبل روٹی بھرے ہوئے تھے اور ہر ٹرک میں کم از کم 20 لاکھ روپئے کے سامان اشیاء خوردنی و دوائیں تھیں ایسے میں 75 ٹرکوں کو برباد کردینے سے کتنا نقصان ہوا ہوگا لیکن یہاں نفع نقصان کی بات نہیں ہے۔ ان عیسائیوں جس میں سینکڑوں اسرائیلی یہودی بھی شامل تھے انہوں نے بھی پرزور آواز اٹھائی اور کہا کہ ملک اس وقت ایک خطرناک انسانیت کے دشمن کے ہاتھوں تباہی و بربادی کی طرف گامزن ہے ایسے میں، ہم نیتن یاہو سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ فوری طور پر جنگ بندی کرے اور معصوموں کے قتل عام سے گریز کرے۔ حیرت انگیز طور پر لندن کے اس احتجاجی جلوس میں سینکڑوں کی تعداد میں یہودیوں نے بھی حصہ لیا اور کہا کہ نیتن یاہو صیہونیوں کا ترجمان نہیں اسرائیلی صیہونی یہ سمجھ چکے ہیں کہ نیتن یاہو اپنے عمل کے ذریعہ پورے اسرائیل کو نیست و نابود کرنے کی غلطی کرچکا ہے اور ہمیں یہ معلوم ہے کہ اب ترکی، یمن سب کے سب حماس کے ساتھ مل کر اسرائیلی صیہونیوں کو ختم کرنے کے لئے سخت ترین کارروائی کرینگے اور اسی کے لئے وہ نہیں چاہ رہے ہیں کہ نیتن یاہو اپنے ناپاک منصوبوں کے ساتھ مزید آگے بڑھے اور ساری دنیا میں اسرائیل مخالفف لہر دوڑادے۔ عبرانی زبان میں بڑے بڑے بینروں میں نیتن یاہو کے خلاف جملے تحریر تھے۔

روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | سنیچر، ۲۰ ستمبر ۲۰۲۵ء

ڈونالڈ ٹرمپ کے لندن پہنچنے پر ہزاروں عیسائی اور یہودیوں نے احتجاج کیوں کیا؟

اسرائیل کی مدد سے امریکہ 73000 سے زائد معصوم فلسطینیوں کے قتل عام کا علمبردار بنا ہے اور یہ دیکھتے ہوئے کہ پورا یورپ مجسم احتجاج بنا ہوا ہے، اس کے باوجود ٹرمپ کی اسرائیل نوازی نہیں جارہی ہے اور وہ اپنے آپ کو صیہونیوں کا سرپرست اعلیٰ تصور کرچکا ہے کیونکہ نیتن یاہو نے وعدہ کیا ہے کہ پورے غزہ پٹی سے ایک ایک فلسطینی کو ختم کرکے پورے غزہ سٹی میں بلڈوزر چلاکر زمین کو ہموار کرکے امریکہ کے حوالے کردے گا تاکہ وہ وہاں پر پکنک اسپاٹ بنائے۔اس دوران ڈونالڈ ٹرمپ کے حوالے کردے گا تاکہ وہ وہاں پر پکنک اسپاٹ بنائے۔اس دوران ڈونالڈ ٹرمپ جب سرکاری دورہ پر لندن پہنچے، وہاں ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کے احتجاج کا سامنا کرنا پڑا جو سیاہ پرچم اٹھا کر ٹرمپ کو لعنت ملامت کررہے تھے۔ برطانیہ کے دستور کے مطابق پرامن احتجاج کا حق سبھی کو ہے لیکن یہ احتجاج اگر پرتشدد، ہنگامے، آگ زنی اور سرکاری جائیدادوں کی توڑ پھوڑ میں ملوث ہوا تو پھر برطانوی حکومت اپنے قوانین کے مطابق کارروائی کرے گی۔ لندن کے ہوائی اڈے ہیتھرو سے ٹرمپ اپنی اہلیہ میلانیا کے ساتھ شاہی خاندان کی رہائش گاہ ونڈسر کیسل پہنچے جہاں بادشاہ چارلس، ان کی اہلیہ رانی کیملا، ولی عہد شہزادہ ولیم اور ان کی اہلیہ کیتھرین نے ان کا استقبال کیا۔ امریکی صدر ٹرمپ کا دورہ برطانیہ کے دوران ونڈسر محل کے باہر ہزاروں کی تعداد میں احتجاجیوں نے سیاہ جھنڈے اٹھا کر ٹرمپ کے خلاف احتجاج کیا جس کی ایماء پر اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کی اتنی ہمت بڑھ گئی ہے کہ وہ بیک وقت غزہ، یمن، قطر، تیونس، شام اور لبنان میں حملہ کررہا ہے اور اب ترکیہ (ترکی) کو زبردست خطرہ لاحق ہے کیونکہ امریکہ نے اسرائیل کو اب ترکیہ کے خلاف حملہ کرنے کی ہدایت دیدی ہے اور ترکیہ کو بھی احساس ہوچلا ہے کہ اسرائیل کا اگلا نشانہ ترکیہ بنے گا اسی وجہ سے ترکیہ کے صدر رجب اردوگان نے فوری طور پر عرب ممالک کی ایک مشترکہ میٹنگ بلوائی ہے اور اس میں وہ سبھوں کی رائے لینا چاہتے ہیں چونکہ اسرائیل کی سرپرستی کرتے ہوئے امریکہ سبھوں کو یہ باور کراچکا ہے کہ وہ اسرائیل کا سرپرست ہے اور اسرائیل کے خلاف آنکھیں ٹیڑھی کرنے والوں کو براہ راست امریکہ کی مخالفت مول لینی ہوگی۔ یہاں یہ سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ امریکہ کب تک مسلم ممالک کو گیڈر بھبھکیاں دیتا رہے گا اور کب تک یہ مسلم ممالک اپنے آپسی رنجشوں میں الجھے رہیں گے اور کب تک امریکہ کی جی حضوری کرتے رہیں گے۔ یہاں غزہ میں جو صورتحال ہے اس کے بارے میں صرف یہی کہا جاسکتا ہے کہ ''اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد'' تو یہ وقت بھی مسلمانوں کے لئے ساری دنیا میں کربلائی کیفیت جیسی ہے لیکن اسی کیفیت کو ہم اگر اپنی تقدیر سمجھ کر شاکر و صابر بنے رہے تو یہ اضمحلال ہمیشہ طاری رہے گا۔ اس وقت لندن میں جو ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے ٹرمپ کے خلاف احتجاج کیا انہیں قاتل کا سرپرست اور انسانیت کا دشمن قرار دیا تو ٹرمپ اس انداز میں مسکرائے جیسے یہ سارے القابات انہیں غزہ کے قتل عام کے سلسلے میں مل رہے ہیں اور ان کا سر فخر سے کچھ اور بلند ہوگیا کہ اسرائیل تو محض ایک علامت ہے لیکن اس قتل عام کا سارا کریڈٹ انہیں مل رہا ہے لہذا یہ احساس فخر کہ وہ اتنی بڑی تعداد میں 73000 مسلمانوں کے قتل عام کا وہ محرک بنے ہیں ان کا سینہ کچھ اور چوڑا ہوگیا ہے اور انہیں محسوس ہوا اسرائیل نے اسے نوبل انعام سے بھی بڑا اعزاز دیدیا ہے پھر وہ کیونکہ نہ اسرائیل کی سرپرستی کریں۔ لندن کے شاہی محل کے باہر ہزاروں مظاہرین کو پرزور احتجاج کرتے دیکھا گیا جس میں سبھی عیسائی، افریقی نسل کے عیسائی اور یہودیوں کی بڑی تعداد تھی۔ اور یہ لوگ فلسطینی پرچم لہراتے ہوئے ٹرمپ کی دوغلی پالیسی کے خلاف احتجاج کررہے تھے۔ ٹرمپ کے خصوصی جاسوسوں کی تنظیم ایف بی آئی کے افسروں نے بتایا کہ احتجاجیوں میں عیسائی فرقے کے لوگ تھے جس میں پروٹسٹنٹ کی بڑی تعداد تھی وہ ٹرمپ کے خلاف بینر اٹھائے ہوئے تھے اور ٹرمپ سے مطالبہ کیا گیا تھا کہ وہ غزہ میں فی الفور جنگ بند کرائے جہاں اسرائیل یومیہ 100 افراد کو قتل کررہا ہے اور اس قتل عام پر ٹرمپ ہر دن نیتن یاہو کے نام پیغام تہنیت دیتے ہوئے اسے یقین دلاتا رہا ہے کہ اسے کسی چیز کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ابھی امریکہ کا ہاتھ اس پر ہے اور دنیا کی کوئی طاقت اس کے خلاف آنکھ نہیں اٹھا سکتی ہے۔ (خ الف ف)

نیپال کا حال اور اس کا مستقبل

پروفیسر مجتبیٰ حسین

نیپال کی عوامی بغاوت جو صرف 8/ اور 9/ ستمبر 2025 دو دن ہی چلی، جتنی اچانک ہوئی اتنی ہی جلد وہ معاشرے کو متاثر بھی کرگئی۔ 8/ ستمبر کو کاٹھمنڈو، دھران، پوکھرا اور دیگر شہروں میں جینجی (Gen-zee) یعنی 1995 اور 2015 کے بیچ پیدا ہونے والے لڑکے لڑکیوں کا ہجوم سڑکوں پر جمع ہوگیا۔ ان کا نعرہ تھا ''جیسے انہوں نے ہمارا حقہ پانی بند کیا ہے ویسی ہی ہم ان کا حقہ پانی بند کردیں گے''۔ وہ کہہ رہے تھے سوشل میڈیا کیوں بند کیا، اتنا کرپشن کیوں ہے، اتنی انتظامیہ کی صورتحال خراب کیوں ہے۔ 8 تاریخ کو سنگھ دربار کے پاس پولس نے ہجوم سے گھبرا کر فائرنگ کی، جس میں 19 نوعمر بچے مارے گئے یہ آگ میں گھی ثابت ہوا۔ 9 ستمبر کو لوگوں نے جمع ہوکر بڑے منتظم ڈھنگ سے سنگھ دربار، پارلیمان، سپریم کورٹ، کچھ اخباروں کے دفاتر جیسے کانتی پور کا دفتر، کچھ ہوٹل جیسے ہل ٹن، کچھ تجارتی آفس جیسے گولڈ کوس میں آتشزدگی کی اور کچھ سیاستداں، کچھ وزیر اور ایک سابق وزیر اعظم کی اہلیہ کو آگ میں زندہ جلادیا۔ 10 تاریخ کو جینجی کو اپنے کئے پر ندامت ہوئی اور وہ جھاڑو اور پوچھا لیکر کاٹھمنڈو کی سڑکوں کو صاف کرنے نکل پڑے۔ نیپال کی 2021 کی مردم شماری کے مطابق وہاں کی آبادی لگ بھگ تین کروڑ ہے، عورتیں اور مرد برابر ہیں، شہروں میں 63 فیصد اور گاؤں میں 36 فیصد لوگ رہتے ہیں۔ ان کی فی کس آمدنی نیپالی کرنسی میں 33 ہزار روپے ہے۔ مذہبی لحاظ سے ہندو 81 فیصد، بودھ 8 فیصد، مسلمان 5 فیصد، آدی باسی مذہب کو ماننے والے کیرات 3 فیصد ہیں۔ ذاتوں اور برادریوں کے لحاظ سے جو نیپال میں بہت اہم ہوگیا ہے چھتری یعنی ملیے 16.6 فیصد، برہمن یا خس 12.5 فیصد ہیں انہیں جوڑ کر خسمل کہتے ہیں۔ عام لوگوں کی شکایت ہے کہ پورے نظام پر ان ہی کا قبضہ ہے۔ چھتریوں کو لگتا ہے کہ کم آبادی کے باوجود سبھی اہم جگہوں پر برہمنوں نے قبضہ کرلیا ہے ان میں بھی آپسی کشیدگی ہے۔ دلتوں کا فیصد 13.8 فیصد ہے یہ پہاڑی دلت اور مدھیسی دلت میں بٹے ہیں، بڑے غریب ہیں۔ آدیباسی لگ بھگ 35 فیصد ہیں لیکن اقتدار سے محروم ہیں ان میں تمانگ، ماگر، تھارو، شیرپا، رائے، گرونگ، نیوار، چیپانگ زیادہ اہم ہیں۔ 1993 سے دلتوں ادیباسیوں کو ریزرویشن ملا ہے پر یہ ناکافی ہے۔ یہاں لوہار، بڑھی وغیرہ لگ بھگ 5 فیصد ہیں لیکن کمزور ہیں۔ تاریخ کے مطالعہ سے پتا چلتا ہے کہ صرف ترائی کو چھوڑ کر اس پہاڑی علاقے پر لوگوں کی نظر کم ہی گئی ہے۔ ملیے راجہ اور زمیندار آپس میں لڑتے جھگڑتے رہے۔ ملیے دور حکومت میں سب کو متحد کیا۔ کاٹھمنڈو کی گھاٹی سب سے مشہور جگہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ بنگال کے سلطان شمس الدین نے بھی اسی 13 ویں صدی میں یہاں کی مندروں کو لوٹا، پر یہاں بسے نہیں۔ انگریزوں نے ان کو 1818 میں ہرا دیا تھا لیکن یہاں راج کبھی نہیں کیا کیونکہ راج کرنے کو کچھ تھا ہی نہیں۔ 1818 میں انگریزوں اور ملیوں میں ایک معاہدہ ہوا جس کے تحت نیپال کے گورکھا فوجیوں کو انگریزی فوج میں بھرتی کیا جانے لگا۔ نیپال کے کھاتے پیتے لوگ زیادہ تر ہندوستان میں پڑھے لکھے، بنارس اور پٹنہ ان کے لئے تعلیم کی جگہ تھی۔ بھارت سے ان کا رشتہ برابر ہی قریبی رہا ہے۔ بھارت کی کانگریس پارٹی سے متاثر ہوکر 1947 میں نیپالی کانگریس بنی، جس کے بانی بی پی کوئرالا تھے۔ 1949 میں نیپال کی کمیونسٹ پارٹی بنی، 1950 میں بھارت اور نیپال کے بیچ ایک معاہدہ ہوا۔ ایک دوسرے کے یہاں آنے جانے پر سبھی پابندیاں ہٹ گئیں، کچھ لوگوں کو بھارت میں ریزرویشن بھی ملا۔ نیپال میں بادشاہت اور بھارت میں جمہوریت قائم ہوئی۔ 1959 میں تحریک کے بعد ایک قانون کے مطابق انتخاب ہوئے، بی پی کوئرالا کچھ ہی دنوں کے لئے وزیر اعظم بنے تب راجا مہندر نے تختہ پلٹ دیا اور نام نہاد پنچایتی جمہوریت قائم کی۔ اس کے بعد بغاوتوں کا دور شروع ہوگیا۔ 1990 سے جمہوریت اور بادشاہت کی تکرار چلی، کمیونسٹوں نے 1996 میں تحریک شروع کی۔ 2006 میں ایک معاہدہ ہوا اور پھر آئین بنانے کی قواعد شروع ہوئی، 2015 میں آخرکار آئین نافذ ہوگیا، بادشاہت ختم کردی گئی۔ تین پارٹیاں اس میں دو کمیونسٹوں کے حلیف تھیں اور نیپالی کانگریس کبھی ساتھ مل کر کبھی اکیلے اقتدار میں بنے رہے۔ پچھلے دس سالوں میں ان ہی کا راج رہا۔ کمیونسٹوں کو اپنا نظام چلانے کا موقع نہیں ملا۔ جمہوری نظام میں نیپالی کانگریس کے بغیر اقتدار میں آنا مشکل تھا اسی لئے نام تو کمیونسٹوں کا تھا لیکن کام کاج سرمایہ دارانہ نظام سے چلا۔ اس کے سبب آپسی تال میل نہیں بنا اور اس کا نتیجہ سامنے ہے۔ جہاں تک نیپال کے جغرافیائی حدود کی ہے۔ یہ ملک چھوٹا ہے، سمندر سے دور ہے، دو بڑے ہمسائے ممالک کے بیچ پھنسا ہے، شکر ہے کہ چین دور ہے پہاڑوں سے رکا ہے، نیپالیوں کو بھارت سے بغض ہے پر بھارت کے بغیر ان کا کام چلنے والا نہیں۔ بیشتر تاجر اور صنعت کار ہندوستانی ہیں، ایک صاحب نے کہا تھا پڑوسی بدلے نہیں جاسکتے، ان کو ہٹایا بھی نہیں جاسکتا۔ 1990 میں جب سیاست میں غیر استحکامی صورتحال پیدا ہوئی تو وہاں کے نوجوان ملک سے باہر جانے لگے، وہ اسرائیل گئے، دوسروں کے لئے یہ ممنوع تھا لیکن ان کے لئے جاپان کا دروازہ کھلا تھا، دوبئی گئے، ملیشیا گئے۔ انہوں نے خوب پیسہ کمایا اور ملک میں بھیجا۔ یہ لگ بھگ 11 بیلین ڈالر کے برابر تھے۔ نیپال کی معیشت کے لحاظ سے یہ وہاں کی 30 فیصد تھی۔ نیپال کی گڑبڑی میں ان باہری نیپالیوں کا بھی بہت بڑا رول ہے۔ ان کو لگتا ہے پیسے وہ بھیجتے ہیں اور وہاں کے حکمراں موج مستی کرتے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ نیپال کو امریکہ دوسرے مغربی ممالک، بھارت اور چین سے بھی کافی مدد ملی ہے۔ بھارت اور چین نے یہاں سڑکیں بنائیں۔ بجلی کے کارخانے لگائے، باندھ بنائے، آبپاشی کی بڑی بڑی اسکیموں کو لاگو کیا، نیپال کی عوام کو ان کا فائدہ نہیں ہوا بلکہ کمیونسٹ پارٹی کے دو دھڑے اور نیپالی کانگریس کے لیڈران اور ان کے اہل وعیال موج مستی کرتے رہے، اس تحریک میں اس کا بڑا رول رہا ہے۔ ثقافتی طور پر دیکھیں تو نیپال میں مندروں کا جال بچھا ہے یہاں حکمرانوں نے عام طور پر ان ہی مذہبی عقیدے سے فائدہ اٹھا کر اقتدار پر اپنا قبضہ بنائے رکھا ہے۔ پہاڑ میں گانے بجانے اور پینے کا شوق پرانا ہے، کہتے ہیں کہ شام ہوتی ہے اور نیپال مست ہوجاتا ہے۔ یہاں ملیے راجاؤں اور بھاٹ برہمنوں نے خوب مندر بنوائے۔ یہاں مشہور پشوپتی ناتھ کا مندر ہے۔ یہاں بھارت ہی نہیں دوسرے ممالک سے بڑی تعداد میں لوگ آتے ہیں۔ حال کے دنوں میں سوشل میڈیا نوجوانوں میں بڑی مقبول ہوئی ہے، روزگار ہے نہیں یہ اسی میں لگے رہتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ آخر یک بیک اتنا بڑا ہنگامہ کیسے ہوگیا۔ یہ طئے ہے کہ غیر اطمینانی اندر ہی اندر سلگ رہی تھی، سپریم کورٹ نے 1 ستمبر کو ایک مقدمے میں فیصلہ دیا کہ جو باہر کے سوشل میڈیا پلیٹ فارم نیپال میں اپنا کاروبار کررہے ہیں انہیں نیپال میں اپنا رجسٹریشن کرانا ہوگا اور اپنا ایک دفتر کھولنا ہوگا۔ سرکار نے اسی فیصلے کے مدنظر سوشل میڈیا کو بند کردیا جن کے نتیجہ میں جو ہوا وہ سب کے سامنے ہے۔ اب بات یہ ہے کہ ایسا ہوا کیوں؟ وجوہات بہت سارے ہیں پہلی بات یہ ہے کہ حکومت اپنی اندرونی کشمکش کی وجہ کر کچھ کر نہیں پارہی ہے۔ دو طرح کی پارٹیاں تھیں، کوئی روک ٹوک نہیں تھا اس سے کرپشن بڑھا، بدنظمی ہوئی اس لئے غصہ بڑھا، دوسری بات راج شاہی سے جڑا ہے، بادشاہ ایک تھا ان کے خاندان میں کچھ لوگ تھے پر ان کے ماتحت میں ہزاروں زمیندار اور ان کے مصاحب تھے۔ کچھ ماہرین کا ایسا ماننا ہے کہ نیپال میں جو کچھ حالیہ دنوں ہوا اس کے پشت پر امریکہ ملوث ہے اس نے طویل وقت سے نیپال کی فوج میں اور ان کے افسروں میں اپنی پکڑ بنائی اور فوج نے اس واقعہ میں اپنا صحیح کردار شاید بیرونی مداخلت کے چلتے نہیں نبھایا۔ فرانس میں 1789 کے انقلاب کے بعد اسے دنیا کا عالمی انقلاب کہا گیا۔ پانچ بار بادشاہت واپس ہوئی۔ ابھی تو نیپال میں تین ہی بار ایسا ہوا ہے۔ بھارت اور چین کا تنازعہ بھی اس ہنگامے کی ایک وجہ ہے جب سے کے پی اولی چین گئے ان کے خلاف اختلاف بڑھا۔ ایک چوتھی وجہ نیپال میں ہندو راج قائم کرنے والوں کی سرگرمیاں بھی ہیں۔ بی بی سی کی ایک رپورٹ کے مطابق وہاں کے آٹھ ضلعوں میں یہ بڑے سرگرم ہیں۔ 9 ستمبر کو جس منظم ڈھنگ سے آگ زنی ہوئی اس سے ان کی طرف نظر جاتی ہے۔ ایک وجہ چھتریوں اور برہمنوں کی آپسی رسہ کشی اور ان دونوں کے خلاف عوام میں خاص کر مدھیشیوں میں، دلتوں میں اور آدی باسیوں میں بڑا غصہ تھا۔ پوری دنیا کی طرح یہاں بھی بے روزگاری بڑھی ہے اور اس میں زیادہ تر یہ لوگ بے روزگار ہیں۔ طبی نظام سے بھی یہ لوگ غیر مطمئن ہیں۔ ایسی صورتحال میں اس طرح کی کشیدگی کا ہونا غیر متوقع نہیں تھا۔ لوگ سری لنکا اور بنگلہ دیش کی گڑبڑیوں سے اس کا موازنہ کررہے ہیں وہاں جمہوریت کی ایک لمبی روایت رہی ہے، نیپال میں تو یہ صرف دس سال پرانا ہے۔ ایک بڑا سوال ہے کہ اب ہوگا کیا؟ فی الوقت کچھ کہنا مشکل ہے۔ ایسا نہیں کہ نیپال میں بادشاہت آ ہی نہیں سکتی ہے لیکن ابھی مشکل لگتا ہے۔ ہندو راج والے یا راج شاہی کے خیرخواہ ان سے تال میل کررہے ہیں لیکن جب یہ زیادہ سرگرم ہوں گے تب ماؤوادی بھی زمین کھود کر باہر نکل آئیں گے۔ نئی وزیر اعظم سوشیلا کھلکی نے جن تین نئے وزراء کو کابینہ میں شامل کیا ہے اس کی بہت مخالفت ہورہی ہے۔ سوشل میڈیا کے حامی نیپال والوں کی نیت پر شک کررہے ہیں۔ ان کا ماننا ہے کہ انہوں نے وزیر اعظم بننا مان لیا ہے یہ بڑی بات ہے پر ماؤوادیوں سے ان کی بنتی نہیں ہے۔ انہوں نے عدم اعتماد کی تجویز لاکر ان کو ہٹوادیا تھا۔ اسی لئے بھارت میں سنگھ پریوار والے ان کے آنے سے خوش ہیں۔ نیپال میں 2026 کے مارچ میں انتخاب کرانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ انتخاب میں نئی پارٹیاں تو آسکتی ہیں لیکن جو پرانی پارٹیاں ہیں ان کو ختم کرنا مشکل ہے، تاریخ گواہ ہے کہ کسی چیز کو برباد کرنا آسان ہے، اداروں کو پھر سے بنانا مشکل ہوتا ہے۔ ابھی یہ کہنا مشکل ہے کہ آگے کیا ہوگا لیکن ایسا لگتا ہے گرد غبار جب بیٹھ جائے گا تب کسی نہ کسی صورتحال میں جمہوریت اپنی جگہ بنالے گی۔

☆☆☆

کیا مسلم ممالک کے حکمراں کسی غیبی مدد کے انتظار میں ہیں؟

سرفراز احمد قاسمی
حیدرآباد

کہتے ہیں کہ جب کسی قوم کے سربراہوں، قیادتوں اور رہنماؤں کے اندر وھن کی بیماری پیدا ہوجاتی ہے تو پھر زبان سے بھی ایسے الفاظ نکلتے ہیں جو بزدلانہ، احمقانہ اور چاپلوسانہ ہوتے ہیں، عملی اقدام، مقابلہ آرائی اور آنکھ میں آنکھ ملاکر جواب دینے کے لئے خالد بن ولید کی جرأت و بسالت، صلاح الدین ایوبی کا ایمانی ولولہ اور طارق بن زیاد کا جوش وجذبہ چاہئے جن سے آج دنیا بھر کے مسلم حکمراں تہی دامن ہیں، ایسے میں ان سے کسی طرح کی کوئی ایسی امید رکھنا کہ یہ اپنے دشمنوں کو منھ توڑ جواب دیں گے، بہت بڑی حماقت ہے، ہمارے عرب اور مسلم حکمرانوں کو اٹلی کا پرفیوم، جاپان کی بوسکی، لندن کا چپل، روس کی آبرو باختہ حسینائیں اور اسرائیل کی دوشیزائیں، اس دنیا کی عیش وعشرت کے لئے کافی ہیں تو پھر انھیں اور کیا چاہئے؟ جب انھیں یہ ساری چیزیں حاصل ہیں تو بھلا وہ اپنی جان اور اپنے اقتدار کو خطرے میں کیوں ڈالیں؟ انکے رویے کو دیکھ کر میرے کچھ دوست کہتے ہیں کہ کیا درجنوں مسلم ممالک اور انکی قیادت کو کسی غیبی مدد کا انتظار ہے؟ سوال یہ بھی ہے کہ آخر غیبی مدد آئے گی کیسے؟ گذشتہ دنوں قطر کے دارالحکومت دوحہ میں ہنگامی طور پر دو روزہ عرب اسلامی سربراہی اجلاس موجودہ صورتحال کے تناظر میں انتہائی مایوس کن رہا جس میں صرف اسرائیل کی مذمت پر اکتفا کیا گیا، اسرائیلی اور صیہونی جارحیت کو روکنے کے لئے کوئی سخت پیام دینے سے بھی گریز کیا گیا، مسلم ممالک نے ایک مشترکہ اعلامیہ جاری کیا جس میں کہا گیا کہ قطر پر اسرائیلی حملہ خطے میں امن کی کوششوں کے لئے بڑا دھکا ہے، قطر پر اسرائیل کے بزدلانہ اور غیر قانونی حملے کی مذمت کی جاتی ہے، اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ قطر پر اسرائیل کے بزدلانہ اور غیر قانونی حملے کی شدید الفاظ میں مذمت اور قطر کے ساتھ مکمل یکجہتی اور ردعمل کے لئے ہم سب اس کے اقدامات کی حمایت کرتے ہیں، مشترکہ اعلامیہ میں یہ بھی کہا گیا کہ قطر کے خلاف اسرائیل کی وحشیانہ جارحیت، خطے میں امن کے امکانات کو نقصان پہنچا رہی ہے، غیر جانبدار ثالث پر حملہ امن کی کوششوں کے لئے خطرہ ہے، قطر پر مزید حملوں کی اسرائیلی دھمکیوں کو مسترد کیا جاتا ہے، مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا کہ فلسطین پر اسرائیلی قبضہ سنہ 1967 کی سرحدوں کے مطابق ختم ہونا چاہیے، اعلامیہ میں حملے سے نمٹنے میں قطر کے مہذب اور دانشمندانہ موقف کی تعریف اور غزہ میں جارحیت روکنے کے لئے ثالث قطر، مصر اور امریکہ کی کوششوں کی حمایت کی گئی، اعلامیہ میں مزید کہا گیا کہ کسی بھی بہانے اسرائیلی جارحیت کو جواز فراہم کرنے کی کوششوں کو ہم یکسر مسترد کرتے ہیں، اعلامیہ کے مطابق عرب لیگ نے کہا کہ مسلم ممالک کو اجتماعی خطرات کا متحد ہوکر مقابلہ کرنا ہوگا، ریاستی خودمختاری کا احترام اور اندرونی معاملات میں عدم مداخلت ضروری ہے، اجلاس میں مسلم ممالک کے سربراہان نے کہا کہ اسرائیل نے تمام حدیں پار کرلی ہیں، اقوام متحدہ کے چارٹر اور عالمی قوانین کی خلاف ورزی پر اسرائیل کو جواب دہ ٹھہرانا ہوگا اور مشرق وسطی میں امن کے لئے مسئلہ فلسطین حل کرنا ہوگا، صیہونی جارحیت روکنے کے لئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ دوحہ پر اسرائیلی حملے کے ایک ہفتے بعد عرب لیگ اور دیگر مسلم ممالک کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا، اسے حسن اتفاق کہیں یا کچھ اور لیکن یہ اجلاس ابراہیمی معاہدے کے دستخط کی پانچویں سالگرہ کے موقع پر ہورہا ہے، یاد رہے کہ 2021 میں ہونے والے ابراہیمی معاہدے کے نتیجے میں اسرائیل اور عرب ممالک نے معمول کے تعلقات قائم کرنے کا اعلان کیا تھا یہ اجلاس ایسے وقت ہوا ہے جب مشرق وسطی کے اکثر ممالک اور اسرائیل کے درمیان سیاسی تناؤ بڑھتا جارہا ہے، غزہ میں اسرائیل کی جنگ اب تیسرے سال میں داخل ہورہی ہے، جبکہ خطہ کے دیگر ممالک بھی اس کی تباہ کاریوں سے دوچار ہیں، حماس نے عرب، مسلم ممالک اور دنیا بھر کی باثر طاقتوں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اسرائیل کا بائیکاٹ کریں اور اسے سیاسی واقتصادی طور پر تنہا کرنے کے لیے کام کریں، انہوں نے اسرائیل کی جانب سے بین الاقوامی قوانین کی کھلے عام پامالی کے خاتمے کا بھی مطالبہ کیا، حماس کی جانب سے گذشتہ اتوار کو جاری ایک میمورنڈم میں غزہ مغربی کنارے اور یروشلم میں اسرائیلی جارحیت، فلسطینیوں کی نسل کشی کو روکنے اور اسرائیلی رہنماؤں کے خلاف بین الاقوامی عدالتوں میں مقدمہ چلانے کے لئے دباؤ ڈالنے کا بھی مطالبہ کیا ہے، حماس نے دوحہ سربراہی اجلاس کے شرکاء پر زور دیا تھا کہ وہ غزہ میں نسل کشی اور مغربی کنارے یروشلم، لبنان، شام، یمن، تیونس اور قطر میں صیہونی قبضہ کے جرائم کو روکنے کے لیے تاریخی اتفاق رائے کا اظہار کریں، ان کا کہنا ہے کہ اسرائیلی وزیر اعظم "گریٹر اسرائیل" منصوبہ کو پورا کرنے، مشرق وسطی کی تشکیل نو اور غلبہ حاصل کرنے کے لئے پورے خطے کو تباہی کے دہانے پر لے جارہے ہیں، لیکن سیاسی تجزیہ نگاروں کا خیال ہے کہ دوحہ سربراہی اجلاس کا کوئی فائدہ نہیں ہوا، سیاسی ماہرین نے دوحہ سربراہی اجلاس پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ اتحاد مردہ ہوگیا ہے، جسکی اب کوئی ضرورت نہیں ہے، اسرائیل اور امریکہ جو زبان سمجھتے ہیں، اس پر عرب حکومتوں کو عبور نہیں ہے، سربراہی اجلاس سے مذمت سے بڑھ کر کسی چیز کی امید نہیں تھی یہ اجلاس ایسے وقت ہوا جب اقوام متحدہ کے تحقیقاتی کمیشن کی جانب سے اسرائیل پر غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی کے الزامات اس رپورٹ کی بنیاد پر لگائے گئے ہیں جس کے مطابق 2023 میں حماس کے ساتھ جنگ کے آغاز کے بعد سے اسرائیل بین الاقوامی قانون کے تحت کسی معاملے کو نسل کشی قرار دیے جانے کے لیے درکار پانچ اقدامات میں سے چار کا مرتکب ہوا ہے، خطہ اسوقت ایک اہم تاریخی موڑ پر کھڑا ہے جس کے لئے اسرائیل کی طرف سے درپیش چیلنج کو ختم کرنے کی ضرورت ہے، بہت سے اقدامات تھے جو عرب اور مسلم دنیا کے ممالک اٹھا سکتے تھے اور اسرائیل کو سخت پیام دے سکتے تھے، جن ممالک نے اسرائیل کے ساتھ سفارتی اور اقتصادی تعلقات قائم کرر کھے ہیں یہ ممالک ان تعلقات پر دوبارہ نظر ثانی کا عندیہ دے سکتے تھے، عرب ممالک اسرائیل کے ساتھ اقتصادی اور سیاسی تعلقات پر نظر ثانی، اس کے مغربی اتحادیوں اور شراکت داروں پر دباؤ ڈال کر اپنی اہمیت منوا سکتے تھے، خلیجی ممالک، دنیا کو تیل کی ضروریات کا 40 فیصد فراہم کرتے ہیں اور یہ معاملہ انہیں خاص بناتا ہے، بین الاقوامی عدالتوں اور تنظیموں کے ذریعے اسرائیل پر گھیرا تنگ کرنے کی حکمت عملی بھی سودمند ہوسکتی تھی لیکن افسوس کوئی سخت پیام نہیں دیا گیا گویا ایک شاندار موقع مسلم ممالک کے ہاتھ سے نکل گیا۔ 9۔ ستمبر 2025 کو اسرائیل نے دوحہ کے رہائشی علاقے پر حملہ کیا، اس حملے میں کئی جہازوں نے حصہ لیا اور بمباری کے نتیجے میں 6 افراد شہید ہوئے جن میں فلسطینی اور ایک قطری سکیورٹی اہلکار شامل تھے، دراصل اس حملے کا نشانہ حماس کی وہ قیادت تھی جو مذاکرات کے لئے جمع ہوئی تھی، قطر نے اسی پس منظر میں او آئی سی کا ایمرجنسی اور ہنگامی اجلاس بلایا تھا۔ لطیفہ یہ ہوا کہ کانفرنس کے بعد جب عرب لیگ کے اسسٹنٹ سکریٹری جنرل، حسام ذکی سے پوچھا گیا کہ کیا یہ ممالک اسرائیل سے تجارتی اور سفارتی تعلقات توڑ لیں گے تو موصوف نے کہا: "ہم اس پر نظر ثانی کریں گے، ممالک اس کے پابند نہیں ہوں گے" ملائشیا کے صدر انور ابراہیم نے دوحہ سمٹ سے اپنے خطاب میں کہا کہ میزائل کا جواب میزائل ہونا چاہئے۔ لیکن خلیجی ممالک نے اس سے اتفاق نہیں کیا، ان کا موقف تھا کہ عسکری جواب سے خلیجی ممالک کے اندرونی معاملات بگڑ سکتے ہیں۔ اصل میں خلیجی ممالک چھوٹی چھوٹی ریاستیں ہیں، جن کے پاس دولت اور دفاعی ساز وسامان تو بہت ہے لیکن افرادی قوت نہیں ہے کہ جنگ جنگ کھیل سکیں، وہ اپنی ریاستوں کی حفاظت کے لئے امریکہ کو بھتہ دیتے ہیں۔ دو ماہ قبل ہی متحدہ عرب امارات اور قطر نے ٹرمپ کو دو کھرب کا "بھتہ" دیا تھا، تاکہ ان کی حفاظت کی جاسکے۔۔۔۔قطر کی جیسی حفاظت امریکہ نے کی وہ پوری دنیا نے دیکھی۔ سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے قطر کے امیر شیخ تمیم بن حماد الثانی نے سخت لہجے میں کہا "اسرائیل نے حماس کے ساتھ جاری امن مذاکرات کو سبوتاژ کیا، ہم غرور، طاقت اور خون کی پیاسی اسرائیلی حکومت کے خلاف ٹھوس اقدامات کریں گے"۔ اس سے بعض حضرات کو یہ خوش فہمی ہوگئی کہ شاید قطر، اسرائیل کو دیئے جانے والے تیل کو روک لے گا۔ لیکن ایسا کچھ نہیں ہوا، اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ایک اچھا اور شاندار موقع تھا، اسرائیل کے خلاف تقریبا تمام ممالک اکٹھے تھے، اسرائیل کی طرف سے ریڈ لائن کراس کی گئی تھی، ایسے میں میزائل کا جواب میزائل سے نہ بھی دیا جاتا، تاہم چند اعلانات کردیئے جاتے تو اسرائیل کو انکی اوقات معلوم ہوجاتی کیونکہ وہ عالمی تنہائی کا شکار ہو ہی گیا ہے، یہ اعلانات اور ان پر فوری عمل درآمد اسرائیل کے لئے بہت بڑا دھکا ہوتا۔ لیکن پوری مسلم دنیا نے اس سنہری موقع کو گنوادیا اور اسرائیل کو مزید کھیل کھیلنے کا موقع فراہم کردیا ہے۔ مسلم ممالک کو اسوقت بھی موقع ہاتھ آیا تھا جب اسرائیل نے فلسطین پر حملہ شروع کیا تھا، اور اسوقت بھی جب ایران پر حملہ کیا تھا اور یہ جنگ کئی دنوں تک چلی تھی اور اسوقت بھی جب وقفے وقفے سے اسرائیل اپنے پڑوسی مسلم ملکوں پر حملہ کرتا رہا ہے، جس میں یمن، شام، متحدہ عرب امارات، لبنان اور عراق وغیرہ شامل ہیں، لیکن مسلم ممالک کے سربراہان ہمیشہ کی طرح خواب خرگوش میں رہے اور تماشا دیکھتے رہے اور یہ سلسلہ دراز ہوتا جارہا ہے، دوحہ سمٹ کے بعد سعودی عرب اور پاکستان نے ایک معاہدے پر دستخط کیا ہے جسکے مطابق ایک ملک پر حملہ دوسرے ملک پر تصور کیا جائے گا، اس معاہدے میں اور کون کونسے مسلم ممالک شامل ہونگے اور یہ معاہدہ کتنا کامیاب ہوگا، اسکے اثرات کیا ہونگے اس سلسلے میں کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا، اسکے جائزے کے لئے ابھی ہمیں کچھ دنوں انتظار کرنا ہوگا۔ لیکن ایک بات تو طے ہے کہ فلسطین کے لاکھوں معصوموں کا قتل اور انکی نسل کشی مسلم ممالک کو جھنجھوڑنے اور بیدار کرنے میں ناکام رہیں، اسرائیل غزہ پر قبضہ کے لئے زمینی سطح پر داخل ہوچکا ہے اور اسکی بے لگام جارحیت اپنے عروج پر ہے، سوپر پاور طاقتیں بے بسی اور بے حسی کا شکار ہیں، ایسا لگتا ہے کہ دنیا سے انسانیت کا تصور ختم ہوچکا ہے اور حیوانیت کا ہر طرف بسیرا ہے۔ تاریخ اٹھا کر دیکھیے تو معلوم ہوگا کہ مردہ اور سوئی ہوئی قوموں کے ساتھ کوئی کھڑا نہیں ہوتا اور نہ ہی معاشرے میں ان کی کوئی قدر ہوتی ہے آپ کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ آپ ایک زندہ قوم ہیں، زندہ قوم کے نمائندے ہیں اور زندہ قوم ہی دنیا کی تاریخ لکھتی ہے، تاریخ کے صفحات میں وہ ہمیشہ زندہ رہتی ہیں، بزدل اور مردہ قوم کو ہمیشہ بھلادیا جاتا ہے، زندہ قومیں اپنی قربانیوں اور جدوجہد کی وجہ سے ہمیشہ زندہ رہتی ہیں، زندہ قومیں اپنے وجود کی لڑائی خود لڑتی ہے وہ کسی کو اس بات کی اجازت نہیں دیتی کہ کوئی اس کا مذاق بنائے، کسی بھی سوسائٹی اور سنجیدہ معاشرے میں بزدل اور مردہ لوگوں کی کوئی ضرورت نہ کل تھی نہ آج ہے اور نہ کل رہے گی، ظالم خواہ کہیں پر بھی ہو سب کو متحد ہوکر اور متحدہ طور پر اس کا مقابلہ کرنا چاہیے اور حق کی حمایت کے لیے ہمیشہ میدان میں ڈٹے رہنا چاہئے۔ تاریخ کے اوراق بتاتے ہیں کہ کسی بھی قوم کی کامیابی کامرانی فتح ونصرت کی تاریخ رقم کرنے میں کلیدی کردار اس قوم کے اندر پایا جانے والا اتحاد ادا کرتا ہے، قوموں کے عروج و زوال کی داستان، اقبال مندی اور سربلندی تنزلی وترقی، خوشحالی وبدحالی میں اتحاد و اتفاق اخوت و ہمدردی، آپسی اختلافات، انتشار وتفرقہ بازی اور باہمی نفرت و عداوت اہم ترین اسباب ثابت ہوئے ہیں، جو قومیں آپسی اختلافات کا شکار ہوگئیں ان کا سورج غروب ہوگیا، محکومی ذلت ورسوائی اور زوال ان کا مقدر ٹھہرا، خطرے کے وقت جانور بھی متحد ہوجاتے ہیں، ہلاکت خیز اور خطرناک سیلاب کے وقت کتا، بلی سانپ اور دیگر جانور سب ایک جگہ خاموش بیٹھے نظر آتے ہیں اور چوکنا ہوجاتے ہیں یہ جانوروں کا اتحاد ہے، انسانی اتحاد وہ ہے جو اللہ تعالی کے خوف اور فکر آخرت کی وجہ سے پیدا ہو۔ موجودہ حالات میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث کتنی سچی اور کتنی پکی ہے اور عصر حاضر کے مسلم حکمرانوں پر کتنا فٹ بیٹھتی ہے، ایک حدیث میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ عنقریب ایک ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ دنیا کی دیگر قومیں تم پر حملہ کے لیے ایسے ہی ٹوٹ پڑیں گی جیسے کھانے والے لوگ دستر خوان پر بیٹھ کر پیالوں پر ٹوٹ پڑتے ہیں، سائل نے سوال کیا کہ یا رسول اللہ کیا ہماری تعداد اس وقت کم ہوگی؟ کیا ہم بہت تھوڑے ہوں گے؟ آپ نے ارشاد فرمایا نہیں بلکہ تم اس وقت بہت ہوگے لیکن تمہاری حیثیت بہنے والے نالے کے جھاگ کی طرح ہوجائے گی، اللہ تعالی تمہارے دشمنوں کے دل سے تمہارا رعب ودبدبہ نکال دے گا اور تمہارے دلوں میں وہن پیدا کردے گا صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ وہن کیا چیز ہے؟ وہن کس کو کہتے ہیں؟ تو آپ نے جواب دیا وہن دو چیزوں کا نام ہے، ایک دنیا کی محبت اور دوسرا موت کا خوف۔

آج مسلم دنیا اور انکے حکمرانوں کو دیکھئے اور غور کیجئے کہ واقعی آج مسلم حکمراں کتنی بے حسی اور ضمیر فروشی کا شکار ہیں، کیا انکے اندر وہن نام کا مرض نہیں پایا جاتا ہے؟ پھر یہ لوگ کسی غیبی امداد کے منتظر کیوں ہیں اور کیا ایسے میں کوئی غیبی مدد آئے گی؟ مسلم ممالک کے لیڈران اور حکمرانوں کا رویہ دیکھ کر علامہ اقبال نے درست کہا ہے کہ

چاک کردی ترک ناداں نے خلافت کی قبا
سادگی اپنوں کی دیکھ اوروں کی عیاری بھی دیکھ

رابطہ: 8099695186
sarfarazahmedqasmi@gmail.com

وقف بچاؤ دستور بچاؤ تحریک: ملت کا اجتماعی فریضہ!

محمد فرقان
(ڈائریکٹر مرکز تحفظ اسلام ہند)

وقف اللہ کی دی ہوئی ایک عظیم امانت ہے جسے ہمارے بزرگوں نے آنے والی نسلوں کے لیے محفوظ کیا تھا، یہ محض زمین یا جائیداد نہیں بلکہ ہماری تہذیب، دین اور ملی تشخص کی بنیاد ہے۔ وقف کی زمینوں پر تعمیر مساجد، مدارس، خانقاہیں، عیدگاہیں اور قبرستانوں کا استعمال ہر ایک مسلمان کرتا چلا آرہا ہے اور ان وقف کے ادارے نے صدیوں تک مسلمانوں کو تعلیم، روزگار، صحت اور فلاحی سہولیات بھی فراہم کیں اور امت کو اپنے پیروں پر کھڑا رکھا۔ آج جب حکومت وقف املاک پر قبضہ کرنے، ان کے نظام کو توڑنے اور مسلمانوں کو ان کے اپنے اداروں سے محروم کرنے کے لیے وقف ترمیمی قانون 2025 نافذ کرنے کی کوشش کررہی ہے تو یہ صرف ایک قانونی مسئلہ نہیں بلکہ ملت اسلامیہ کے وجود اور مستقبل کا سوال ہے۔ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ نے حالات کی سنگینی کو محسوس کرتے ہوئے ※※ وقف بچاؤ دستور بچاؤ تحریک ※※ کا آغاز کیا اور اب اس تحریک کا دوسرا مرحلہ ہمارے سامنے ہے، یہ وہ مرحلہ ہے جس میں صرف بیانات اور قراردادیں کافی نہیں بلکہ عملی جدوجہد اور اجتماعی قربانیاں لازمی ہیں۔ آج ہمیں یہ سوچنے کی ضرورت ہے کہ اگر یہ قانون نافذ ہوگیا اور وقف کی جڑیں کاٹ دی گئیں تو ہمارے مدارس، مساجد، خانقاہیں، قبرستانیں، یتیم خانے اور دینی وفلاحی اداروں کو ہڑپ لیا جائے گا؟ یہ قانون ہمارے اجتماعی وجود پر حملہ ہے، ہماری دینی شناخت پر وار ہے اور ہماری آئینی آزادی کو سلب کرنے کی کوشش ہے۔ دستور ہند نے ہمیں مذہبی آزادی دی ہے، اپنے اداروں کو چلانے کا حق دیا ہے اور اپنے مذہبی قوانین کے مطابق زندگی گزارنے کی ضمانت دی ہے، لیکن وقف ترمیمی قانون ان تمام بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ نے ایک واضح اور منظم روڈ میپ تیار کیا ہے تاکہ اس قانون کو ناکام بنایا جاسکے اور امت کو بیدار کر کے اجتماعی جدوجہد کی جائے۔ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ ہمیں اپنی تحریک کو محض جذباتی نعروں پر محدود نہیں رکھنا بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے آگے بڑھانا ہے۔ ہمیں اپنی مساجد اور مدارس کے منبروں کو بیداری کا ذریعہ بنانا ہے، ہمارے ائمہ اور خطباء کو عوام کے سامنے اس قانون کی حقیقت بیان کرنی ہے اور یہ شعور دینا ہے کہ وقف پر حملہ صرف ایک طبقے یا ادارے پر نہیں بلکہ پوری ملت پر حملہ ہے۔ جب تک ہر فرد اس کو اپنا ذاتی مسئلہ نہیں سمجھے گا تب تک ہماری جدوجہد ادھوری رہے گی۔ ہمیں اپنے نوجوانوں کو اس تحریک کا ہراول دستہ بنانا ہوگا تاکہ وہ سوشل میڈیا، تعلیمی اداروں اور عوامی مقامات پر اس قانون کے خلاف آواز بلند کریں۔ اسی دوران سپریم کورٹ آف انڈیا نے وقف ترمیمی قانون 2025 کے سلسلے میں جو عبوری فیصلہ سنایا ہے وہ بھی ملت کے لیے تشویشناک پیغام رکھتا ہے۔ عدالت عظمیٰ نے جن دفعات کو برقرار رکھا ہے وہ وقف املاک کی خودمختاری کو نقصان پہنچاتی ہیں اور یہ تاثر دیتی ہیں کہ حکومت وقف کی آزادی کو محدود کرسکتی ہے۔ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ نے اس فیصلے پر گہری تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ دستور ہند کی روح اور بنیادی حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے اور اس کے خلاف بھرپور قانونی جدوجہد بھی جاری رکھی جائے گی۔ اس فیصلے نے ہمیں یہ پیغام دیا ہے کہ صرف عدالتوں کے سہارے بیٹھ جانا کافی نہیں بلکہ عوامی بیداری کی ایک بڑی تحریک بھی ساتھ ساتھ چلانا ضروری ہے تاکہ ملک کے انصاف پسند طبقے کو یہ احساس ہو کہ یہ قانون صرف مسلمانوں پر نہیں بلکہ پوری جمہوریت پر حملہ ہے۔ بورڈ کے اس وقف بچاؤ دستور بچاؤ تحریک کے دوسرے مرحلے میں سب سے زیادہ ضرورت اتحاد اور تنظیم کی ہے۔ اختلافات کو بھلا کر ایک پلیٹ فارم پر جمع ہونا آج وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ دشمن ہمارے بکھراؤ سے فائدہ اٹھاتا ہے اور ہمیں کمزور کرنے کی کوشش کرتا ہے، لیکن اگر ہم متحد ہوگئے تو کوئی طاقت ہمیں شکست نہیں دے سکتی۔ ہمیں اپنے سیاسی اور مسلکی اختلافات کو پس پشت ڈال کر صرف ایک بات پر متحد ہونا ہے کہ وقف ہماری امانت ہے اور ہم اسے ہر قیمت پر بچائیں گے۔ یہ وقت قلم اور زبان دونوں کے استعمال کا ہے۔ ہمیں علمی سطح پر دلائل کے ساتھ یہ بات ملک کے عوام کے سامنے رکھنی ہے کہ وقف ترمیمی قانون آئین ہند کے خلاف ہے، یہ بنیادی حقوق پر ڈاکہ ہے اور یہ ایک مخصوص طبقے کے مذہبی اداروں کو نشانہ بنا رہا ہے۔ ہمیں عدالتوں میں اپنی لڑائی لڑنی ہے، ملک کے دانشور طبقے کو اپنے ساتھ کھڑا کرنا ہے، اور میڈیا کے ذریعے سچائی کو سامنے لانا ہے۔ ساتھ ہی ہمیں عوامی سطح پر تحریک کو مضبوط بنانا ہے تاکہ گلی گلی، بستی بستی اور شہر شہر یہ پیغام جائے کہ مسلمان اپنے وقف اور اپنے دستور کے تحفظ کے لیے کھڑے ہیں۔ یہ تحریک صرف مسلمانوں تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ ہمیں ملک کے انصاف پسند غیر مسلم بھائیوں کو بھی ساتھ لینا ہے۔ ہمیں انہیں یہ سمجھانا ہے کہ یہ قانون صرف مسلمانوں کے خلاف نہیں بلکہ یہ ملک کے دستور کے خلاف ہے، یہ ایک خطرناک مثال قائم کرے گا جو کل کو کسی اور طبقے کے مذہبی اداروں پر بھی لاگو کی جاسکتی ہے۔ اس لیے یہ تحریک دراصل پورے ملک کی جمہوریت کے تحفظ کی تحریک ہے۔ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ نے اپنے اس روڈ میپ میں وہ تمام عملی اقدامات شامل کیے ہیں جو اس تحریک کو کامیابی کی طرف لے جاسکتے ہیں۔ یہ وقت محض تماشائی بننے کا نہیں بلکہ اپنے حصے کا کردار ادا کرنے کا ہے۔ ہر فرد کو اپنی استطاعت کے مطابق اس میں حصہ لینا ہوگا۔ علماء کو منبروں سے، دانشوروں کو قلم سے، نوجوانوں کو اپنی توانائیوں سے، تاجروں کو اپنے مالی تعاون سے اور عام مسلمانوں کو اپنی موجودگی اور دعاؤں سے اس تحریک کو مضبوط بنانا ہوگا۔ یہ اجتماعی جدوجہد ہی وہ ہتھیار ہے جو اس ظالمانہ قانون کو شکست دے سکتی ہے۔ جدید دور کی یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ سوشل میڈیا ایک عظیم محاذ کی شکل اختیار کرچکا ہے اور موجودہ زمانے میں کسی بھی تحریک کا سوشل میڈیا کے بغیر کامیابی تک پہنچنا ممکن نہیں۔ لہٰذا اس تحریک کو بھی کامیاب بنانے کے لیے سوشل میڈیا کا بھرپور استعمال کیا جانا چاہیے، اس کیلئے ٹویٹر پر مربوط مہم چلانا ہوگی، احتجاجی پروگراموں کی لائیو اسٹریمنگ بالخصوص فیس بک اور یوٹیوب پر کرنی ہوگی، اور وقف ترمیمی قانون کی ہر شق کی حقیقت کو چھوٹے چھوٹے کلپس، پوسٹرز اور مضامین کے ذریعے عوام تک پہنچانا ہوگا، نوجوان نسل کو اس میں بھرپور کردار ادا کرنا ہے تاکہ یہ پیغام صرف شہروں تک محدود نہ رہے بلکہ دیہات اور چھوٹے قصبوں تک بھی پہنچ جائے۔ اس مہم کے ذریعے عالمی سطح پر بھی یہ آواز جائے گی کہ ہندوستان کے مسلمان اپنے بنیادی آئینی اور مذہبی حقوق کے تحفظ کے لیے پرامن جدوجہد کررہے ہیں اور کسی قیمت پر اس کالے قانون کو قبول کرنے پر تیار نہیں۔ اسی کے ساتھ ہی یہ کوشش بھی ہونی چاہیے کہ وقف ترمیمی قانون کے حوالے سے ویب سیریز کے انداز میں معیاری اور مؤثر ویڈیوز تیار کی جائیں جن میں اس قانون کے نقصانات کو واضح انداز میں اجاگر کیا جائے، تاکہ ملک کے باشندے انہیں دیکھ کر وقف کے بارے میں پھیلائی گئی غلط فہمیوں سے نجات حاصل کریں اور اس کالے قانون کے خلاف آواز بلند کرنے کے لیے تیار ہوجائیں۔ علاوہ ازیں وقف بچاؤ دستور بچاؤ تحریک کو مؤثر اور منظم انداز میں آگے بڑھانے کے لیے ضروری ہے کہ مرکزی سطح پر اور جہاں جہاں ممکن ہو ریاستی سطح پر بھی سوشل میڈیا وار روم قائم کیے جائیں تاکہ تحریک کی نگرانی، منصوبہ بندی اور پیغام رسانی جدید تقاضوں کے مطابق کی جاسکے، غلط فہمیوں کا بروقت ازالہ ہو اور ملت کی آواز ہر پلیٹ فارم پر بھرپور انداز میں گونجے۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ وقف ہماری تاریخ کی امانت ہے۔ ہمارے بزرگوں نے اپنی زمینیں، اپنی جائیدادیں اور اپنی زندگیاں وقف کرکے یہ ادارے قائم کیے تاکہ آنے والی نسلیں دین پر قائم رہ سکیں۔ آج اگر ہم نے ان اداروں کا تحفظ نہ کیا تو ہم اپنی تاریخ سے بے وفائی کریں گے۔ یہ تحریک دراصل اس امانت کی حفاظت کی تحریک ہے اور ہمیں اپنی پوری طاقت کے ساتھ اس کو کامیاب بنانا ہے۔ یہ وقت ہے کہ ہم اپنی غفلت کی نیند سے جاگ جائیں، اپنی سہل پسندی کو خیرباد کہہ کر قربانی کا راستہ اختیار کریں اور اپنی ذات کے دائرے سے بلند ہوکر ملت کے اجتماعی مفاد کے لیے کھڑے ہوں، کیونکہ اگر آج ہم نے اپنی ذمہ داری ادا نہ کی اور اپنی تاریخ، اپنی تہذیب اور اپنے دین کی امانت یعنی وقف کے تحفظ کے لیے جان ومال اور وقت کی قربانی دینے میں کوتاہی کی تو آنے والی نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی اور ہمیں بزدلی اور غفلت کی علامت کے طور پر یاد کریں گی، اس لیے لازمی ہے کہ ہم پوری سنجیدگی اور اخلاص کے ساتھ اس تحریک کو کامیاب بنانے کے لیے اپنی ہر ممکن توانائی جھونک دیں، اپنی زندگی کے قیمتی لمحات اس جدوجہد کے لیے وقف کریں اور اپنے وسائل کو اس مقصد پر قربان کرنے کے لیے تیار ہوجائیں، کیونکہ یہی وہ جذبہ ہے جس نے ماضی میں امت اسلامیہ کو عظیم فتوحات اور کامیابیاں عطا کیں اور آج بھی اگر ہم اسی جذبے کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوں تو یقیناً اللہ کی نصرت ہمارے شامل حال ہوگی اور ہم اس کالے قانون کو ناکام بنا کر سرخرو ہوں گے۔

(مضمون نگار مرکز تحفظ اسلام ہند کے بانی وڈائریکٹر ہیں)
رابطہ: 8495087865
mdfurqan7865@gmail.com

☆☆☆

تین غلط فہمیوں کے باعث 1965 کی جنگ میں پاکستان کو منہ کی کھانی پڑی: لیفٹیننٹ جنرل نامبیار

نئی دہلی، 19 ستمبر (یو این آئی) پاکستان کے خلاف 1965 کی جنگ میں بہادری اور شجاعت کے لیے ویر چکر سے نوازے گئے لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) ستیش نامبیار نے کہا کہ پاکستان کو ہندوستانی فوجیوں کے ٹوٹے ہوئے حوصلے سمیت تین بڑی غلط فہمیوں کی وجہ سے اس جنگ میں شکست اٹھانی پڑی۔سابق نائب فوجی سربراہ لیفٹیننٹ جنرل نامبیار نے 1965 کی جنگ کے 60 برس مکمل ہونے کے موقع پر منعقدہ تقریب میں وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور دیگر سابق فوجیوں کی موجودگی میں کہا کہ اس وقت پاکستان کو ہندوستان اور اس کی فوج کے بارے میں تین غلط فہمیاں تھیں اور اس کی قیمت اسے شکست کی صورت میں چکانی پڑی۔انہوں نے کہا کہ پہلی بات یہ تھی کہ پاکستان کو لگا کہ چین سے جنگ ہارنے کے بعد ہندوستانی فوج کا حوصلہ پست ہے، دوسری کہ کشمیری عوام اس کا ساتھ دیں گے اور تیسری غلط فہمی یہ تھی کہ اگر وہ اکھنور پر حملہ کرے گا تو کشمیر کا ہندوستان سے زمینی رابطہ آسانی سے کاٹ دے گا۔جنرل نامبیار نے کہا کہ چین کے ساتھ 1962 کی جنگ میں ہندوستان کی شکست کے بعد پاکستان کو یہ لگا کہ ہندوستانی فوج کا حوصلہ ٹوٹ گیا ہے اور جوانوں کا مورال گر گیا ہے، جبکہ یہی پاکستان کی سب سے بڑی اسٹریٹیجک غلطی ثابت ہوئی۔انہوں نے کہا کہ ہندوستانی فوج نے چین کے ساتھ نہایت مشکل حالات اور محدود وسائل میں جنگ لڑی۔ہندوستان کے پاس دوسری جنگِ عظیم کے زمانے کے پرانے ہتھیار تھے اور فوج کے پاس کڑے موسم میں لڑنے کے لئے ضروری وردیاں تک نہیں تھیں۔جنرل نامبیار نے کہا کہ جب پاکستان نے ناپاک حرکت کی تو ہمارے جوانوں نے جس حوصلے اور جذبے کا مظاہرہ کیا، اس کی پاکستان کو بالکل توقع نہیں تھی۔پاکستانی فوجی ہندوستانی فوجیوں کی بہادری اور شجاعت کے آگے ٹھہر نہ سکے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ایک اور اسٹریٹیجک غلطی یہ تھی کہ وہ کشمیری عوام کے مزاج کو نہ سمجھ سکا۔اسے لگا کہ کشمیری عوام ہندوستان کے خلاف ہو جائیں گے اور اس کا ساتھ دیں گے، لیکن کشمیری عوام نے ہمارا ساتھ دیا اور پاکستانی فوج کے بارے میں بروقت اہم اطلاعات فراہم کیں جس کا جنگ میں بڑا فائدہ ہوا۔

ہماچل میں پھر آسمانی آفت: کنور میں بادل پھٹنے سے تباہی، گھر، باغات اور گاڑیاں زیرآب

19 ستمبر: ہماچل پردیش میں مانسون کے دوران آسمانی آفت کا سلسلہ جاری ہے۔کنور ضلع کے تھاچ گاؤں میں دیر رات تقریباً 10:12 بجے بادل پھٹنے کے باعث شدید سیلاب آیا۔تین نالوں کا پانی اچانک اپھان پر آ گیا، جس سے علاقے کے کھیت، باغات اور رہائشی مکانات کو بھاری نقصان پہنچا۔

مقامی لوگوں نے بتایا کہ پانی کے اچانک آنے سے گھروں میں موجود شہری خوف کے مارے اپنے مکانات چھوڑ کر قریبی جنگل میں پناہ لینے پر مجبور ہوئے۔متعدد گاڑیاں پانی میں بہہ گئیں جبکہ مستان گاؤں میں کئی گھروں کے حصے اور ایک گئوشالہ بھی سیلاب میں تباہ ہو گئی۔رنویر اور دیگر تین شہریوں کے مکانات بھی نقصان سے دو چار ہوئے ہیں۔اس دوران، ریاست کی راجدھانی شملہ میں ایڈورڈ اسکول کے قریب لینڈ سلائیڈ کے باعث ٹریفک مکمل طور پر بند ہو گئی اور شہر کی اہم سرکولر روڈ بھی بند کرنا پڑی۔کماسرن کے کریواٹی علاقے میں تین منزلہ ایک مکان بھی گر گیا، جو ریاست بھر میں جاری شدید بارشوں اور ان کے اثرات کو ظاہر کرتا ہے۔حالیہ مانسون کے دوران ہماچل پردیش میں 424 افراد اپنی جانوں سے محروم ہو چکے ہیں اور ریاست بھر میں بے پناہ نقصان ہوا ہے۔اس ہفتے کے آغاز میں، 17 ستمبر کو بھی ریاست کے مختلف علاقوں میں بارش اور سیلاب کے باعث چار افراد ہلاک اور چھ لاپتہ ہو گئے تھے۔650 سے زائد سڑکیں، جن میں تین قومی شاہراہیں شامل ہیں، ابھی بھی بند ہیں، جس سے بجلی اور پینے کے پانی جیسی بنیادی سہولیات متاثر ہو رہی ہیں۔وزیر اعلیٰ سکھوِندر سنگھ سکھو نے ہماچل پردیش کو آفت زدہ ریاست قرار دے دیا اور گزشتہ تین سالوں میں ہونے والے نقصان کا اندازہ 20,000 کروڑ روپے سے زیادہ لگایا۔انہوں نے مرکزی حکومت سے فوری مالی امداد اور وسیع پیمانے پر ریلیف سپورٹ کی اپیل کی ہے۔واضح رہے کہ 16 ستمبر کو بھی منڈی ضلع کے دھرم پور علاقے میں بادل پھٹنے کے باعث شدید سیلاب آیا تھا۔کئی ایچ آر ٹی سی بسیں اور نجی گاڑیاں بہہ گئیں، جبکہ مکانات اور دکانیں پانی میں ڈوب گئیں۔مقامی لوگوں کے مطابق یہ سیلاب 2015 کی تباہ کن سیلاب سے بھی شدید تھا، کیونکہ سون نالا اپھان پر آ گیا اور وسیع علاقے کو زیرِ آب کر دیا۔

مغربی دہلی میں چھ مجرم گرفتار، ڈکیتی اور چوری کی کئی وارداتیں حل

نئی دہلی، 19 ستمبر (یو این آئی) دہلی پولیس نے مغربی دہلی میں مختلف کارروائیوں کے دوران کل چھ سرگرم مجرموں کو گرفتار کر کے نقدی، موبائل فون، لیپ ٹاپ، مسروقہ اسکوٹی، موٹر سائیکل اور ہتھیار برآمد کیے ہیں۔ان کارروائیوں سے ڈکیتی، جھپٹ ماری، اور چوری کے کئی معاملات حل ہو گئے ہیں۔مغربی ضلع کے ڈپٹی کمشنر آف پولیس دراڈے شرد بھاسکر نے بتایا کہ مایاپوری تھانہ علاقے میں 17 ستمبر کو درج ڈکیتی کی واردات کا پردہ فاش کرتے ہوئے پولیس نے دو ملزمان انگل (25) اور لکشیہ بھارتی (23) کو گرفتار کیا گیا۔لکشیہ پر پہلے ہی سات مجرمانہ معاملات درج ہیں۔ملزمان کے پاس سے نقدی، چھینے گئے موبائل فون، مسروقہ اسکوٹی اور تیز دھار ہتھیار برآمد ہوئے۔

سائبر سیل نے کروڑوں روپے کے اسٹاک مارکیٹ فراڈ گینگ کے دو ملزمان کو گرفتار کیا

نئی دہلی، 19 ستمبر (یو این آئی) دہلی پولیس کی کرائم برانچ کے سائبر سیل نے ایک بڑی کارروائی میں کروڑوں روپے کے اسٹاک مارکیٹ فراڈ گینگ کے دو اہم ملزمین کو گرفتار کیا ہے۔ملزمان کی شناخت اتر پردیش کے بجنور ضلع کے رہنے والے کلونت سنگھ اور اتراکھنڈ کے ادھم سنگھ نگر کے رہنے والے دیویندر سنگھ کے طور پر کی گئی ہے۔کرائم برانچ کے ڈپٹی کمشنر آدتیہ گوتم نے جمعہ کو کہا کہ ملزمین نے بین ریاستی سائبر سنڈیکیٹس کو اپنے بینک کھاتوں کو استعمال کرنے کی اجازت دی، جس کے ذریعہ سرمایہ کاروں سے ٹھگی کر کے کروڑوں روپے کی رقم منتقل کی گئی۔جعلی آئی پی او فنڈنگ اور زیادہ منافع کا جھانسہ دے کر سرمایہ کاروں سے تقریباً 6 کروڑ روپے کا فراڈ کیا گیا۔چھان بین کے دوران پتہ چلا کہ تقریباً 20 لاکھ روپے "آل انڈیا غریب جن سیوا ٹرسٹ " کے اکاؤنٹ میں پہنچے۔یہ اکاؤنٹ بینک آف بڑودہ میں کھولا گیا تھا اور اب تک اس سے جڑی 10 شکایات نیشنل سائبر کرائم رپورٹنگ پورٹل پر درج ہیں۔ٹرسٹ کو این جی او کے طور پر رجسٹرڈ کرا کر کرنٹ اکاؤنٹ کھولا گیا تھا، جسے گینگ نے منی لانڈرنگ کے لیے استعمال کیا تھا۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اس کارروائی سے منظم سائبر فراڈ نیٹ ورک کی مالیاتی کڑی کو توڑنے میں مدد ملی ہے۔کیس کی مزید تفتیش جاری ہے۔

حکومت فوجیوں اور مسلح افواج کو کسی چیز کی کمی محسوس نہیں ہونے دے گی: راجناتھ سنگھ

نئی دہلی، 19 ستمبر (یو این آئی) وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے 1965 کی جنگ میں پاکستان کو شکست دینے والے فوجیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہیں یقین دلایا کہ مادرِ وطن کی حفاظت کرنے والے ہر سپاہی کا احترام اور فلاح حکومت کی اولین ترجیح ہے اور سپاہیوں اور فوج کو کسی وسائل کی کمی محسوس نہیں ہونے دی جائے گی۔مسٹر سنگھ نے 1965 کی جنگ کے 60 سال مکمل ہونے کے موقع پر منعقدہ تقریب میں اس جنگ میں بہادری دکھانے والے افسران اور جوانوں سے خطاب کیا۔انہوں نے سابق فوجیوں اور موجودہ سپاہیوں کو یقین دلایا کہ حکومت انہیں عزت سے لے کر فوجی ساز و سامان تک کسی بھی چیز کی کمی نہیں ہونے دے گی۔انہوں نے کہا، 'آج جب میں اپنے سابق فوجیوں کے درمیان ہوں، تو میں ایک عزم بھی آپ کے سامنے دہرانا چاہتا ہوں۔وہ عزم یہ ہے کہ چاہے وہ موجودہ فوجی ہوں، سابق فوجی ہوں یا ہمارے شہیدوں کے اہلِ خانہ، ہماری حکومت کے لیے ہر کسی کا احترام اور فلاح سب سے بڑی ترجیح ہے۔مسلح افواج کی جدید کاری ہو، تربیت ہو یا آلات کی اپ گریڈیشن، ہم یہ سب کچھ اس لیے کر رہے ہیں کہ ہمارے فوجیوں کو کبھی وسائل کی کمی محسوس نہ ہو۔'اس موقع پر 1965 کی جنگ کے بعد ویر چکر سے نوازے گئے افسران لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) ستیس نامبیار اور میجر آر ایس بیدی سمیت اس جنگ میں اپنی بہادری دکھانے والے کئی سابق فوجی موجود تھے۔وزیر دفاع نے کہا کہ 1965 کی جنگ کوئی چھوٹا موٹا تصادم نہیں تھا بلکہ وہ ہندوستان کی طاقت کا امتحان تھا۔اس دور کے حالات کو دیکھتے ہوئے پاکستان نے سوچا کہ وہ دراندازی، گوریلا لڑائی اور اچانک حملوں سے ہندوستان کو ڈرا دے گا۔لیکن پاکستان کو ہندوستانی جوانوں کے حوصلے اور طاقت کا اندازہ نہیں تھا کہ وہ اپنی مٹی کی حفاظت کے لیے کیا کچھ کر سکتے ہیں۔مسٹر سنگھ نے 1965 کی جنگ کے دوران پھلورہ، چاونڈہ اور دیگر لڑائیوں میں فوج کے کارناموں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی فوج نے پاکستان کی ہمت توڑ دی۔فوج نے ثابت کر دیا کہ جنگ ٹینکوں سے نہیں بلکہ حوصلے اور عزم مصمم سے جیتی جاتی ہے۔انہوں نے پرم ویر چکر فاتح عبدالحمید کا ذکر کرتے ہوئے کہا جنہوں نے جنوب کی لڑائی میں اپنی بہادری سے دشمن کے بے شمار ٹینک تباہ کیے۔انہوں نے کہا کہ اس لڑائی اور اس سورما کے جنگی ہنر نے یہ سکھایا کہ بہادری ہتھیاروں سے نہیں بلکہ سپاہیوں کے دل سے پہچانی جاتی ہے۔وہ لمحہ ہر ہندوستانی کے سینے کو فخر سے چوڑا کر دیتا ہے۔ان کی بہادری ہمیں سکھاتی ہے کہ مشکل ترین حالات میں بھی حوصلہ، صبر اور وطن سے محبت کا امتزاج ناممکن کو ممکن بنا سکتا ہے۔سابق وزیر اعظم لال بہادر شاستری کی قوتِ ارادی کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا، ' کوئی بھی جنگ صرف میدانِ جنگ میں نہیں لڑی جاتی بلکہ جنگ میں حاصل ہونے والی جیت پورے قوم کے اجتماعی عزم کا نتیجہ ہوتی ہے۔ 1965 کے اس مشکل وقت میں، جب چاروں طرف غیر یقینی اور چیلنجز تھے، تب شری لال بہادر شاستری جی کی مضبوط قیادت میں ملک نے ان چیلنجوں کا سامنا کیا۔شاستری جی نے نہ صرف فیصلہ کن سیاسی قیادت دی بلکہ پورے ملک کے حوصلے کو بلند کیا۔انہوں نے ایک ایسا نعرہ دیا جو آج بھی ہمارے دلوں میں گونجتا ہے، 'جے جوان، جے کسان۔ 'اس ایک نعرے میں ہمارے بہادر فوجیوں کے احترام کے ساتھ ساتھ ہمارے کسانوں کا وقار بھی شامل تھا۔'وزیر دفاع نے کہا کہ آزادی کے بعد سے ہی ہندوستان اپنے ہمسایوں کے معاملے میں اتنا خوش قسمت نہیں رہا ہے۔ہمیشہ ملک کے سامنے کسی نہ کسی طرح کی چیلنجز آتی رہی ہیں۔لیکن ہندوستانیوں کی یہی خصوصیت ہے کہ وہ چیلنجوں کو مقدر مان کر نہیں بیٹھے۔ہم نے محنت کی اور اپنی تقدیر خود بنائی۔آپریشن سندور کے دوران دیسی ہتھیاروں کی کامیابی کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا، 'کسی بھی قوم کی اصل تقدیر اس کے کھیتوں میں، کارخانوں میں، لیبارٹریوں میں اور میدانِ جنگ میں بہائے گئے پسینے سے بنتی ہے۔ہمارے شہریوں نے اب تک یہ ثابت کیا ہے کہ ہندوستان اپنی تقدیر کسی اور کے بھروسے پر نہیں چھوڑتا، ہندوستان اپنی تقدیر خود تراشتا ہے۔اس کی ایک مثال ہمیں آپریشن سندور کے دوران بھی دیکھنے کو ملی۔'انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ جیت اب ہندوستان کے لیے کوئی استثنا نہیں بلکہ جیت ہماری عادت بن چکی ہے اور یہ عادت ہمیں ہمیشہ برقرار رکھنی ہوگی۔

☆☆☆

سائبر سیل نے کروڑوں روپے کے اسٹاک مارکیٹ فراڈ گینگ کے دو ملزمان کو گرفتار کیا

نئی دہلی، 19 ستمبر (یو این آئی) دہلی پولیس کی کرائم برانچ کے سائبر سیل نے ایک بڑی کارروائی میں کروڑوں روپے کے اسٹاک مارکیٹ فراڈ گینگ کے دو اہم ملزمین کو گرفتار کیا ہے۔ملزمان کی شناخت اتر پردیش کے بجنور ضلع کے رہنے والے کلونت سنگھ اور اتراکھنڈ کے ادھم سنگھ نگر کے رہنے والے دیویندر سنگھ کے طور پر کی گئی ہے۔کرائم برانچ کے ڈپٹی کمشنر آدتیہ گوتم نے جمعہ کو کہا کہ ملزمین نے بین ریاستی سائبر سنڈیکیٹس کو اپنے بینک کھاتوں کو استعمال کرنے کی اجازت دی، جس کے ذریعہ سرمایہ کاروں سے ٹھگی کر کے کروڑوں روپے کی رقم منتقل کی گئی۔جعلی آئی پی او فنڈنگ اور زیادہ منافع کا جھانسہ دے کر سرمایہ کاروں سے تقریباً 6 کروڑ روپے کا فراڈ کیا گیا۔چھان بین کے دوران پتہ چلا کہ تقریباً 20 لاکھ روپے "آل انڈیا غریب جن سیوا ٹرسٹ " کے اکاؤنٹ میں پہنچے۔یہ اکاؤنٹ بینک آف بڑودہ میں کھولا گیا تھا اور اب تک اس سے جڑی 10 شکایات نیشنل سائبر کرائم رپورٹنگ پورٹل پر درج ہیں۔ٹرسٹ کو این جی او کے طور پر رجسٹرڈ کرا کر کرنٹ اکاؤنٹ کھولا گیا تھا، جسے گینگ نے منی لانڈرنگ کے لیے استعمال کیا تھا۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اس کارروائی سے منظم سائبر فراڈ نیٹ ورک کی مالیاتی کڑی کو توڑنے میں مدد ملی ہے۔کیس کی مزید تفتیش جاری ہے۔

دہلی پولیس نے منشیات اسمگلروں کی کمر توڑی 21.5 کروڑ روپے مالیت کی جائیداد ضبط

نئی دہلی، 19 ستمبر (یو این آئی) دہلی پولیس نے منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی زیرو ٹالرینس پالیسی نافذ کرتے ہوئے اسمگلروں کے مالیاتی نیٹ ورک پر بڑا حملہ کیا ہے۔پولیس کی اقتصادی جانچ نے کئی منشیات اسمگلروں کی کمر توڑ دی ہے۔سال 2025 میں اب تک 30 اسمگلروں کی تقریباً 21.5 کروڑ روپے مالیت کی جائیدادیں ضبط کی جا چکی ہیں، جبکہ 19 دیگر ملزمان کی تقریباً پانچ کروڑ روپے مالیت کی جائیدادوں کی جانچ جاری ہے۔اسپیشل کمشنر آف پولیس (کرائم برانچ) اور اینٹی نارکوٹکس ٹاسک فورس (اے این ٹی ایف) کے سربراہ دیویش چندر شری واستو نے بتایا کہ منشیات اسمگلروں کی اصل طاقت ان کی کمائی ہوئی غیر قانونی رقم ہے۔یہ رقم ان کے مجرمانہ نیٹ ورک کو مضبوط کرتی ہے، جائز کاروبار میں گھس کر معیشت کو غیر مستحکم کرتی ہے اور کئی بار دہشت گردی تک کی مالی مدد بھی کر سکتی ہے۔ایسے میں صرف منشیات اور اسمگلروں کو پکڑنا ہی کافی نہیں بلکہ ان کی اقتصادی جڑوں پر ضرب لگانا ضروری ہے۔نارکوٹک ڈرگس اینڈ سائیکوٹراپک مادہ ایکٹ (این ڈی پی ایس) کی شق 68 کے تحت پولیس ایجنسیوں کو اسمگلروں کی غیر قانونی جائیدادوں کی شناخت کر کے انہیں ضبط کرنے کا اختیار حاصل ہے۔پولیس کا ماننا ہے کہ جب مجرموں سے ان کی کمائی چھین لی جائے گی تو پورا نیٹ ورک خود بہ خود کمزور ہو جائے گا۔اسی حکمتِ عملی کے تحت اے این ٹی ایف نے دوہری منصوبہ بندی تیار کی ہے جس میں آپریشنل کارروائیوں کے ذریعے اسمگلروں کی گرفتاری، منشیات کی ضبطگیری اور فراہمی کے نیٹ ورک کو تباہ کرنا شامل ہے۔

اسٹاک مارکیٹ فراڈ ریکٹ: دہلی پولیس نے کروڑوں روپے کی جعلسازی کی بے نقاب، دو ملزمان گرفتار

نئی دہلی 19 ستمبر: دہلی پولیس کی کرائم برانچ کی سائبر سیل نے اسٹاک مارکیٹ فراڈ ریکٹ کا پردہ فاش کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کیا ہے۔گرفتار افراد پر سرمایہ کاروں سے جعلی آئی پی او فنڈنگ اور اسٹاک مارکیٹ منصوبوں کے نام پر تقریباً 6 کروڑ روپے کی رقم ہتھیا لینے کا الزام ہے۔ملزمان کی شناخت کلونت سنگھ اور دیویندر سنگھ کے طور پر ہوئی ہے۔پولیس کے مطابق یہ دونوں افراد منظم سائبر فراڈ گروہ کے لیے اکاؤنٹ ہولڈر کے طور پر کام کرتے تھے۔ان کی گرفتاری کے لیے انسپکٹر منجیت کمار کی قیادت میں ٹیم بنائی گئی، جس کی نگرانی اے سی پی رمیش لامبا نے کی۔تکنیکی تحقیقات کے بعد یہ ملزمان پکڑے گئے۔تحقیق میں یہ بات سامنے آئی کہ ملزمان نے اپنے بینک اکاؤنٹس کے ذریعے فراڈ کی گئی رقم کو مختلف کھاتوں میں منتقل کر کے منی لانڈرنگ کو آسان بنایا۔ان کھاتوں میں ایک این جی او 'آکھیل بھارتی غریب جن سروس ٹرسٹ' کا اکاؤنٹ بھی شامل تھا، جس کے ذریعے اب تک 20 لاکھ روپے کی ٹرانزیکشن ہوئی۔یہ این جی او قانونی طور پر رجسٹرڈ تھی لیکن ملزمان نے اسے اپنی کارروائی کے لیے استعمال کیا۔اس اکاؤنٹ سے متعلق 10 شکایات نیشنل سائبر کرائم رپورٹنگ پورٹل پر درج ہیں۔ملزمان سوشل میڈیا اور واٹس ایپ کے ذریعے لوگوں سے رابطہ کرتے اور انہیں جعلی ٹریڈنگ ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے پر مجبور کرتے۔سرمایہ کاروں کو آن لائن گروپس میں شامل کر کے غیر حقیقی منافع دکھایا جاتا۔جب افراد اپنی رقم نکالنے کی کوشش کرتے تو ملزمان بہانوں یا دھمکیوں کے ذریعے ادائیگی روک دیتے۔فراڈ کی گئی رقم کو کئی بینک کھاتوں میں منتقل کر کے اصل ماخذ چھپایا جاتا۔کلونت اور دیویندر نے اپنے ٹرسٹ اکاؤنٹ یہ کام کرنے کے لیے فراہم کیے، جس کے عوض انہیں ہر ماہ 30,000 روپے اور ہر ٹرانزیکشن پر 5 فیصد کمیشن ملتا تھا۔پولیس نے کل 30 بینک کھاتوں کی نشاندہی کی، جن میں ٹرسٹ کا اکاؤنٹ مرکزی تھا۔ملزمان پیشہ ورانہ انداز میں اکاؤنٹ فراہم کرنے والے کے طور پر کام کر رہے تھے اور جان بوجھ کر ٹرسٹ کے ذریعے جاری کھاتے کھولے تاکہ رقم کا اصل ماخذ چھپ سکے۔انہوں نے فراڈ کرنے والوں کو چیک بک، اے ٹی ایم کارڈ، سم کارڈ اور انٹرنیٹ بینکنگ کی مکمل معلومات فراہم کی تھیں۔سائبر سیل کے مطابق اس گرفتاری سے منظم سائبر جرائم کی ایک اہم کڑی ٹوٹ گئی ہے۔ملزمان کے بینک کھاتے پورے بھارت میں متاثرہ افراد سے چھینی گئی رقم منتقل کرنے اور فراڈ کرنے کا مرکزی ذریعہ بنے ہوئے تھے۔تحقیقات جاری ہیں اور پولیس اس نیٹ ورک کے ماسٹر مائنڈ تک پہنچنے کی کوشش کر رہی ہے۔

☆☆☆

مودی اور یونانی وزیر اعظم نے اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا

نئی دہلی، 19 ستمبر (یو این آئی) یونان کے وزیر اعظم کریاکوس میتسوتاکیس نے جمعہ کو وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ ٹیلی فون پر بات کی، جس کے دوران دونوں رہنماؤں نے ہندوستان-یونان اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔وزیر اعظم کے دفتر نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، جہاز رانی، دفاع، سکیورٹی، کنیکٹیویٹی اور عوام سے عوام کے تعلقات جیسے شعبوں میں دو طرفہ تعلقات میں ہونے والی پیش رفت کا خیر مقدم کیا اور ہند-یونان اسٹریٹجک پارٹنرشپ کو مزید مضبوط کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔وزیر اعظم میتسوتاکس نے باہمی طور پر فائدہ مند ہندوستان-یورپی یونین آزاد تجارتی معاہدے کے جلد اختتام اور 2026 میں ہندوستان کی میزبانی میں اے آئی امپیکٹ سمٹ کی کامیابی کے لیے یونان کی حمایت کا اعادہ کیا۔دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

بالی ووڈ اسٹار دیشا پاٹنی کے گھر کے باہر فائرنگ معاملے میں مزید دو افراد گرفتار

نئی دہلی 19) ستمبر یو این آئی) دہلی پولیس نے بالی ووڈ اداکارہ دیشا پاٹنی کی رہائش گاہ کے باہر فائرنگ کے حالیہ واقعے میں ملوث دو مزید افراد کو گرفتار کیا ہے۔پولیس ذرائع کے مطابق، دونوں ملزم نابالغ ہونے کا دعوی کر رہے ہیں۔معاملے کی تفتیش جاری ہے۔یہ گرفتاریاں جائے واقعہ کے قریب نصب سی سی ٹی وی فوٹیج سے حاصل شدہ معلومات کی بنیاد پر کی گئی ہیں۔دہلی پولیس کے اسپیشل سیل (خاص طور پر اس کے کاؤنٹر انٹیلیجنس یونٹ) کی ایک ٹیم اس ضمن میں تحقیقات کر رہی ہے تفصیلی پوچھ گچھ جاری ہے اور ثبوت جمع کیے جا رہے ہیں۔

وزیر اعظم مودی نے کدمب کا پودا لگایا

نئی دہلی، 19 ستمبر (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے جمعہ کو یہاں اپنی رہائش گاہ پر کدمب کا پودا لگایا۔مسٹر مودی نے یہاں 7 لوک کلیان مارگ پر واقع اپنی رہائش گاہ پر کدمب کا پودا لگایا۔کدمب کا یہ پودا برطانیہ کے کنگ چارلس III نے مسٹر مودی کی سالگرہ کے موقع پر خصوصی تحفہ کے طور پر بھیجا تھا۔مسٹر مودی نے بدھ کو اپنی 75 ویں سالگرہ منائی۔یہ درخت ہندوستان اور برطانیہ کے درمیان دوستی اور طویل مدتی ماحولیاتی پائیداری کی علامت ہے۔

تاریخ میں آج کا دن

نئی دہلی، 19 ستمبر (یو این آئی) ہندوستانی اور عالمی تاریخ میں 20 ستمبر کے چند اہم واقعات حسب ذیل ہیں:

1388۔ دہلی کے سلطان فیروز تغلق سوئم کی موت ہوئی۔

- 1697 فرانس اور گرینڈ الائنس کے درمیان معاہدہ ریوینٹسوک پر دستخط ہوئے، جس سے نو سالہ جنگ کا خاتمہ ہوا۔

- 1797 بوسٹن میں یو ایس فریگیٹ کانسٹی ٹیوشن (اولڈ آئرن سائیڈز) کا آغاز ہوا۔

- 1803 آئرش باغی رابرٹ ایمیٹ کو پھانسی دی گئی۔

- 1819 کارلسبیڈ ڈکسن جرمن کنفیڈریشن میں جاری کیے گئے۔

-1831 بھاپ سے چلنے والی پہلی بس بنائی گئی۔ 30 افراد کی گنجائش والی اور انتہائی سست رفتاری سے چلنے والی اس بس کے موجد گورڈن برونز تھے۔

-1839 ایمسٹرڈیم سے ہارلیم تک ہالینڈ کے پہلے ریلوے روٹ کا افتتاح ہوا۔

-1848 امریکن ایسوسی ایشن فار دی ایڈوانسمنٹ آف سائنس کا قیام عمل میں آیا۔

1856۔ روحانی گرو نارائن کی پیدائش ہوئی۔

1857۔ برطانوی فوجیوں نے دہلی کو باغیوں سے چھین کر دوبارہ قبضہ کیا۔

-1867 ہنگری کے آسٹریا کے ساتھ انضمام کے بعد، فرانسوا جوزف باضابطہ طور پر آسٹریا ہنگری کے شہنشاہ بنے
-

1871۔ بنگال ہائی کورٹ کے کارگزار چیف جسٹس جان پیکسٹن کا چاقو مار کر قتل کیا گیا۔

1878۔ انگریزی کے مشہور اخبار "ہندو " کے ہفتہ وار شمارے کا آغاز کیا۔

-1881 چیسٹر اے آرتھر نے 21 ویں صدر کے طور پر حلف اٹھایا۔

- 1884 سان فرانسسکو میں 'کلیسیسٹیکل رائٹس پارٹی' قائم کی گئی۔

- 1906 اس وقت دنیا کا سب سے بڑا اور تیز ترین بحری جہاز، سمندری لائنر آر ایم ایس موریتانا لانچ کیا گیا۔

- 1925 ہیرالڈ لائیڈ کی کامیڈی فلم دی فریش مین اسکرین پر دکھائی گئی۔

- 1933 معروف تھیوسوفسٹ، خواتین کے حقوق کی حامی، مصنفہ، اسپیکر اور ہندوستان سے محبت کرنے والی خاتون ڈاکٹر اینی بیسنٹ کا انتقال ہو گیا۔

1939۔ برطانوی فوجیوں نے جرمنی کی آبدوز پر قبضہ کیا۔

- 1943 دوسری جنگ عظیم-آسٹریلیائی فوجی نے نیوگنی میں کائپٹ کی لڑائی میں شاہی جاپانی فوجیوں کو شکست دی۔

- 1946 پہلا کانز فلم فیسٹیول ریزورٹ سٹی کینز میں شروع ہوا۔یہ ایک سالانہ تہوار ہوگا جو فرانسیسی رویرا پر ہوگا۔

1946۔ فرانس کے مشہور کینز فلمی میلہ کا پہلی مرتبہ انعقاد ہوا۔

1954۔ چین نے آئین منظور کیا۔

-1954 آئی بی ایم کی طرف سے تیار کردہ فورٹران زبان میں پہلا پروگرام کمپیوٹر پر چلایا گیا۔

- 1970 روسی پروب نے چاند کی سطح سے کچھ چٹانیں اکٹھی کیں۔

- 1971 سمندری طوفان آئرین (سیٹیلائٹ امیج) نے نکاراگوا آٹو کو کامیابی سے جو بحر اوقیانوس سے بحر الکاہل میں عبور کرنے والا پہلا معروف سمندری طوفان بنا۔

-1973 دنیا کی مشہور بیٹل آف سکس میں بلی جین کنگ نے جیت حاصل کی۔

- 1977 مغربی سوویت یونین، فن لینڈ اور ڈنمارک میں نامعلوم نوعیت کے فلکیاتی نظاروں کا ایک سلسلہ دیکھا گیا۔

1983۔ ہندوستان کے ایپل سیٹلائٹ نے کام کرنا بند کر دیا۔

1990۔ امریکہ نے نوادہ میں کامیاب ایٹمی تجربہ کیا۔

- 1992 فرانسیسی رائے دہندگان نے ماسٹرچ معاہدے کو منظوری دی۔

- 1995 ریاستہائے متحدہ کی جنرل اسمبلی کا 50 واں اجلاس ہوا۔

- 2001 امریکی کانگریس کے مشترکہ اجلاس سے ٹیلی ویژن خطاب کے دوران، امریکی صدر جارج ڈبلیو بش نے القاعدہ اور دیگر عالمی دہشت گرد گروہوں کے خلاف 'دہشت گردی کے خلاف جنگ' کا اعلان کیا۔

- 2007 کینیڈین ڈالر مختصر طور پر 1976 کے بعد پہلی بار امریکی ڈالر کے برابر ہو گیا۔

-2007 لوزیانا، امریکہ میں، 15,000 سے 20,000 مظاہرین نے چھ سیاہ فام نوجوانوں کی حمایت میں مارچ کیا جنہیں اپنے گورے ہم جماعت پر تشدد کرنے کے جرم میں سزا سنائی گئی تھی۔

-2008 پاکستان کے اسلام آباد میں میریٹ ہوٹل کے سامنے دھماکہ خیز مواد سے بھرا ٹرک پھٹ گیا جس میں 54 افراد ہلاک اور 26 زخمی ہوئے۔

-2009 ٹیڈگ کنیلی کیری کے ساتھ آل آئرلینڈ سینئر فٹ بال چیمپین شپ کا فائنل جیت کر آسٹریلین رولز فٹ بال اور گیلک فٹ بال میں ٹاپ ایوارڈز جیتنے والے پہلے آدمی بن گئے۔

-2010 چاند کے ساتھ رات کے آسمان میں سب سے روشن چیز سیارہ مشتری ہے۔یہ 1963 کے بعد سے زمین کے قریب ترین نقطہ نظر بناتا ہے، جس کے نتیجے میں یہ ننگی آنکھ سے بھی نظر آتا ہے۔

امریکی سینیٹر نے فلسطین کی حاکمیت کو تسلیم کرنے کے لیے 'تاریخی' قرارداد پیش کی



واشنگٹن، 19 ستمبر (یو این آئی) امریکی سینیٹر جیف مرکلی نے ایک سینیٹ قرارداد پیش کی ہے جس میں واشنگٹن سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ ریاست فلسطین کو باضابطہ طور پر تسلیم کرے۔ یہ قرارداد سینیٹ میں اپنی نوعیت کی پہلی قرارداد ہے۔ مرکلی نے جمعرات کو ایک بیان میں کہا، "فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنا نہ صرف ایک عملی قدم ہے جو امریکہ اٹھا سکتا ہے تاکہ فلسطینیوں اور اسرائیلیوں کے لیے آزادی، وقار اور سلامتی کے ساتھ جینے کا مستقبل بنایا جا سکے، بلکہ یہ اخلاقی طور پر بھی درست ہے۔" انہوں نے مزید کہا، "امریکہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ قیادت کرے، اور یہ عمل کرنے کا وقت ہے۔" "یہ قرارداد امریکہ سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ بین الاقوامی قانون اور دو ریاستی حل کے اصولوں کے مطابق ایک غیر مسلح فلسطین کو ایک محفوظ اسرائیل کے ساتھ تسلیم کرے۔ مرکلی نے کہا کہ یہ تجویز "ایک مختلف راستہ "پیش کرتی ہے جو "فوری جنگ بندی، تمام یرغمالیوں کی واپسی، اور امداد کی فراہمی "سے شروع ہوتی ہے اور اس کے بعد "مستقبل کے لیے امن اور خوشحالی کی بنیاد "فراہم کرتی ہے- اور اس کا واحد قابل عمل راستہ دو ریاستوں کا حل ہے۔ انہوں نے مزید کہا، "اگر ہم چاہتے ہیں کہ اگلی نسل اسی عدم تحفظ اور مصیبت سے بچ سکے، تو فلسطینی ریاست کا مقصد مزید تاخیر کا شکار نہیں ہو سکتا۔ "اس قرارداد کے معاونین میں سینیٹرز کرس وان ہولن، ٹم کین، برنی سینڈرز، پیٹر ویلچ، ٹینا اسمتھ، ٹیمی بالڈون اور مزی ہیرونو شامل ہیں۔ یہ قرارداد ایسے وقت میں پیش کی گئی ہے جب فلسطین کو تسلیم کرنے کے لیے بین الاقوامی سطح پر حمایت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ یورپی ممالک جیسے اسپین، آئرلینڈ اور ناروے نے اس سال کے شروع میں اس سمت میں اقدامات کیے ہیں، اور اقوام متحدہ کے اندر اس موضوع پر دوبارہ بحث ہو رہی ہے۔ اقوام متحدہ کے 140 سے زائد رکن ممالک پہلے ہی فلسطین کی خودمختاری کو تسلیم کر چکے ہیں۔ امریکہ، جو اسرائیل کا قریبی اتحادی ہے، نے تاریخی طور پر ایسے اقدامات کی مخالفت کی ہے اور اسرائیلیوں اور فلسطینیوں کے درمیان براہ راست مذاکرات پر زور دیا ہے، جنہیں تل ابیب اکثر سبوتاژ کرتا رہا ہے۔ مرکلی کی قرارداد کانگریس میں غزہ میں انسانی بحران اور سیاسی پیش رفت کی عدم موجودگی پر بڑھتی ہوئی مایوسی کو اجاگر کرتی ہے۔ تسلیم کرنے کے حامیوں کا کہنا ہے کہ یہ ایک واضح پیغام دے گا کہ امریکہ فلسطینی حقوق اور سیاسی افق کی حمایت کرتا ہے، یہاں تک کہ اسرائیل غزہ میں نسل کشی اور مقبوضہ مغربی کنارے میں غیر قانونی بستیوں کی توسیع جاری رکھے ہوئے ہے۔ یہ قرارداد سینیٹ میں ایک مشکل مرحلے کا سامنا کرے گی، جہاں دو طرفہ اکثریت نے طویل عرصے سے فلسطین کو یکطرفہ طور پر تسلیم کرنے کی مخالفت کی ہے۔ پھر بھی، اس کا تعارف ایک علامتی تبدیلی کی نشاندہی کرتا ہے، جو پہلی بار قانون سازی کے ایجنڈے پر باضابطہ تسلیم کو رکھتا ہے۔

پاکستان کے ساتھ دفاعی معاہدے میں دیگر عرب ممالک کی شمولیت کیلئے دروازے بند نہیں: خواجہ آصف

اسلام آباد، 19 ستمبر (یو این آئی) پاکستانی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان باہمی دفاعی معاہدے میں دیگر عرب ممالک کی شمولیت کے لیے 'دروازے بند نہیں ہیں'۔ جیو نیوز کے پروگرام 'آج شاہ زیب خانزادہ کے ساتھ' میں بات کرتے ہوئے معاہدے میں دیگر عرب ممالک کی شمولیت کے حوالے سے سوال کے جواب میں خواجہ آصف کا مزید کہنا تھا کہ 'میں قبل از وقت اس پر جواب نہیں دے سکتا، لیکن یہ ضرور کہوں گا کہ دروازے بند نہیں ہیں۔ 'انہوں نے کہا کہ وہ ہمیشہ نیٹو جیسے انتظام کی بات کرتے رہے ہیں، خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ 'میرے خیال میں یہاں کے ممالک اور عوام، بالخصوص مسلم آبادی کا بنیادی حق ہے کہ وہ مل کر اپنے خطے، ممالک اور قوموں کا دفاع کریں۔ 'انہوں نے کہا کہ معاہدے میں کوئی ایسی شق شامل نہیں جو کسی دوسرے ملک کو شمولیت سے روکتی ہو یا پاکستان کو کسی اور ملک کے ساتھ ایسا ہی معاہدہ کرنے سے منع کرتی ہو۔ ایٹمی اثاثوں کے استعمال کے سوال پر ان کا کہنا تھا کہ 'ہمارے پاس جو کچھ ہے، ہماری صلاحیتیں، وہ یقیناً اس معاہدے کے تحت دستیاب ہوں گی، لیکن یہ بھی کہوں گا کہ جب سے پاکستان ایٹمی طاقت بنا ہے، کسی نے کبھی ہمارے ذمہ دار ایٹمی قوت ہونے کو چیلنج نہیں کیا۔ 'انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ اپنے ایٹمی اثاثے معائنہ کے لیے پیش کیے اور کبھی خلاف ورزی نہیں کی، انہوں نے اسرائیل سے موازنہ کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل نے کبھی معائنے کی اجازت نہیں دی۔ ان سے سوال پوچھا گیا کہ اگر ایک ملک پر حملہ ہو تو دوسرا خود بخود شامل ہوگا، اس حوالے سے خواجہ آصف نے کہا کہ 'جی بالکل، اس میں کوئی شک نہیں۔ 'انہوں نے کہا کہ پاکستان اور نہ ہی سعودی عرب نے دفاعی معاہدے کے نفاذ کو کسی مخصوص ملک سے جوڑا ہے، 'یہ دونوں طرف سے فراہم کردہ ایک چھتری ہے کہ اگر کسی طرف سے کسی پر جارحیت کی جائے تو اس کا مشترکہ دفاع اور جواب دیا جائے گا۔ 'انہوں نے وضاحت کی کہ یہ کوئی 'جارحانہ معاہدہ' نہیں بلکہ ایک دفاعی انتظام ہے، جو نیٹو جیسا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کافی عرصے سے سعودی افواج کی تربیت میں شامل رہا ہے اور حالیہ پیش رفت اس سب کی صرف ایک باضابطہ 'توسیع' ہے، جو مثبت اقدام ہے۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کا کہنا تھا کہ 'اگر جارحیت ہوئی، چاہے سعودی عرب کے خلاف ہو یا پاکستان کے خلاف، ہم مل کر اس کا دفاع کریں گے۔ 'انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ اس معاملے پر سعودی عرب کے ساتھ بات کی ہے اور یہ بھی کہ پاکستان کی بری فوج اور پاک فضائیہ کی نفری کئی دہائیوں سے وہاں موجود رہی ہے۔ خواجہ محمد آصف نے مزید کہا کہ سعودی عرب میں اسلامی مقدس مقامات کی حفاظت پاکستان کے لیے 'مقدس فریضہ' بھی ہے۔ امریکہ کو اعتماد میں لینے کے سوال پر آصف نے کہا کہ انہیں لگتا ہے اس پیش رفت کے حوالے سے کسی تیسرے فریق کی شمولیت کا کوئی جواز ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ معاہدہ بالادستی قائم کرنے کے لیے نہیں بلکہ ایک دفاعی انتظام ہے، ہمارا کسی کا علاقہ فتح کرنے یا حملہ کرنے کا کوئی ارادہ نہیں، لیکن ہمارا بنیادی حق ہم سے چھینا نہیں جا سکتا اور ہم نے کل اسے استعمال کیا۔

برطانوی خفیہ ایجنسی ایم آئی 6 نے جاسوسوں کی بھرتی کیلیے نیا طریقہ اپنایا

لندن، 19 ستمبر (یو این آئی) برطانیہ کی خفیہ ایجنسی ایم آئی 6 نے روس اور دنیا کے دیگر ممالک میں نئے جاسوسوں کی بھرتی کیلیے نیا طریقہ اپنا لیا۔ العربیہ انگلش پر شائع بلوم برگ کی رپورٹ کے مطابق برطانوی انٹیلی جنس سروس ایم آئی 6 نے ایک نیا آن لائن پورٹل شروع کیا ہے جس کے بارے میں کہا جا رہا ہے کہ یہ روس اور دیگر ممالک میں بھرتی کیے گئے جاسوسوں کو ڈارک ویب کے ذریعے محفوظ طریقے سے ایجنسی کو پیغامات بھیجنے کی اجازت دے گا۔ وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ایم آئی 6 کے سبکدوش ہونے والے سربراہ رچرڈ مور اپنی آخری تقریر میں اس پورٹل کا اعلان کریں گے جسے 'سائلنٹ کوریئر' کا نام دیا گیا ہے۔ خفیہ ایجنسی اپنے سرکاری یوٹیوب چینل پر بھی پورٹل کے حوالے سے ہدایات شائع کرے گی تاکہ بھرتی ہونے والوں کو دشمن انٹیلی جنس سرگرمیوں یا دہشت گردی کے بارے میں معلومات فراہم کرنے میں مدد ملے۔ بیان میں کہا گیا کہ آج ہماری درخواست ان لوگوں سے ہے جو عالمی عدم استحکام، بین الاقوامی دہشت گردی یا دشمن ریاستی انٹیلی جنس سرگرمیوں کے بارے میں حساس معلومات رکھتے ہیں۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ ایسے لوگ آن لائن ایم آئی 6 سے محفوظ طریقے سے رابطہ کریں، ہمارے دروازے آپ کیلیے کھلے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق برطانیہ کیلیے جاسوسی کرنے کے خواہشمندوں کیلیے مشورہ ہے کہ وہ ٹور براؤزر ڈاؤن لوڈ کریں اور ایسی ڈیوائس استعمال کریں جو ان سے ذاتی طور پر منسلک نہ ہو، ساتھ ہی ایک قابل اعتماد ورچوئل پرائیویٹ نیٹ ورک (وی پی این) کا استعمال کریں۔ ایم آئی 6 نے کہا کہ وہ پہلی بار ڈارک ویب کا استعمال کر رہی ہے تاکہ روس اور دنیا بھر میں رہنے والے جاسوسوں کو ان کے خلاف خطرات کو کم کرنے کی اجازت دی جا سکے۔ یہ نقطہ نظر امریکی سینٹرل انٹیلی جنس ایجنسی (سی آئی اے) کی طرز پر ہے جس نے 2023 میں سوشل میڈیا چینلز پر ویڈیوز شائع کیں تاکہ ممکنہ روسی جاسوسوں کو راغب کیا جا سکے۔ رچرڈ مور ستمبر کے آخر میں ایم آئی 6 کے سربراہ کے طور پر اپنی پانچ سالہ مدت سے سبکدوش ہو رہے ہیں جبکہ ان کی جگہ بلیز میٹریویلی لیں گی جو ایجنسی کی سربراہی کرنے والی پہلی خاتون ہوں گی۔

امریکہ کا اسرائیل پر اثرِ رسوخ ہمارے سوچ سے کم ہوسکتا ہے: ترک وزیر خارجہ

انقرہ، 19 ستمبر (یو این آئی) ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان نے کہا ہے کہ غزہ میں اسرائیل کی نسل کشی کے حالیہ واقعات اور پیش رفت سے ظاہر ہوتا ہے کہ امریکہ اسرائیل کی پالیسیوں پر اتنا اثر و رسوخ نہیں رکھتا جتنا عام طور پر سمجھا جاتا ہے، بلکہ حقیقت اس کے برعکس بھی ہو سکتی ہے۔ ترک میڈیا کے مطابق انہوں نے جمعرات کو کہا، "جیسا کہ آپ جانتے ہیں، امریکی داخلی سیاست میں طویل عرصے سے یہ حقیقت موجود ہے کہ کون کس کو کنٹرول کرتا ہے اور کس کا اثر زیادہ ہے۔ حالیہ واقعات نے یہ ظاہر کیا ہے کہ امریکہ اسرائیل کی پالیسیوں پر اتنا اثر نہیں رکھتا جتنا تصور کیا جاتا ہے؛ بلکہ یہ اس کے بالکل الٹ بھی ہو سکتا ہے۔ "فیدان نے غزہ میں امن اور شام میں استحکام کے حوالے سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ جاری بات چیت پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل نے فلسطینی زمینوں پر قبضہ کرنے کے بعد سے ہمیشہ خطے کے لیے ایک مسئلہ کھڑا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام علاقائی ممالک 1967 کی سرحدوں پر مبنی دو ریاستی حل کی حمایت کرتے ہیں۔ "تاہم، اسرائیل نے کبھی بھی دو ریاستی حل کو سنجیدگی سے قبول نہیں کیا۔ اس نے ہمیشہ 1967 کی سرحدوں سے آگے فلسطینی زمینوں پر قبضہ کرنے کی پالیسی اپنائی ہے اور اس کے لیے سیکیورٹی کو بہانہ بنایا ہے۔ "انہوں نے مصری ایم بی سی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا، "یہ مسئلہ دہائیوں سے اسلامی دنیا کے لیے سب سے بڑا مسئلہ رہا ہے۔ حالیہ برسوں میں، اسرائیلی توسیع پسندی خطے کے لیے ایک سرکاری خطرہ بن چکی ہے، اس کے علاوہ فلسطین میں جاری ظلم و ستم بھی جاری ہے۔ "مسٹر فیدان نے دوحہ میں ہونے والے ہنگامی عرب-اسلامی سربراہی اجلاس کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس اجلاس نے اسرائیل کی توسیع پسندی پالیسیوں سے آگاہی کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے مزید کہا، "ہم غزہ میں جاری نسل کشی اور مغربی کنارے کو ضم کرنے کی اسرائیلی کوششوں کی مخالفت اور ان کے خلاف کام جاری رکھیں گے، اور ایک فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے کوشش کریں گے۔ یہ علاقائی امن کے لیے ناگزیر ہے۔ "وزیر خارجہ نے اسرائیل کی توسیع پسندانہ پالیسیوں کو علاقائی ممالک اور عالمی برادری کی جانب سے حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور اس سلسلے میں مناسب اقدامات کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا، "یہ انتہائی اہم ہے۔ یہ نہ تو اسرائیل کے لیے اچھا ہے اور نہ ہی خطے کے ممالک کے لیے۔ بدقسمتی سے، اسرائیل اپنی سلامتی ان ممالک کی سیاسی اور اقتصادی کمزوریوں اور تکنیکی پسماندگی سے حاصل کرتا ہے جو اس کے قریب ہیں۔ "انہوں نے مزید کہا، "مثال کے طور پر، لبنان میں اس کا قبضہ، شام میں اس کی موجودگی، ایران کے خلاف حملے، یمن میں شہری علاقوں کو مسلسل نشانہ بنانا، بنیادی ڈھانچے کی منظم تباہی اور قطر پر حملہ ہے۔ "فیدان نے کہا کہ دوحہ میں حماس کی قیادت پر حالیہ اسرائیلی حملے نے "بہت سی چیزیں بدل دی ہیں، جبکہ ثالثی کی کوششیں جاری ہیں۔ "انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی اداکار غزہ میں اسرائیل کی نسل کشی، روس-یوکرین جنگ اور دیگر تنازعات کو حل کرنے میں ناکام رہے ہیں، اور موجودہ نظام "مسائل کے حل کے بجائے بحرانوں کو ہوا دینے کا رجحان "ظاہر کرتا ہے۔ فیدان نے کہا کہ بلاکس، اتحاد اور عالمی ادارے، خاص طور پر یورپی یونین اور اقوام متحدہ، اکثر عالمی مسائل کو حل کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا، "اقوام متحدہ کی ساخت، خاص طور پر سلامتی کونسل، ان مسائل کو حل کرنے میں ناکافی نظر آتی ہے۔

ٹرمپ نے اسٹارمر کو برطانیہ کی سرحدوں کے کنٹرول کے لیے فوج کے استعمال کا دیا مشورہ

لندن، 19 ستمبر (یو این آئی) امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے برطانوی وزیر اعظم سر کیر اسٹارمر کو مشورہ دیا ہے کہ وہ غیر قانونی نقل مکانی روکنے کے لیے فوج کا استعمال کر سکتے ہیں۔ مسٹر ٹرمپ کے برطانیہ کے دوسرے سرکاری دورے کے اختتام پر یہاں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے مسٹر کیر کے ساتھ نقل مکانی کے تعلق سے تبادلہ خیال کیا۔ بی بی سی کی ایک رپورٹ کے مطابق امریکی صدر نے امریکہ میں سرحدوں کو محفوظ بنانے کے لیے اپنی پالیسیوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ چھوٹی کشتیوں میں انگلش چینل عبور کرنے والے تارکین وطن کی وجہ سے برطانیہ کو بھی ایسے ہی چیلنج کا سامنا ہے۔ مسٹر ٹرمپ نے کہا کہ 'لوگ آ رہے ہیں، اور میں نے وزیر اعظم سے کہا کہ میں اسے روکوں گا اور اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ فوج کو بلاتے ہیں یا نہیں، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کس ذریعہ کا استعمال کرتے ہیں۔ 'امریکی صدر نے برطانوی وزیر اعظم کیر اسٹارمر سے نقل مکانی کے خلاف 'سخت موقف' اختیار کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اس سے 'بہت نقصان' ہو رہا ہے۔ ایک مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران بات کرتے ہوئے، مسٹر ٹرمپ نے کہا کہ غیر قانونی نقل مکانی 'ملکوں کو اندر سے تباہ کر دیتی ہے اور در حقیقت ہم اپنے ملک آئے کافی لوگوں کو نکال رہے ہیں۔ "مسٹر ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے غیر قانونی تارکین وطن کی ملک بدری میں تیز کارروائی کی ہے اور غیر قانونی سرحدی گزرگاہوں کے خلاف کارروائی کی ہے۔ صدر اور خاتون اول میلانیا ٹرمپ پریس کانفرنس کے فوراً بعد اسٹینسٹڈ ایئرپورٹ سے ایئر فورس ون کے ذریعے برطانیہ کے لیے روانہ ہو گئے۔ برطانیہ اور امریکی صحافیوں کے ساتھ ایک وسیع سوال و جواب کے سیشن کے دوران، دونوں نے برطانیہ اور امریکہ کے درمیان 'خصوصی تعلقات' کا ذکر کیا اور ایک نئے ٹیکنالوجی معاہدے کا اعلان کیا۔ مسٹر ٹرمپ نے کہا کہ اس سے اتحادیوں کو مصنوعی ذہانت (اے آئی) کی دنیا میں 'غلبہ' حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ مسٹر ٹرمپ نے تاہم فلسطین کے معاملے پر 'وزیر اعظم کے ساتھ اپنا اختلاف' ظاہر کیا۔ وزیر اعظم کیر اگلے ہفتے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے قبل فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ فلسطین کی کچھ بین الاقوامی پہچان ہے، لیکن اس کی کوئی بین الاقوامی سطح پر متفقہ سرحدیں، کوئی راجدھانی اور کوئی فوج نہیں ہے۔ اس وقت اقوام متحدہ کے 193 رکن ممالک میں سے 147 فلسطین کو تسلیم کرتے ہیں۔ اس فہرست میں شامل ہونے سے ایک مضبوط سیاسی پیغام جائے گا، حالانکہ یہ زیادہ تر علامتی ہوگا۔

ڈونلڈ ٹرمپ آج چینی صدر سے ٹیلیفونک بات چیت کریں گے: امریکی جریدہ

واشنگٹن، 19 ستم، بر (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ آج چینی صدر شی جن پنگ سے ٹیلی فونک بات چیت کریں گے۔ امریکی جریدے بلوم برگ کے مطابق صدر ٹرمپ کی چینی ہم منصب سے ٹیلی فونک گفتگو واشنگٹن ٹائم کے مطابق صبح 9 بجے شیڈولڈ ہے۔ بلوم برگ کے مطابق دونوں صدور کے درمیان ٹک ٹاک، ٹیرف اور دیگر موضوعات پر تبادلہ خیال متوقع ہے۔

البانیہ میں مصنوعی ذہانت سے تیار کی گئی دنیا کی پہلی وزیر کا پارلیمنٹ میں پہلا خطاب

ترانہ، 19 ستمبر (یو این آئی) البانیہ میں مصنوعی ذہانت سے تیار کی گئی دنیا کی پہلی وزیر نے پارلیمنٹ میں اپنا پہلا خطاب کیا ہے۔ خطاب میں اے آئی جنریٹڈ وزیر نے کہا کہ میں یہاں انسانوں کی جگہ لینے کے لیے نہیں ہوں بلکہ اِن کی مدد کرنے کے لیے ہوں، کچھ لوگوں نے مجھے غیر آئینی کہا ہے کیونکہ میں انسان نہیں ہوں۔ مصنوعی ذہانت سے تیار کی گئی وزیر نے مزید کہا کہ میں آپ کو یاد دلاتی چلوں آئین کو اصل خطرہ مشینوں سے نہیں بلکہ اقتدار میں رہنے والوں کے غیر انسانی فیصلوں سے ہے۔ یاد رہے کہ البانیہ کے وزیر اعظم ایڈی راما نے گزشتہ ہفتے دنیا کے پہلے اے آئی جنریٹڈ حکومتی وزیر کا تقرر کیا تھا۔ اے آئی وزیر کا نام البانوی زبان میں 'ڈیلا' یعنی 'سورج' ہے۔

درہ آدم خیل میں کوئلے کی کان میں امدادی کارروائی کے دوران 3 افراد جاں بحق

پشاور، 19 ستمبر (یو این آئی) پاکستان کے کوہاٹ کے علاقے درہ آدم خیل میں کوئلے کی کان میں امدادی کارروائی کے دوران 2 ریسکیو اہلکاروں سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق اہلکار کوئلے کی کان میں پھنسے مزدور کو نکالنے کے لیے اترے تھے، کان میں پانی بھر جانے کی وجہ سے دو اہلکار جان کی بازی ہار گئے۔ ریسکیو ٹیم نے 2 اہلکاروں سمیت 3 افراد کو کان سے مردہ حالت میں نکال لیا۔

امریکہ نے غزہ میں فوری اور غیر مشروط جنگ بندی کی قرارداد چھٹی بار ویٹو کردی

نیویارک، 19 ستمبر (یو این آئی) امریکہ نے ایک مرتبہ پھر غزہ میں فوری، غیر مشروط اور مستقل جنگ بندی کا مسودہ قرارداد ویٹو کر دیا۔ جبکہ یو این سلامتی کونسل میں 14 ارکان نے قرارداد کی حمایت میں ووٹ دیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق امریکہ نے چھٹی بار غزہ جنگ بندی کی قرارداد کو ویٹو کیا ہے۔ آئندہ ہفتے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس میں عالمی رہنماؤں کی آمد متوقع ہے، اس دوران غزہ اور قطر میں بڑھتے ہوئے بحران عالمی سفارتی ترجیحات کو از سر نو تشکیل دے رہے ہیں، جن کے پاکستان اور امریکہ کے تعلقات پر بھی اہم اثرات مرتب ہوں گے۔ ڈان نیوز میں شائع رپورٹ کے مطابق جمعرات کو واشنگٹن نے حسب روایت اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ایک مسودہ قرارداد ویٹو کر دیا، جس میں غزہ میں فوری، غیر مشروط اور مستقل جنگ بندی کے علاوہ اسرائیل پر محصور علاقے میں امداد کی ترسیل پر عائد تمام پابندیاں ختم کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ یہ قرارداد سلامتی کونسل کے 15 میں سے 10 منتخب ارکان نے تیار کی تھی اور اسے 14 ووٹ ملے، لیکن امریکہ نے چھٹی بار ویٹو پاور استعمال کرتے ہوئے اسرائیل کا ساتھ دیا۔ گزشتہ ہفتے ایک نادر موقع پر امریکہ نے سلامتی کونسل کے ایک بیان کی حمایت کی تھی جس میں قطر پر حالیہ حملوں کی مذمت کی گئی، تاہم متن میں اسرائیل کا ذکر شامل نہیں تھا۔ ایک اور غیر متوقع پیش رفت میں امریکی ڈیموکریٹ سینیٹرز نے ایک قرارداد پیش کی ہے جس میں فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اگرچہ اس کے ایوان میں منظور ہونے کے امکانات کم ہیں کیونکہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ریپبلکن پارٹی کو 53 کے مقابلے میں 47 کی اکثریت حاصل ہے، لیکن قرارداد امریکہ سے ایک غیر مسلح فلسطینی ریاست کو ایک محفوظ اسرائیل کے ساتھ تسلیم کرنے پر زور دیتی ہے۔ ڈیموکریٹ سینیٹر جیف مرکلی نے کہا کہ 'امریکہ کی ذمہ داری ہے کہ قیادت کرے اور وقت آ گیا ہے کہ عمل کیا جائے'۔

اسرائیلی وزیر کا امریکہ کے ساتھ غزہ کی تقسیم پر بات چیت کا دعویٰ

تل ابیب، 19 ستمبر (یو این آئی) اسرائیل کے وزیر خزانہ بیزلیل سموتریچ نے غزہ کو غیر معمولی منافع بخش ریئل اسٹیٹ قرار دیتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ وہ امریکہ کے ساتھ اس جنگ زدہ علاقے کی تقسیم پر بات چیت کر رہے ہیں۔ امریکی خبر رساں ادارے سی این این کی رپورٹ کے مطابق تل ابیب میں اربن رینیول سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے دائیں بازو کے سخت گیر وزیر نے کہا کہ 'اسرائیل اور امریکہ نے غزہ جنگ پر بہت پیسہ خرچ کیا ہے، لہٰذا ہمیں غزہ کی زمین کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی میں حصہ بانٹنا ہوگا'۔ بیزلیل سموتریچ نے مزید کہا کہ انہوں نے اس حوالے سے امریکہ کے ساتھ بات چیت شروع کر دی ہے اور اس معاملے پر ایک بزنس پلان پہلے ہی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی میز پر موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ 'ہم نے انہدام کا مرحلہ مکمل کر لیا ہے، جو ہمیشہ شہری تجدید کاری کا پہلا مرحلہ ہوتا ہے، اب ہمیں تعمیر کرنا ہے'۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این نے جب وائٹ ہاؤس سے اس بیان پر مؤقف جانا تو ایک اہلکار نے کہا کہ 'صدر ٹرمپ طویل عرصے سے ایسے حل تجویز کرتے رہے ہیں جو غزہ کے عوام کو دوبارہ تعمیر میں مدد دے سکیں، تاہم حماس کو پہلے ہتھیار ڈالنے اور غزہ پر اپنی حکمرانی ختم کرنے پر آمادہ ہونا ہوگا'۔ بیزلیل سموتریچ کے یہ بیانات اسرائیلی وزیر قومی سلامتی ایتامار بن گویر کے حالیہ بیان کے بعد سامنے آئے ہیں جنہوں نے پیر کو کہا تھا کہ وہ اسرائیلی آپریشن کی تکمیل کے بعد غزہ شہر میں اسرائیلی پولیس اہلکاروں کے لیے ایک 'شاندار محلہ' تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ صدر ٹرمپ پہلے بھی کہہ چکے ہیں کہ وہ غزہ کو ایک 'بڑی ریئل اسٹیٹ سائٹ' سمجھتے ہیں اور انہوں نے 21 لاکھ فلسطینیوں کو اس علاقے سے بے دخل کرنے کی تجویز دی تھی تاکہ وہاں امریکا کی ملکیت میں ایک 'ریویرا' بنایا جا سکے۔ فروری میں صدر نے اپنی ٹروتھ سوشل اکاؤنٹ پر ایک ویڈیو بھی جاری کی تھی جو بظاہر مصنوعی ذہانت کے ذریعے تیار کی گئی تھی، اس ویڈیو میں غزہ کو خلیجی ریاستوں جیسا ریزورٹ دکھایا گیا تھا، جہاں ان کا سنہری مجسمہ نصب ہے، ایلون مسک ہمس کھا رہے ہیں اور امریکی و اسرائیلی رہنما ساحل پر آرام کر رہے ہیں۔ اسرائیل کی دائیں بازو کی جماعتیں طویل عرصے سے فلسطینیوں کو غزہ سے بے دخل کرنے کی خواہش رکھتی ہیں، جسے ناقدین نسلی تطہیر کے مترادف قرار دیتے ہیں۔ غزہ کی صورتحال پر خدشات میں اضافہ ہو رہا ہے کیونکہ اسرائیل نے اعلان کیا ہے کہ وہ غزہ سٹی پر باقاعدہ چڑھائی شروع کر رہا ہے، یہ غزہ کا سب سے بڑا شہر ہے اور اس کی وجہ سے 10 لاکھ سے زیادہ رہائشیوں کو مزید جنوب میں پہلے ہی بھیڑ بھاڑ والے علاقوں میں دھکیلا جا رہا ہے۔ عینی شاہدین اور سیٹلائٹ تصاویر کے مطابق بدھ کو اسرائیلی ٹینک غزہ شہر کے کنارے تعینات تھے تاکہ زمینی کارروائی کا آغاز کیا جا سکے۔

اٹلی کی بندرگاہ پر اسرائیل کیلیے اسلحے کی ترسیل روک دی گئی

روم، 19 ستمبر (یو این آئی) اطالوی بندرگاہ نے کارکنوں کے احتجاج میں اضافے پر اسرائیل کے لیے اسلحے کو روک دیا۔ اٹلی کی ایڈریاٹک بندرگاہ ریوینا نے دو ٹرکوں کے داخلے سے انکار کر دیا ہے جن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ ہتھیار لے کر جا رہے ہیں، کیونکہ غزہ میں جنگ کے خلاف اطالوی ڈاک ورکرز اور دیگر مزدور گروپوں میں مظاہرے بڑھ رہے ہیں۔ ریوینا کے درمیانی بائیں بازو کے میئر الیسنڈرو براتونی نے صحافیوں کو بتایا کہ پورٹ اتھارٹی نے ان کی اور علاقائی حکومت کی طرف سے اسرائیلی بندرگاہ حیفہ جانے والی بارودی مواد لے جانے والی لاریوں تک رسائی سے انکار کرنے کی درخواست قبول کر لی ہے۔ باراتونی نے ایک بیان میں کہا، "اطالوی ریاست کا کہنا ہے کہ اس نے اسرائیل کو ہتھیاروں کی فروخت روک دی ہے، لیکن یہ ناقابل قبول ہے کہ، افسر شاہی کی خامیوں کی بدولت، وہ دوسرے ممالک سے اٹلی کے راستے گزر سکتے ہیں۔ "انہوں نے اس بارے میں تفصیلات فراہم نہیں کیں کہ کنٹینرز کہاں سے آئے ہیں اور نہ ہی ان کے مواد کے ثبوت فراہم کیے ہیں۔ اسرائیل کو ہتھیاروں کی ترسیل کو روکنے کے لیے اسی طرح کی کارروائی دیگر یورپی ممالک جیسے فرانس، سویڈن اور یونان میں ڈاک ورکرز نے کی ہے۔ ریوینا کا فیصلہ اٹلی میں اسرائیل کے حملے کے خلاف اور فلسطینیوں کو امداد پہنچانے کی کوشش کرنے والے بین الاقوامی فلوٹیلا کی حمایت میں بڑھتے ہوئے متحرک ہونے کی عکاسی کرتا ہے۔ جمعہ کے روز، اٹلی کی سب سے بڑی ٹریڈ یونین باڈی، سی جی آئی ایل روم اور دیگر شہروں میں قومی آدھے دن کی ہڑتال اور مارچ کرے گی، جب کہ 22 ستمبر کو، دو دیگر یونینیں کام روک دیں گی اور جینوا اور لیورنو کی بڑی بندرگاہوں میں سرگرمیاں روکنے کی کوشش کریں گی۔ سی جی آئی ایل نے کہا کہ اس کے احتجاج کا مقصد وزیر اعظم جارجیا میلونی کی حکومت پر "اسرائیل کے ساتھ تمام تجارتی اور فوجی تعاون کے معاہدوں کو معطل کرنے، انسانی ہمدردی کی بنیاد پر عائد پابندیوں کو ختم کرنے، اور ریاست فلسطین کو تسلیم کرنے "کے لیے دباؤ پیدا کرنا تھا۔

☆☆

روس کے مشرقی ساحل پر 7.4 شدت کا زلزلہ، سونامی کا انتباہ جاری

ماسکو، 19 ستمبر (یو این آئی) روس کے جزیرہ نما کامچاٹکا کے مشرقی ساحل پر 7.4 شدت کا زلزلہ آیا۔ یہ اطلاع مقامی جیوفزیکل سروس نے جمعرات کو دی۔ روسی اکیڈمی آف سائنسز کے جیوفزیکل سروے کی کامچاٹکا برانچ کے مطابق، زلزلے کا مرکز علاقائی دارالحکومت پیٹروپاولوسک-کامچاٹسکی سے 149 کلومیٹر کے فاصلے پر 39 کلومیٹر کی گہرائی میں واقع تھا۔ کامچاٹکا کے گورنر ولادیمیر سولودوف نے ایک ٹیلی گرام پوسٹ میں کہا کہ جزیرہ نما کے مشرقی ساحل کے لیے سونامی کا انتباہ جاری کیا گیا ہے اور رہائشیوں کو مطلع کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام خدمات کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکام نے زلزلے کے بعد سماجی سہولیات اور رہائشی عمارتوں کا فوری معائنہ شروع کر دیا ہے۔ ایک تازہ ترین پوسٹ میں، سولودوف نے کہا کہ ساحلی علاقے کے کچھ حصوں میں 1.5 میٹر تک کی لہروں کی توقع کی جا سکتی ہے، جبکہ ہائیڈرو میٹرولوجیکل حکام کے مطابق، زیادہ گنجان آباد پیٹروپاولوسک علاقے میں، لہروں کا تخمینہ 0.1 میٹر سے کم ہے۔

روس اور انڈونیشیا میں شدید زلزلہ، عمارتوں کو نقصان، سونامی وارننگ جاری

ماسکو، جکارتہ، 19 ستمبر (یو این آئی) روس کے کامچٹکا ریجن اور انڈونیشیا کے صوبے پاپوا میں گزشتہ روز زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ امریکی جیولوجیکل سروے کے مطابق روس کے کامچٹکا ریجن میں رات گئے 7.8 شدت کا زلزلہ آیا جس کے بعد سونامی وارننگ جاری کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق زلزلے کی گہرائی 10 کلومیٹر تھی، یہ زلزلہ 29 جولائی کو آنے والے 8.8 زلزلے کا آفٹر شاک ہے تاہم زلزلے سے ابھی تک نقصان کی کوئی اطلاعات نہیں ہیں۔ دوسری جانب انڈونیشیا کے صوبے پاپوا میں رات گئے 6.1 شدت کا زلزلہ آیا جس کا مرکز نبائر شہر سے 28 کلومیٹر جنوب میں تھا اور زلزلے کی گہرائی 10 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ انڈونیشیا کی نیشنل ڈیزاسٹر ایجنسی کے ترجمان کے مطابق زلزلے سے عمارتوں کو نقصان پہنچا، زلزلے سے ایئرپورٹ کی کھڑکیوں کے شیشے ٹوٹ گئے اور سرکاری دفتر کی چھت گر گئی۔ ترجمان نیشنل ڈیزاسٹر ایجنسی کا بتانا ہے کہ زلزلے سے ایک پل کو نقصان پہنچا، بجلی و ٹیلی کام نیٹ ورک متاثر ہوئے جب کہ اب تک 50 آفٹر شاکس محسوس کیے جا چکے ہیں تاہم زلزلے سے کوئی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

کارپوریشن کے تعاون سے ڈینگو کی روک تھام کے متعلق بیداری مہم

آسنسول 19 ستمبر (عوامی نیوز سروس) آسنسول شہر میں بارش کے موسم میں ڈینگو سے بچاؤ کی کوششیں جاری ہیں لوگوں میں ڈینگو سے بچاؤ اور احتیاطی تدابیر کے بارے میں شعور اجاگر کرنے کے لیے آسنسول سٹی ہال کے صحن میں روایتی چھؤ ڈانس کا پروگرام منعقد کیا گیا۔ آگاہی پروگرام سوڈایاراجیہ نگر تنظیم کے تعاون سے منعقد کی گئی تھی۔ اس تقریب میں آسنسول میونسپل کارپوریشن کے ڈپٹی میئر ابھجیت گھٹک، میونسپل کارپوریشن کے چیئر مین امرناتھ چٹرجی، گرو داس عرف راکٹ مانس داس، بورو چیئر مین انیل سنہا موجود تھے۔ ڈپٹی میئر کا کہنا ہے کہ آسنسول کارپوریشن بارش کے موسم میں ڈینگو سے بچاؤ اور آگاہی بڑھانے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہا ہے اس سال بہت زیادہ بارشیں ہوئی ہیں۔ کئی مہینوں سے مسلسل بارش ہو رہی ہے اس کے پیش نظر آسنسول میونسپل کارپوریشن عوام کو آگاہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے تاکہ لوگ ڈینگو سے بچ سکیں انہوں نے عوام سے درخواست کی ہے کہ جن علاقوں میں پانی جمع ہے وہاں صفائی ستھرائی کا خیال رکھیں تاکہ ڈینگو بخار نہ پھیلے۔

جموڑیہ: کارپوریشن، پولس انتظامیہ اور تاجر تنظیموں کی مشترکہ کوشش سے تجاوزات ہٹانے کی مہم شروع

آسنسول:19 ستمبر، (عوامی نیوز سروس): انتظامیہ نے علاقے کو ٹریفک جام سے پاک کرنے کے لیے ایک بڑا اقدام شروع کر دیا ہے میونسپل کارپوریشن، پولیس انتظامیہ اور تاجر تنظیموں کی مشترکہ کوشش سے تجاوزات ہٹانے کی مہم شروع کی گئی۔ یہ اقدام ٹریفک جام اور افراتفری والے بازار کو ہموار کرنے کے لیے اٹھایا گیا تھا، جو جموڑیہ کے رہائشیوں کے لیے ایک دیرینہ مسئلہ ہے جموڑیہ پولیس اسٹیشن آفیسر سومیندر ناتھ سنگھ ٹھاکر، ٹریفک پولیس آفیسر سبیر سین، میونسپل بورو کے چیئر مین شیخ شاندر، اور جموڑیہ چیمبر آف کامرس کے سکریٹری مہیش کمار ساودیا اس مہم میں نمایاں طور پر موجود تھے ان تمام عہدیداروں اور نمائندوں نے مشترکہ طور پر بازار اور مرکزی سڑکوں سے ناجائز تجاوزات کو ہٹایا۔ انتظامیہ کا کہنا تھا کہ دکانداروں کی جانب سے تجاوزات، عارضی گاڑیاں اور شہر کی سڑکوں پر غیر قانونی پارکنگ ٹریفک جام کے بڑھتے ہوئے مسئلے میں معاون ثابت ہو رہی ہے۔ اسٹیشن آفیسر سومیندر ناتھ سنگھ ٹھک نے کہا کہ یہ مہم شہریوں کی سہولت اور شہر میں نظم ونسق برقرار رکھنے کے لیے ضروری تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بار بار وارننگ کے باوجود کچھ لوگ سڑکوں پر سامان رکھ کر کاروبار کرتے رہتے ہیں جس سے ٹریفک جام ہو جاتا ہے اب انتظامیہ نے ایسے تجاوزات کے خلاف سخت کارروائی کی ہے ٹرافک پولیس انچارج سبیر سین نے کہا کہ جموڑیہ میں درگا پوجا جیسے بڑے تہواروں کے پیش نظر ٹریفک نظام کو بہتر بنانا بہت ضروری ہے اگر بروقت سڑکوں کو تجاوزات سے پاک نہ کیا گیا تو تہواروں کے دوران لوگوں کو مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ میونسپل کارپوریشن بورو کے چیئر مین شیخ شاندار نے کہا کہ شہر کی ترقی اسی وقت ممکن ہے جب اس کی سڑکیں اور بازار منظم ہوں۔ انہوں نے دکانداروں سے اپیل کی کہ وہ اپنا سامان سڑک پر نہ پھیلائیں اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔ اس دوران جموڑیہ چیمبر آف کامرس کے سکریٹری مہیش کمار ساوندیا نے تاجروں پر بھی زور دیا کہ وہ خریداری کی سہولت اور ہموار کاروبار کو یقینی بنانے کے لیے انتظامیہ کے اقدام کی حمایت کریں۔ مقامی لوگوں نے اس اقدام کا خیر مقدم کیا ہیبہت سے شہریوں نے بتایا کہ جموڑیہ میں طویل عرصے سے ٹریفک جام کا مسئلہ رہا ہے صبح اور شام کے اوقات میں صورتحال مزید خراب ہو جاتی ہے۔ تجاوزات ہٹانے سے ٹریفک میں آسانی ہوگی اور پیدل چلنے والوں کو ریلیف ملے گا۔ انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ یہ مہم صرف ایک دن تک محدود نہیں رہے گی بلکہ مسلسل چلائی جائے گی۔ اگر کسی نے دوبارہ سڑک پر تجاوزات کی تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ میونسپل کارپوریشن اور پولیس نے مشترکہ طور پر جہاں ضروری ہو مستقل پارکنگ اور متبادل انتظامات فراہم کرنے کا فیصلہ کیا مجموعی طور پر، جموڑیہ کو ٹریفک سے پاک بنانے کے اس اقدام سے شہر کے ٹریفک نظام کو بہتر بنانے اور ہموار اور پریشانی سے پاک نقل و حرکت کو یقینی بنانے کی امید ہے انتظامیہ اور تاجر تنظیموں کی مشترکہ کاوشیں شہر کی ترقی کی جانب ایک مثبت قدم ثابت ہوں گی۔

☆

موہشلا: درگا کی مورتی کا سر چوری، ملزم کو کھمبے سے باندھ کر پولس کے سپرد

